پہلی سے تیسری ڈگری تک کے فری میسن لاجوں
میں ہونے والی کاروائی کی مصدقہ و مسلمہ روداد

مترجم: عبدالرشید ارشد

تھنکرز فورم الریاض السعودیہ

FREEMASON'S OWN RITUAL

FREEMASON'S OWN RITUAL

پہلی سے تیسری ڈگری تک کے فری میسن لاجوں
میں ہونے والی کاروائی کی مصدقہ و مسلمہ روداد

مترجم: عبدالرشید ارشد

تهنكرز فورم الرياض السعوديه

پہلی سے تیسری ڈگری تک کے فری میسن لاجوں
میں ہونے والی کاروائی کی مصدقہ و مسلمہ روداد

فری میسنز کی اپنی مقدس رسوم کی کتاب

آئینہ

Turkey
Turkey
Syria
Beirut
Dmascus
OCCUPIED
PALESTINE
Baghdad
Iraq
Jerusalem
Dead Sea
Jordan
Basra
Cairo
Suez
Sinai
Kuwait
Gulf of
Suez
Gulf of Aqaba
Egypt
Saudi
Medina
Riyadh
Qatar
Arabia

ANNUIT COEPTIS
NOVUS ORDO SECLORUM

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○ وبہ نستعین ○

انتساب

مصباح الاسلام فاروقی کے نام

جو

فری میسن پر دو تحقیقی کتابچے

فری میسن ایک تجزیہ **Freemassonary - A Critical Study**

یہودی سازش اور مسلم دنیا **Jewish Conspiracy and The Muslim World.**

لکھنے کے بعد 'طبعی' موت سے 'کراچی کے ایک ہسپتال میں'
کائنات کے عظیم صانع کے روبرو پیش ہو گئے۔

اللہ تعالیٰ ان کی قبر کو کشادہ 'منور اور ٹھنڈا رکھے۔
آمین یارب العالمین 'یاارحم الراحمین

عبدالرشید ارشد
(ریاض 'سعودی عرب)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○ وبہ نستعین ○

مترجم کی گذارش

کسی شخص کی زبان سے فری میسن کا نام سنتے ہی بالعموم دہشت کا تصور ذہن میں ابھرتا ہے۔ اس تصور کو سنسان پڑی لاج کی عمارات اور مارکیٹ میں اسی تحریک کے تعارفی لٹریچر کے ناپید ہونے سے تقویت ملتی ہے۔ پاکستان میں پہلی مرتبہ فری میسن پر' ہمارے مرحوم دوست مصباح الاسلام فاروقی صاحب نے' دو کتابیں شائع کیں جن سے فری میسنری کے خدوخال سامنے آئے اور کتب کی اشاعت کے تھوڑا ہی عرصہ بعد وہ 'طبعی موت' کا شکار ہوگئے' یوں لوگوں کی اس سوچ کو پختگی مل گئی کہ یہ خفیہ دہشت پسند تحریک ہے' جو ہر اس شخص کی دشمن ہے جو اس کے راز بیان کرے' یا اس کے پراسرار مقاصد سے ٹکرانے کی کوشش کرے۔

خدا بھلا کرے ہمارے عزیز ترین ساتھی خالد عبدالغفور صاحب کا کہ ایک روز وہ کہیں سے "فری میسنز اون ریچوئل" لے آئے۔ جسے اردو زبان میں آپ کے لئے فری میسنز کی اپنی مقدس رسوم کی کتاب" کے نام سے پیش کیا جا رہا ہے۔ یہ کتاب ایک ماسٹر میسن (تیسری ڈگری کے رکن) کی لکھی ہوئی ہے اور اس طرح اس کے مندرجات بھی یقیناً معتبر ہیں۔

کتاب کے مطالعہ سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ فری میسن تحریک کے لوگ خدا پرست اور جذبہ خدمت خلق سے سرشار' اپنی لگن میں کرہ ارض پر چہار سو مصروف کار ہیں۔ اس تحریک کے بانی' عیسائی اور یہودی مشترکہ طور پر ہیں' مگر یہودیوں کا دعوی اس بنیاد پر ہے کہ جب بادشاہ سلیمان' جو اسرائیل کا بادشاہ تھا' یروشلم میں معبد (ہیکل) ہوا رہا تھا تو ہیکل کا چیف انجینئر' حرام ابف' ماسٹر میسن (Chief En-

gineer) تھا' جس سے تعمیراتی راز حاصل کرنے کے لئے تین سازشیوں نے اسے قتل کر دیا تھا اور ان کو گرفتار کرنے کے لئے سلیمان بادشاہ نے جن افراد کو منتخب کیا تھا وہ تین سمتوں کو روانہ ہونے سے پہلے تین گروہوں میں بٹ گئے تھے' جن کی بنیاد پر اسی وقت سے تین لاج بن گئے۔ تاہم امر واقع یہ ہے کہ لاج کی تشکیل بہت بعد میں ہوئی۔

لاج کی کاروائی کے دوران حلف وغیرہ کیلئے جو مقدس کتاب استعمال ہوتی ہے وہ قدیم و جدید عہد نامہ' تورات اور انجیل (Old and New Testament) ہے جس پر نہ یہودیوں کو اعتراض ہے نہ مسیحی بھائیوں کو اور خصوصاً اس لئے بھی کہ جس اونچی سوسائٹی کے لوگ اس تحریک میں شریک ہوتے ہیں' ان کے لئے مذہب یا مذہبی کتب پر توجہ' بہت زیادہ اہم نہیں ہوتی۔

کتاب میں جگہ جگہ سربستہ رازوں کا ذکر ہے مگر پوری کتاب میں جو کچھ بیان ہوا ہے وہ تو "کھلے راز" (Open Secrets) سے زیادہ کچھ نہیں ہیں اور اگر ایمانداری سے سبھی کچھ یہی ہے' تو عقل سوال کرتی ہے کہ پھر اپنے گرد اس قدر دبیز اور پختہ خول چڑھانے کی کیا ضرورت ہے۔ مثلاً یہ کہ لاج' جس میں اجتماع ہوتے ہیں راتوں میں کھلتے ہیں' لاج میں داخلے کا صرف ایک دروازہ ہے' نہ کوئی دوسرا دروازہ ہے' اور نہ کھڑکی ہے۔ (تینوں درجوں کے لاجوں کے نقشے کتاب میں دیئے گئے ہیں)' اجلاس موم بتی کی روشنی میں ہوتے ہیں' باہم شناخت کے خفیہ طریقے (مصافحہ اور پاس ورڈ) اور اسی نوع کی دوسری بہت سی باتیں ہیں' مگر بات یہی درست معلوم ہوتی ہے جس کا ذکر مصنف نے صرف ایک جگہ مختصراً کیا ہے کہ حقیقی راز لیکچر میں بتائے جاتے ہیں جو لکھے نہیں جاتے' سینہ بہ سینہ چلتے ہیں۔

اوپن سیکرٹس میں ایک بات بہر حال قابل توجہ ہے کہ فی الاصل فری میسن تحریک یہودی ہے اور میسن برادری پوری دنیا پر کنٹرول کیلئے ہے۔ اس دنیا میں مختلف

اقوام' مختلف نظام اور زندگی کے مختلف مقاصد ہیں جو ٹھوس حقائق کی صورت میں ہمارے سامنے ہیں۔ اس حقیقت کے باوجود یہودی تنظیم کا یہ عندیہ' دنیا کے ہر باشعور انسان کو دعوتِ فکر دیتا ہے۔ ویسے اگر آج ہم گرد و پیش کا جائزہ لیں تو یوں محسوس ہوتا ہے کہ اپنی محنت اور کوشش میں یہود بہت حد تک کامیاب ہیں مثلاً برطانیہ اور امریکہ کو یہودی موثر انداز میں کنٹرول کرتے ہیں' برطانیہ کا شاہی خاندان' پکا مسیحی ہونے کے باوجود' مسلمہ طور پر فری میسن کا سرپرست اعلیٰ ہے۔ امریکہ میں' یہودیوں کی ناراضگی کے بعد' نہ کوئی صدر کامیاب ہو سکتا ہے' نہ کوئی پالیسی موثر بن سکتی ہے۔ یہی حال کھلے چھپے اور کئی جگھوں پر روبہ عمل ہے' گویا یہودی اقلیت نے برطانیہ امریکہ وغیرہ کو اپنی کالونی بنا رکھا ہے' جبکہ دیگر ممالک کی اعلیٰ پالیسیوں پر بھی ان کا اثر کسی نہ کسی پہلو پایا جاتا ہے۔

فطری طور پر اپنے مذکورہ نصب العین کو حاصل کرنے کے لئے یہودیوں کو منظم بھی رہنا ہے اور قوت بھی حاصل کرنی ہے۔ تنظیم کے نقطہ نظر سے تو وہ مثالی ہیں کہ فری میسنری ہی نہیں' اس کی بے شمار ذیلی تنظیمیں بین الاقوامی طور پر موثر و منظم طور پر اس کی خدمت کر رہی ہیں (ان کے ممبران باہم ربط بڑھانے کے بعد' قابلِ اعتماد ثابت ہوتے ہیں انہیں فری میسن لاج میں متعارف کرایا جاتا ہے) ضروری نہیں کہ ہر ممبر اس بات سے باخبر ہو' کہ لائن انٹرنیشنل' روٹری انٹرنیشنل' رائیٹرز گلڈ' ڈائنرز کلب اور اسی نوع کے ادارے فری میسنز کے زیر اثر کام کرتے ہیں' فری میسن کی طرح یہ بھی بظاہر رفاہی ادارے ہیں مگر پورے وثوق سے یہ بات کہی جا سکتی ہے کہ اگر کوئی شخص ان اداروں سے متعلق تحقیق کرے تو اسی نتیجے پر پہنچے گا کہ ایسے ہر ادارے کے پس پردہ ممبران میں سے بعض خاموش طبع مگر موثر بزرگ' کسی اعلیٰ لاج سے بھی متعلق ہیں۔ یہ الگ بات ہے کہ ایسی کسی بھی تحقیق کے نتائج منظر عام پر آنے سے پہلے' خود تحقیق کنندہ کی 'طبعی' یا 'حادثاتی' موت کی خبر منظر عام پر آجائے۔

جب ہم قوت کی بات کرتے ہیں تو یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ دوسرے کی قوت زائل کرنے سے' یعنی اس کا رخ تعمیر سے تخریب کی طرف پھیرنے سے' یا قوت کے سرچشمہ پر کاری ضرب لگانے سے' یا ان کی اجتماعیت کو پارہ پارہ کرنے سے' ان کی قوت کو توڑا جا سکتا ہے۔ مسلمان اور یہودی کی دشمنی کا آغاز آج سے چودہ سو سال قبل حیات سرور دو عالم ﷺ میں ہی ہو گیا تھا' جو قیامت تک رہے گا' اسی طرح مسیحی برادری کی صلیبی جنگیں ختم نہیں ہوئیں بلکہ یہ ابھی جاری ہیں' 'گرم جنگ' نہ بھی ہو تو 'سرد جنگ' ہر لحہ لڑی جا رہی ہے۔ گویا یہودی ہوں یا مسیحی' دونوں کا مشترکہ دشمن مسلمان ہے' جس کی قوت کو توڑنے کے لئے انہیں ہر لحہ فکر ہے اور اپنی مقصد براری کے لئے ہندو سے مدد مل جائے یا کسی اور مسلم دشمن سے ان کی چاندی ہے۔ یہ کام آج ہر جگہ ہو رہا ہے۔ ملت مسلمہ کا گذرتا حال اس کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

اس پہلو سے جب ہم فری میسن تحریک کا جائزہ لیتے ہیں تو یہ بات سمجھنے میں کچھ الجھن سی ہوتی ہے کہ ایک مسلمان' اور وہ بھی تعلیمیافتہ' کس طرح اس مسلم دشمن تحریک کی رکنیت حاصل کر کے' مذموم مقاصد کے لئے ان کا دست و بازو بن سکتا ہے۔ گیا گذرا مسلمان بھی اس بات کا تصور نہیں کر سکتا کہ قرآن کی ہدایت کے بعد وہ مسلمہ طور پر محرف کتبِ مقدسہ کو راہنما تسلیم کر سکتا ہے۔ ان کتب پر ایمان لانا اور بات ہے اور قرآن کی موجودگی میں ان کو قابل تقلید تسلیم کر لینا قطعاً دوسری بات ہے جس کا ملت مسلمہ کے ہاں' متفقہ طور پر کوئی جواز نہیں ہے۔ عقل ماتم کرتی ہے اس مسلمان کے فہم و شعور کا' جو اللہ اور اس کے رسول اللہ ﷺ پر ایمان کا اقرار کرتا ہے' آخرت کی پرسش کی نفی نہیں کرتا اور 'عہد نامہ قدیم و جدید' پر بوسہ دے کر یا ہاتھ رکھ کر حلفِ وفاداری اٹھاتا ہے۔ جو شخص انجیل و تورات کا وفادار ہونے کا حلف اٹھاتا ہے وہ دراصل اسلام سے خارج ہونے کا اقرار کرتا ہے۔ کہ دونوں اقرار اکٹھے نہ مسلمان سے مطلوب ہیں' نہ نبھ سکتے ہیں۔

فری میسن لاج کے اندر داخلے کی مخصوص تیاری کو بغور دیکھا جائے اور اسے لاج کے اندر ہونے والے مکالمات کے ساتھ ملا کر کوئی شخص نتائج اخذ کرنا چاہے تو یہ بات اچھی طرح سمجھ میں آتی ہے کہ محض بنی نوع انسان کی خدمت اور ایک اللہ کی تائید و نصرت یا سائنسی علوم کی یافت کے لئے گلے میں پھندا اور ننگے سینے پر خنجر کی نوک رکھ کر حلف وفاداری کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ ایسا خوفناک منظر پیدا کر کے حلف لینا تو اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ حقیقی کام کی نوعیت خوفناک ترین ہے۔ جو مخصوص مصلحتوں کے سبب پس پردہ ہے۔

حلف لینے کے ایسے واقعات تو ڈاکوؤں سے متعلقہ پرانی داستانوں میں ملتے تھے' ایسے ہی ایک حلف کی داستان' جو مہذب ڈاکوؤں نے اپنے نئے ملازم سے لیا تھا' آپ کو سناتے چلیں۔ ہمارے ایک نہایت قابل احترام دوست نے اپنے ایک ملازم کو بعض مجبوریوں کے سبب فارغ کیا تو فیروز پور روڈ کی ایک مصالحہ فیکٹری میں کہہ سن کر بھرتی کرایا۔ یہ سن 1950ء کا واقعہ ہے' شام کو ملازم آیا تو کہنے لگا راجا صاحب' فیکٹری والوں نے کہا ہے کہ اگر کل تم قرآن پر ہاتھ رکھ کر یہ اقرار کرو گے کہ یہاں کے راز باہر کسی حال میں ظاہر نہ کرو گے تو ہم ملازم رکھیں گے ورنہ کل کام پر نہ آنا۔ راجا صاحب نے اس سے کہا کہ تم کل حلف اٹھالو اور راز سیکھ لو پھر خدانخواستہ وہ راز درست نہ ہوئے تو قسم توڑ دینا' کفارہ میں ادا کر دوں گا۔ اگلے روز ملازم گیا' اس نے حلف اٹھالیا تو اسے ہر مصالحہ میں ملاوٹ کرنے کا گُر اور ملاوٹ کئے جانے والے مواد کی نسبت ملاوٹ' سمجھائی گئی۔ شام کو آیا تو پریشان حال تھا' کفارہ راجا صاحب کے ذمہ آیا کہ پھر وہ کبھی نہ گیا۔ اس فیکٹری کا دعویٰ تھا کہ ملاوٹ ثابت کرنے والے کو پانچ صد نقد انعام دیا جائے گا۔ کچھ اسی طرح کا دعویٰ فری میسن تحریک کا ہے کہ ہر جگہ (بعض مسلمانوں سے بھی بڑھ کر) توحید کا ذکر ہے' اللہ کی تائید و نصرت کی طلب ہے' اللہ ہی کو خالق و مالک تسلیم کیا گیا ہے' خیر۔

کتاب کے ترجمہ میں ہم نے امکانی حد تک کوشش کی ہے کہ ان کے الفاظ کا نزدیک ترین مفہوم ادا ہو اور اپنی طرف سے کوئی بات نہ کہی جائے (بجز اس گذارش کے) تاکہ قاری خود مطالعہ کر کے نتائج اخذ کرے۔ پاکستان اور بعض عرب ممالک میں بظاہر یہ تحریک پابندی کا شکار ہے' کیونکہ جناب بھٹو نے اس کے لاج بحقِ سرکار ضبط کر کے' تنظیم کا وجود ختم کر دیا تھا مگر امر واقع یہ ہے کہ اسی دن سے' پہلے کی نسبت اور زیادہ' یہ تحریک زیر زمین چلی گئی تھی' یہ آج بھی پاکستان میں فعال ہے' اس کی ذیلی ایجنسیاں فعال ترین ہیں۔ عین ممکن ہے کہ ہمارے بہت سے فیصلوں پر اثر انداز بھی ہوتی ہوں۔ اور ہمیں اس کا صحیح ادراک نہ ہو۔ کون جانتا ہے کہ آپ کے دائیں یا بائیں' سامنے اور پیچھے کا 'شریف النفس' انسان مخصوص 'برادر' ہی ہے۔ پاکستان میں برادران سینکڑوں نہیں ہزاروں ہیں اور فری میسن مقاصد کی تکمیل کیلئے مصروف ترین۔

اس کتاب کی تکمیل تک مختلف احباب کا تعاون حاصل رہا۔ میں یہاں کسی کا نام لکھ کر فری میسن کے دشمنوں کی فہرست میں اضافہ نہیں کرنا چاہتا۔ رہا راقم الحروف کا معاملہ' تو جان جس کی امانت ہے اسی کے سپرد' معینہ وقت اور جگہ سے پہلے خود موت حفاظت کرے گی پھر طے شدہ گھڑی اور معینہ مقام پر جب یہ وارد ہوگی تو کوئی حفاظت کام نہ آئے گی۔ تاہم اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ وہ زندہ رکھے تو اپنی پسندیدگی کی حالت میں اور جب بلائے تو اس حال میں کہ وہ خوش ہو۔ آمین۔ اس سے بڑھ کر کوئی آرزو نہیں' کوئی تمنا نہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کی یہ کوشش قبول کر لے کہ خالصتاً اسی کے لئے کی ہے۔

آمین یا رب العالمین' یا ارحم الراحمین

ریاض' سعودیہ

10 اکتوبر' 1984ء　　　　　　عبدالرشید ارشد

Plan 1.—The Floor of the Lodge.

Showing Position of Officers, Craftsmen and Furniture.

فری میسن لاج کا فرش اور افسران و ممبران کی نشستوں کی ترتیب

فری میسنز کی اپنی مذہبی رسوم

تعارف

اصل کتاب کے مطالعہ سے قبل یہ ضروری ہے کہ قاری فری میسن لاج کے متعلق کچھ معلومات حاصل کر لے۔

ایک فری میسن لاج میں مندرجہ ذیل افسران ہوتے ہیں :

1. ورشپ فل ماسٹر (پیشوا)
2. سینئر وارڈن (محافظ اول)
3. جونیئر وارڈن (محافظ ثانی)
4. سینئر ڈیکن (نائب اول)
5. جونیئر ڈیکن (نائب ثانی)
6. اندرونی محافظ (انر گارڈ)
7. بیرونی محافظ (آوٹر گارڈ یا ٹائلر)

ورشپ فل ماسٹر کا انتخاب ہر سال ہوتا ہے اور اس کے لئے ضروری ہے کہ پیشتر ازیں وہ ایک سال تک بالترتیب محافظ ثانی اور محافظ اول کے عہدوں پر کام کر چکا ہو۔ اگرچہ یہ لازم تو نہیں مگر بہتر خیال کیا جاتا ہے کہ ورشپ فل ماسٹر نے ٹائلر یا آوٹر گارڈ سے شروع کر کے ہر عہدے پر کام کیا ہو' مثلاً آوٹر گارڈ' انر گارڈ' نائب ثانی' نائب اول' محافظ ثانی' محافظ اول اور پھر ورشب فل ماسٹر۔

یہ امر بھی یہاں واضح کر دینا ضروری ہے کہ لاج کے اندر' جب لاج میں اجلاس وغیرہ ہو رہے ہوں' کوئی تحریری ضابطہ' کوئی نقشہ یا دوسرا کوئی تحریری مواد رکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ یہاں ہر کام حافظے کی بنیاد پر انجام دیا جاتا ہے جیسا کہ لیکچرز وغیرہ ہوں۔ ورشپ فل ماسٹر مشرق کی جانب بیٹھتا ہے اور بالعموم اس کی نشست

ایک پلیٹ فارم پر ہوتی ہے۔ اس ڈائس کی تین سیڑھیاں ہوتی ہیں۔ اس کے بائیں جانب اس کے پہلے پیش رو کی نشست ہوتی ہے' پھر علیٰ الترتیب ماضی کے ورشپ فل ماسٹر اپنی اپنی نشست پر بیٹھتے ہیں جبکہ دائیں سمت کی تمام نشستیں معزز مہمانوں کے لئے مخصوص ہوتی ہیں۔ ورشپ فل ماسٹر کے سامنے ایک تپائی قسم کی تین فٹ اونچی میز ہوتی ہے' جس پر دوران اجلاس کتاب مقدس (انجیل) کھلی رکھی جاتی ہے جس کے اوپر لاج کے درجے کی مناسبت سے ایک پرکار اور نصف مربع کو یوں رکھا جاتا ہے۔ ضابطے کے مطابق پہلی ڈگری کے لاج میں پرکار کے دونوں نوکدار سرے مربع کے نیچے ہوں گے' دوسری ڈگری میں ایک سرا مربع کے اوپر دوسرا نیچے ہوگا جبکہ تیسرے ڈگری میں دونوں نوکیلے سرے مربع کے اوپر رکھے جاتے ہیں۔

ورشپ فل ماسٹر اور دونوں محافظوں (اول اور دوم) کے پاس لکڑی کے ہتھوڑے ہوتے ہیں جن کی ضرب سے وہ 'برادران' کو متوجہ کرتے ہیں۔ ہتھوڑے کی یہ ضربیں سامنے پڑے میز پر لگائی جاتی ہیں جو تینوں حضرات کے سامنے ہوتے ہیں ماسوائے بعض مواقع کے' جب نائب محافظ اپنے 'ڈنڈے' سے میز بجاتا ہے تاکہ آواز لاج کے باہر نہ جائے۔ محافظ اول کی کرسی دو درجے عام کرسیوں سے بلند ہوتی ہے جبکہ محافظ دوم کی صرف ایک درجہ بلند رکھی جاتی ہے۔

انگلستان کا گرینڈ لاج صرف تین ڈگریوں کو ہی تسلیم کرتا ہے' یہ اینٹرڈ اپرنٹس' فیلو کرافٹ اور ماسٹر میسن ہیں۔ مقدس شاہی سرپرست بھی اسی میں شامل ہے اور زیادہ سے زیادہ اسے ماسٹر میسن کی تکمیل کہا جا سکتا ہے۔ دوسری تمام ڈگریاں گرینڈ لاج کے نزدیک "غیر مطلوب اور فالتو" ہیں۔ اگرچہ بہت سے میسنز کے پاس یہ ڈگری یعنی 'مارک ڈگری' ہے' جسے تسلیم کیا جانا چاہئے۔

ہر لاج کا نام اور نمبر ہے اور اسے معلوم کرنے کا طریقہ بالعموم یہ ہے کہ مخاطب سے کہا جاتا ہے "تمہاری ماں کون ہے" یا "تمہاری نانی کون ہے" جس کے

جواب میں لاج کا نام اور نمبر بتایا جاتا ہے مثلاً 'پورٹ ماؤتھ 487' وغیرہ۔ ہر لاج کو کام کرنے کے لئے گرینڈ لاج سے 'پروانہ' لینا پڑتا ہے جس کے بغیر کوئی لاج کام نہیں کر سکتا۔ اور اجلاس کے دوران یہ اجازت نامہ سامنے نمایاں نظر آنا لازمی ہے۔ ہر لاج خواہ کسی ڈگری کا ہو' پہلی ڈگری کے لاج کی طرح ہی کھلے گا اور بند بھی ہوگا۔ تاہم اس کے اجلاس کی کاروائی اپنی اپنی ڈگری کے مطابق ہوگی۔

تمام نئے امیدواران کے لئے رائے شماری ہوگی مگر اس وقت جب وہ لاج میں شمولیت کے لئے تحریری آمادگی پر دستخط کر دیں گے اور ان کو لاج کے دو ممبران کی تائید بھی حاصل ہو جائے گی۔ اس تحریر کے بعد لاج ایک ماہ تک امیدوار کے چال چلن کی تحقیق کرے گا اور تسلی بخش ہونے کی صورت میں رائے شماری ہوگی جس کے لئے ہر میسن کو دو' سیاہ اور سفید 'بال' دیئے جائیں گے جو اس نے رائے شماری کی صندوقچی میں ڈالتے ہیں۔ سفید گیند' امیدوار کی قبولیت کے لئے اور سیاہ اس کی ممبری کی درخواست رد کرنے کے لئے۔ صندوقچی سے تین سیاہ 'بال' بر آمد ہونے کا مقصد درخواست کی نامنظوری ہے اگرچہ لاج کے ضوابط کے تحت دو گیند بر آمد ہونا بھی کافی ہے۔ سینئر لاج میں گولے تو صرف سفید ہی رہتے ہیں مگر صندوقچیاں دو رکھ دی جاتی ہیں۔

مختلف لاج مختلف طریقوں پر کاربند ہیں مگر "ایمولیشن لاج آف امپرووینٹ" کا مقدس ضابطہ سب سے درست تسلیم کیا جاتا ہے' جس میں لاج کھلنے سے پیشتر تمام ممبران "ہیل اٹرنل" (اے ہمیشہ رہنے والے) کا ترانہ گاتے ہیں جس کے بول اور موسیقی کی دھن یہ ہے:

1. "...... ہمیشہ رہنے والے کے نام سے جسکے سبب ساری تخلیق ہوئی"
"جنت اور زمین جس کی وسیع نشانی ہے"
"اے مقدس صانع

...... ہماری (فریاد)

سن"

2. ہمارا کام، تیرے نام سے شروع ہو، ہمیشہ ہمیں تیری تائید حاصل رہے، اور جب ہم کام ختم کرلیں تو تیری دی ہوئی خوشی اور امن سے جدا ہوں۔

3. تیری پُروقار عظمت سے، تیری ذات پر ہمارے اعتماد سے، علامات اور نشاناتِ تصوف سے، مقدس خالق ہماری فریاد سن۔

اُمیدوار کے باقاعدہ ممبر بن جانے کے بعد روح کی کاروائی ختم ہو جاتی ہے تو باہم سماجی نوعیت کی نشست کا اہتمام ہوتا ہے جس میں نیا ممبر ورشپ فل ماسٹر کے دائیں جانب بیٹھتا ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ نیا ممبر اس کا مہمان ہے۔ اس مجلس میں میز 'نعل' (U) شکل کی ہوتی ہے جس کے وسط میں ورشپ فل ماسٹر کی نشست ہوتی ہے اس حال میں "اینٹرڈ اپرنٹس" (نئے مہمان) کا گانا گایا جاتا ہے، جس کا وہ مناسب جواب دیتا ہے۔ اس نوع کے ایک پرانے گانے کے بول اور موسیقی کی دھن یوں ہے:

1. آؤ ہم سب بھائی ملکر تیاری کریں، جو خوشی کے موقع پر جمع ہوئے ہیں، آؤ شراب پیئیں، ہنسیں اور گائیں، ہماری شراب ایک چشمہ ہے ہر قبول کیئے گئے میسن کیلئے صحت ہے۔

2. دنیا ہمارے راز جاننے کیلئے سخت اذیت میں ہے، انہیں اسی طرح پریشان حال بھٹکنے دو، وہ کبھی نہ کوئی نشانی پا سکیں گے نہ کوئی اشارہ، ایک آزاد اور مسلمہ فری میسن کے ساتھ۔

3. 'یہ' ہے اور 'وہ' ہے' کبھی نہ بتا سکیں گے کہ ہے کیا؟ قوم

کے بہت بڑے بڑے لوگ آخر کیوں ایک جان ہونے کیلئے ایپرن پہنیں ایک آزاد اور مسلمہ فری میسن کے ساتھ۔

4. بڑے بڑی بادشاہ' ڈیوک اور لارڈ ہتھیار ڈال چکے' یہ ہماری عظمت کو چار چاند لگتا ہے' اور کبھی انہوں نے اس میں شرمندگی محسوس نہیں کی' ایک آزاد اور مسلمہ فری میسن کے ساتھ۔

5. ہمیں قدیم ترین ہونے پر بجا فخر ہے' اس (صفت) نے انسانوں کو متقیم بنایا' اس میں 'کچھ' نہیں مگر سمجھنے کیلئے بہت 'کچھ' ہے' ایک آزاد اور مسلمہ فری میسن کیلئے۔

6. ہم سچے ہیں' مخلص ہیں' انصاف پسند اور خیر خواہ ہیں' کسی مرحلے پر تو وہ ہمارا یقین کر لیں گے' فانی انسان ایک عورت کے محبوب سے زیادہ کیا ہو سکتا ہے' ایک آزاد مسلمہ فری میسن کی نسبت۔

.... سب لوگ ایک دوسرے کے ہاتھ پکڑ کر کھڑے ہو جاتے ہیں۔

7. ایک دوسرے کے شانہ بشانہ کھڑے ہونے کے لئے ہاتھ سے ہاتھ ملاؤ۔ آؤ خوشی منائیں اور چہروں کو تابندہ بنائیں۔ ایک فانی اپنی بڑائی کیا بیان کر سکتا ہے' ایک روٹی کا ٹکڑا بھی اعلیٰ ہے۔ بطور ایک آزاد اور مسلمہ فری میسن۔
پھر مل کر گاتے ہیں: "ایک فانی اپنی بڑائی کیا بیان کر سکتا ہے۔ بطور ایک آزاد اور مسلمہ فری میسن"

☆ چھٹے بول کے متعلق کہا جاتا ہے کہ یہ رابرٹ برن نے لاج سے الوداع ہوتے وقت کہا تھا۔

کچھ فری میسن حضرات کا خیال ہے کہ میسنز کے ہاں بعض خفیہ روایات بھی ہیں جن کا علم گنتی کے چند لوگوں کو ہے جو مندرجہ ذیل وجوہ کی بنا پر صحیح نہیں ہے۔ پرانے وقتوں میں کسی شخص کیلئے ناپسندیدہ علم رکھنا خطرات کو انگیخت کرنے کے

مترادف تھا' خصوصاً مذہب اور سائنس کے شعبے میں خاص نظریہ لہذا ایسے لوگ 'مناسب' لوگوں کو یہ علم منتقل کر دیا کرتے تھے۔ بلاشبہ فری میسن کے رموز و اشارات اپنے اندر گہرے معانی رکھتے ہیں۔ وہی رموز و اشارات جو لاج میں ہر میسن کے سامنے بظاہر عیاں ہوتے ہیں مگر صرف اسی میسن کو سمجھائے جاتے ہیں جو اس کی صلاحیت رکھتا ہو۔ یہ تو بڑی ہی معروف بات ہے کہ مناسب ترین شخص سے کچھ بھی نہیں چھپایا جاتا' یہ مناسبت کسی کو دی نہیں جا سکتی بلکہ یہ تو متعلقہ شخص اپنے اندر پیدا کرتا ہے۔

مقدس ضابطے کا مطالعہ شروع کرنے سے پہلے یہ جاننا بھی اچھا ہے کہ سینئر اور جونیئر محافظ کے سامنے فرش پر رکھے گئے میز کے پہلو میں چھوٹا اور بڑا کالم ان کو دی گئی ذمہ داری کی نشاندہی کرتے ہیں اور یہ نشانات قدیم یونانی طرز تعمیر سے اخذ کردہ ہیں۔ ورشپ فل ماسٹر کے سامنے یونانی تہذیب کی عکاسی کرنیوالا موم بتی سٹینڈ رکھا ہوتا ہے۔ موم بتی صرف اس وقت جلائی جاتی ہے جب لاج اپنا کام شروع کرتا ہے بلکہ پہلے اور دوسرے لاج میں تو اجلاس ہوتا ہی موم بتی کی روشنی میں ہے۔ جبکہ تیسری ڈگری میں صرف ورشپ فل ماسٹر کی موم بتی جلتی ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ وہی 'چمکتا ستارہ' ہے۔ لاج کے کھلنے کے بعد سے یہ کبھی بجھائی نہیں جاتی۔

انگلینڈ کے 'یونائیٹڈ گرینڈ لاج' نے لاج کے قوانین و ضوابط مرتب کئے ہیں جو ہر ممبر کو مہیا کئے جاتے ہیں (محض ذاتی استعمال کیلئے اور لاج میں ساتھ نہیں لائے جا سکتے) لاج کا ہر کرافٹ آفیسر ایک مخصوص کالر پہنتا ہے جس پر ہلکے آسمانی رنگ کا چار انچ چوڑا ربن ہوتا ہے اور اس پر عہدے کی مناسبت سے چاندی کے بنے 'نشانات' مندرجہ ذیل ترتیب سے ہوتے ہیں:

1. ورشپ فل ماسٹر (نصف مربع)
2. سابق ورشپ ماسٹرز۔ ایک زنجیر میں لٹکتی چاندی کی تختی پر کھدا ہوا نصف مربع اور کتاب کا مخصوص نشان

3. سینئر وارڈن (لیول کا نشان)
4. جونیئر وارڈن ۔ پلمب رول
5. چیپلن ۔ ایک کتاب کے اوپر مثلث اور فتح کا نشان
6. خزانچی ۔ چابی
7. سیکرٹری ۔ ایک ربن سے بندھے ہوئے دو قلم
8. ڈائریکٹر تقریبات ۔ دو چھڑیاں ربن سے بندھی
9. ڈیکن سینئر اور جونیئر ۔ فاختہ جس کی چونچ میں زیتون کی شاخ ہے
10. آلمونر ۔ اہم کاغذات کے تھیلے پر بادل
11. آرگن بجانے والا ۔ لائیر ۔ قدیم یونان کا مخصوص اوزار
12. اندرونی محافظ ۔ دو تلواریں (کراس کرتی ہوئیں)
13. سٹیورڈز ۔ پرکار کے دونوں بازوں کے درمیان سینگ کی شکل کا برتن
14. بیرونی محافظ یا ٹائلر ۔ ایک تلوار

مختلف عہدوں کیلئے ایپرن بھی حسب ذیل ہوتے ہیں :

1. اینٹرڈ اپرنٹس کیلئے ۔ بھیڑیے کے بچے کا سادہ سفید چمڑہ' 14 سے 16 انچ چوڑا اور 12 سے 14 انچ لمبائی میں' نیچے کی سمت مربع' سفید تسموں کے ساتھ۔
2. فیلو کرافٹ کیلئے ۔ مذکورہ طریقے کا چمڑہ مگر نیچے کی سمت دو آسمانی نیلے رنگ کے پھول۔
3. ماسٹر میسن کیلئے ۔ مذکورہ سفید کھال جس پر 2 انچ گہری ہلکی نیلی دھاریاں' فلیپ پر پھول کا اضافہ اور چاندی کا 'ٹاسل' (رسیوں کو باہم جوڑ کر بنایا گیا) کوئی دوسرا نشان یا عہدہ ماسوائے ماسٹر میسن اور ماضی کے ماسٹر میسوں کے نہیں دیا جاتا۔
4. ماسٹر اور پاسٹ ماسٹرز ۔ ربن یا چاندی کے تین 'لیول'

☆ لاج کے اندر ہلکے نیلے رنگ کے ریشمی دستانے جن پر سفید کشیدہ کاری کی ہوتی ہے افسران ہی استعمال کرتے ہیں۔

یہ بتانا بھی کم اہم نہیں ہے کہ لاج کے اندر اخلاق سکھانے کے بہت سے طریقے ہیں' مثلاً کھردرا ایشلر، مکمل ایشلر (ایشلر' مکعب نما بلاک) جو چھوٹی سی کرین کے ساتھ معلق ہے اور اس کا کنٹرول مغرب کی سمت ہے' یہ قوت کی مظہر علامت ہے۔

مذکورہ باب میں پیش کی گئی تمام معلومات کے ماخذ مندرجہ ذیل ہیں: (ہم نے کتابوں کے نام کا ترجمہ نہیں کیا۔ مصنف کا نام بریکٹ میں ہے)

1. "پرفیکٹ ایشلر" (لارنس)
2. "فری میسنری اینڈ اٹس ایٹیکس" (لیوس)
3. "دی کی سٹون" (لارنس)
4. "سائڈ لائیٹس آف فری میسنری" (لارنس)
5. "بائی ویز آف فری میسنری" (لیوس)
6. "گرینڈ لاج بک آف کانسٹی ٹیوشنز"
7. "گرینڈ لاج ییرَ بک اینڈ لسٹ آف لاجز"
8. "ایڈوانسڈ فری میسنری" (پبلشر ریوز)
9. "ان سائیکلوپیڈیا آف فری میسنری" (مکی)
10. "ہسٹری آف فری میسنری" (گولڈ)
11. "فری میسنز' آل ان آل۔ دی ماسٹر" (ہومز اینڈ ڈلی مور)
12. "ہولی رائل آرچ۔ ریچول آف دی سیریز" (ہومز اینڈ ڈلی مور)
13. "دی پرنسپل' فل اینڈ کمپلیٹ گائیڈ ٹو دی لا' پروسیجر اینڈ ایٹی کیٹ آف دی ہولی رائل آرچ" (ہومز اینڈ ڈلی مور)

پہلی ڈگری کا 'لاج' کھولنے کی تقریبات

(برادران کے جمع ہونے اور لباس تبدیل کرنے کے بعد ورشپ فل ماسٹر اپنے ہتھوڑے سے میز پر ضرب لگائے گا جس پر سینئر اور جونیئر وارڈن جواب دیں گے) (یہی عمل دوسرے اور تیسرے لاج کی ابتدائی تقریب میں بھی ہوتا ہے)

ورشپ فل ماسٹر: برادران لاج کے کھولنے میں میری مدد کریں۔ (تمام حاضرین کھڑے ہو جاتے ہیں)

ورشپ فال ماسٹر: جونیئر وارڈن سے مخاطب ہو کر (نام سے پکارتے ہیں) برادر (فلاں) ہر میسن کی پہلی احتیاط کیا ہے؟

جونیئر وارڈن: وہ یہ تسلی کرے کہ لاج مکمل طور پر 'ٹائیلڈ' یعنی بند ہے (یعنی کسی دوسرے کے داخل ہونے کا امکان نہیں ہے)

ورشپ فل ماسٹر: اس کام کے لئے متعلقہ فرد کو ہدایت کرو۔

جونیئر وارڈن: اندرونی محافظ سے مخاطب ہو کر (نام سے پکارتا ہے) برادر (فلاں) تسلی کریں کہ لاج باقاعدگی سے بند ہے۔ (اندرونی محافظ تین بار دستک دیتا ہے اور اس مخصوص دستک کا ویسا ہی جواب بیرونی محافظ دیتا ہے جس کے بعد)

اندرونی محافظ: جونیئر وارڈن سے مخاطب ہو کر کہتا ہے: برادر (فلاں) لاج

باقاعدگی سے 'سیل' ہے۔

ورشپ فل ماسٹر : سینئر وارڈن سے (نام لے کر) مخاطب ہوتا ہے' برادر (فلاں) ہماری دوسری احتیاط کیا ہے۔

سینئر وارڈن : یہ دیکھنا کہ سبھی حاضرین میسن برادران ہی ہیں (کوئی دوسرا تو ہم میں نہیں ہے)

ورشپ فل ماسٹر : (پہلی ڈگری میں) تمام برادران کو پہلی ڈگری کے نشانات کے مطابق کھڑے ہونے کا حکم دیتا ہے۔ (یہ ترتیب دوسری جگہ ملے گی)

ورشپ فل ماسٹر : جونیئر وارڈن سے مخاطب ہو کر' برادر جونیئر وارڈن لاج میں کتنے اعلیٰ افسران ہیں؟

جونیئر وارڈن : تین' ورشپ فل ماسٹر' سینئر اور جونیئر وارڈن

ورشپ فل ماسٹر : سینئر وارڈن سے مخاطب ہو کر' برادر سینئر وارڈن لاج میں کتنے نائب افسران ہیں؟

سینئر وارڈن : بیرونی محافظ (ٹائلر) کے علاوہ تین' سینئر اور جونیئر ڈیکن کے ساتھ اندرونی محافظ بھی۔

ورشپ فل ماسٹر : جونیئر وارڈن سے' برادر جونیئر وارڈن ٹائلر یا بیرونی محافظ کا مقام کہاں ہے؟

جونیئر وارڈن : لاج کے بیرونی دروازے کے ساتھ۔

ورشپ فل ماسٹر : (اسی سے) اس کی ذمہ داری کیا ہے؟

جونیئر وارڈن : اس کی ذمہ داری' ننگی تلوار ہاتھ میں لئے یہ خیال رکھنا ہے کہ کوئی مداخلت کار اور میسن دشمن لاج میں گھسنے نہ پائے اور تمام امیدواران حقیقی تیاری سے ہوں۔

ورشپ فل ماسٹر : سینئر وارڈن سے' برادر سینئر وارڈن' اندرونی محافظ کا مقام کیا

ہے؟

سینئر وارڈن : لاج میں داخل ہونے کی جگہ پر مقیم رہنا۔ (دروازے کے اندر کی جانب لاج میں)

ورشپ فل ماسٹر : (اسی سے) اس کے فرائض کیا ہیں؟

سینئر وارڈن : میسن برادران کو شناخت کے بعد لاج میں آنے کی اجازت دینا اور امیدواران کو صحیح حالت میں اندر قبول کرنا' جونیئر وارڈن کے حکم کی تعمیل کرنا۔

ورشپ فل ماسٹر : برادر جونیئر وارڈن' جونیئر ڈیکن کی جگہ کہاں ہے؟

جونیئر وارڈن : سینئر وارڈن کے دائیں جانب۔

ورشپ فل ماسٹر : (اسی سے) اس کے فرائض کیا ہیں؟

جونیئر وارڈن : سینئر وارڈن سے ورشپ فل ماسٹر کے تمام احکامات لے کر جونیئر وارڈن تک پہنچانا اور یہ دیکھنا کہ ان احکامات پر ٹھیک ٹھیک عمل ہوتا ہے۔

ورشپ فل ماسٹر : سینئر وارڈن سے' برادر سینئر وارڈن' سینئر ڈیکن کا مقام کہاں ہے؟

سینئر وارڈن : ورشپ فل ماسٹر کے دائیں جانب۔

ورشپ فل ماسٹر : اس کے فرائض کیا ہیں؟

سینئر وارڈن : ورشپ فل ماسٹر کی طرف سے ہدایات و احکامات لیکر سینئر وارڈن کو پہنچانا اور جونیئر ڈیکن کے ذریعے عملدرآمد کی رپورٹ لینا۔

ورشپ فل ماسٹر : جونیئر وارڈن سے' بردار جونیئر وارڈن! لاج میں تمہارا مقام کہاں ہے؟

جونیئر وارڈن : لاج کے جنوب میں۔

ورشپ فل ماسٹر : تمہیں وہاں کیوں متعین کیا گیا ہے؟

جونیئر وارڈن : "سورج کی نصف النہار پر نشاندہی کرنا" برادران کو مشقت سے تفریح کی طرف بلانا اور تفریح سے کام کی طرف تاکہ خوشی اور منافع حاصل ہو۔

ورشپ فل ماسٹر : برادر سینئر وارڈن! لاج میں آپ کی جگہ کونسی ہے؟

سینئر وارڈن : مغرب کی سمت۔

ورشپ فل ماسٹر : تمہیں مغرب میں کس لئے متعین کیا گیا ہے؟

سینئر وارڈن : غروب ہوتے سورج کی علامت کے طور پر لاج کو ورشپ فل ماسٹر کے حکم پر بند کرنے اور یہ دیکھنے کے لئے کہ ہر 'برادر' نے اپنا حصہ وصول کر لیا ہے۔

ورشپ فل ماسٹر : پاسٹ ماسٹر اور سینئر وارڈن سے' ماسٹر کا مقام کہاں ہے؟ (یہ ماضی قریب کے ورشپ فل ماسٹر سے پوچھا جاتا ہے نہ ہو تو سینئر وارڈن سے)

پاسٹ ماسٹر : مشرق میں (یعنی لاج کی مشرقی جانب)

ورشپ فل ماسٹر : اسے وہاں کیوں متعین کیا گیا ہے؟

پاسٹ ماسٹر : کیونکہ دن کو روشن کرنے کے لئے سورج مشرق سے طلوع ہوتا ہے پس ورشپ فل ماسٹر کو لاج کھولنے کے لئے' برادران کو ہدایات اور احکامات دینے کے لئے مشرق میں متعین کیا گیا ہے۔

ورشپ فل ماسٹر : اب جب کہ لاج کھولنے کی کاروائی مکمل ہو چکی۔ آؤ مل کر کائنات کے عظیم صانع سے مدد و اعانت طلب کریں کہ ہماری محنت کو بار آور کرے' ہم سکون و اطمینان سے کاروائی مکمل کریں اور خوش و خرم لاج کو بند کریں۔

پاسٹ ماسٹر : (صرف وہی) آمین (یعنی خدا ایسا ہی کرے)۔

ورشپ فل ماسٹر : برادران' میں کائنات کے عظیم صانع کے نام سے فری میسنز کے

پہلے درجے (اینٹرڈ اپرنٹس) کا لاج کھلنے کا اعلان کرتا ہوں۔ اس موقع پر ورشپ فل ماسٹر تین بار مخصوص انداز میں ہتھوڑے کی ضرب لگاتا ہے جس کی پیروی سینئر اور جونیئر وارڈن بھی 'دستک' دے کر کرتے ہیں۔ پاسٹ ماسٹر آگے بڑھ کر مقدس قانون کی کتاب کو کھول کر اس کے اوپر پہلی ڈگری کی علامت نصف مربع رکھ کر اس کے دونوں سروں کے نیچے پرکار کے دونوں نوکدار سرے رکھ دیتا ہے۔ سینئر وارڈن لکڑی کا بنا ہوا ایک 'کالم' ستون سا اپنے سامنے کھڑا کر لیتا ہے اور جونیئر وارڈن ویسا ہی ستون سامنے لٹا لیتا ہے۔ تمام برادران ورشپ ماسٹر کے بیٹھنے کے ساتھ ہی اپنی اپنی نشستیں سنبھال لیتے ہیں۔ جونیئر ڈیکن ٹریسنگ بورڈ کا 'چارج' سنبھال لیتا ہے۔

(پہلی ڈگری کے لاج کھلنے کی تقریب ختم ہوتی ہے)

پہلی ڈگری کے 'لاج' کو بند کرنے کی تقریب

(ورشپ فل ماسٹر اپنے ہتھوڑے سے ایک 'دستک' دیتا ہے جس کا جواب جونیئر اور سینئر وارڈن دیتے ہیں)

ورشپ فل ماسٹر : برادران لاج بند کرنے میں میری مدد کریں (اس پر سب کھڑے ہو جاتے ہیں)

ورشپ فل ماسٹر : برادر جونیئر وارڈن' ہر میسن کیلئے مستقل حفاظت کیا ہے؟

جونیئر وارڈن : اس بات کا یقین کر لینا کہ لاج مکمل طور پر بند (سیل) ہو چکا ہے۔

ورشپ فل ماسٹر : اس فرض کی ادائیگی کیلئے ہدایات جاری کریں۔

جونیئر وارڈن : انر گارڈ (اندرونی محافظ) سے' اس بات کی تسلی کرو کہ لارج مکمل طور پر 'ٹائلڈ' (یعنی بند) ہے۔

(اس پر اندرونی محافظ تین بار مخصوص انداز میں 'دستک' دے کر جونیئر وارڈن سے مخاطب ہو کر کہتا ہے کہ برادر جونیئر وارڈن لاج مکمل طور پر بند ہے)

جونیئر وارڈن : تین بار مخصوص 'دستک' دینے کے بعد کہتا ہے' اور اس موقع پر پہلی ڈگری کا علامتی نشان بھی دکھاتا ہے' برادر ورشپ فل ماسٹر لاج مکمل طور پر بند ہے۔

ورشپ فل ماسٹر : برادر سینئر وارڈن' دوسری احتیاط کونسی ہے؟
سینئر وارڈن : یہ کہ برادران' مکمل طور پر میسن ضوابط کے مطابق ہوں۔
ورشپ فل ماسٹر : برادران پہلی ڈگری کے میسنز کی ترتیب اختیار کریں۔ (سب اسی ترتیب سے ہو جاتے ہیں)
ورشپ فل ماسٹر : برادر سینئر وارڈن' لاج میں آپ کا مستقل مقام کونسا ہے؟
سینئر وارڈن : مغرب میں۔
ورشپ فل ماسٹر : آپ مغرب میں کیوں ہیں؟
سینئر وارڈن : کیونکہ سورج مغرب میں غروب ہوتا ہے جو دن کے ختم ہونے کا اعلان ہے۔ اسی لئے ورشپ فل ماسٹر کے حکم سے لاج بند کرنے کیلئے سینئر وارڈن مغرب میں متعین ہے۔
ورشپ فل ماسٹر : برادران آیئے لاج بند کرنے سے پہلے عظیم صانع کا اس کی عنایات کے لئے جو ہمیں نصیب ہوئی ہیں' شکر ادا کریں اور اپنے عجز کا اظہار کریں کہ اس کی مدد ہمیں سدا نصیب ہے۔
ماضی قریب کا ماسٹر : آمین۔ (صرف وہی کہے گا)
ورشپ فل ماسٹر : برادر سینئر وارڈن' شام کو مزدوری ختم ہو گئی' میں تمہیں لاج بند کرنے کا حکم دیتا ہوں۔ (اپنے بائیں ہاتھ سے تین بار مخصوص دستک دیتا ہے)
سینئر وارڈن : برادران' عظیم صانع کے نام اور ورشپ فل ماسٹر کے حکم سے میں لاج بند کرتا ہوں۔ (تین بار مخصوص دستک دیتا ہے اور 'کالم' کو لٹا دیتا ہے)
ورشپ فل ماسٹر : میں لاج بند کرتا ہوں۔ (تین بار مخصوص دستک دیتا ہے اور اپنا 'کالم' لٹا دیتا ہے)
جونیئر وارڈن : یہ (فلاں) دن تک (ماسوائے ہنگامی ضرورت کے جس کی اطلاع

ہر برادر کو ہو جائے گی) بند ہے۔ (مخصوص دستک دیتا ہے اور اپنا
'کالم' کھڑا کر دیتا ہے)

اندرونی لور بیرونی محافظ بھی مخصوص دستک دیتے ہیں۔ ماضی قریب کا (ورشپ فل) ماسٹر ایک قدم آگے بڑھا کر کہتا ہے' برادران ماسوائے اپنے رازوں کو سیف میں محفوظ کرنے (اس موقع پر اس کا دایاں ہاتھ دل پر ہوتا ہے) اور مل کر وفادار' وفادار اور وفادار رہنے کے اب کچھ بھی باقی نہیں ہے۔

(سب مل کر وفادار' وفادار اور وفادار کو دہراتے ہیں)

FIRST DEGREE. 15

Closing Hymn.

(1) Now the evening shadows fall - ing
Warn from toil to peace - ful rest,
Mys - tic arts and rites re - pos - ing
Sac - red in each faith - ful breast.

1. شام کے دھندلکے
چھا رہے ہیں جو اس
بات کا اعلان ہیں کہ
کام سے آرام کی
طرف چلو' 'ناقابل
فہم' فن' اور مقدس
ضوابط کے راز ہر
سینے میں محفوظ
(لئے ہوئے)

2. روشنی کے خدا تیری
محبت لازوال ہے'
ہماری مدد فرما کہ ہم
تیرے کام کو آگے
بڑھائیں' ہماری جمعیت
کو اپنے فضل و کرم

سے نواز' ہمیں آخری لمحے تک مضبوط اور قائم فرما'

3. ہم عاجزی سے تیرے حضور جھکتے ہیں' تیری عنایات کیلئے تیرے شکر گذار ہیں' تیری ہی عظمت اور قوت ہمیشہ رہنے والی ہے' تو ہی عظیم اور قوت والا صانع ہے۔

(اس ترانے کے ساتھ ہی لاج بند ہو جاتا ہے)

دوسری ڈگری کا 'لاج' کھولنے کی تقریب

(پہلے درجہ کے لاج کو کھولنے کے تمام ضوابط دہرانے کے بعد ورشپ فل ماسٹر ایک دستک دے کر جسے سینئر اور جونیئر وارڈن دہراتے ہیں' مخاطب ہوتا ہے)

ورشپ فل ماسٹر: برادران دوسری ڈگری کا لاج کھولنے میں میری مدد کریں۔
(سب کھڑے ہو جاتے ہیں)

ورشپ فل ماسٹر: برادر جونیئر وارڈن' فیلو کرافٹ (دوسری ڈگری) کے ہر میسن کے لئے پہلی احتیاط کونسی ہے؟

جونیئر وارڈن: یہ اطمینان کرنا کہ لاج مکمل طور پر "ٹائلڈ" یعنی سیل بند ہے۔

ورشپ فل ماسٹر: ایسا کئے جانے کی ہدایت کریں۔

جونیئر وارڈن: اندرونی محافظ کو کہتا ہے' برادر انر گارڈ تسلی کریں کہ لاج مکمل طور پر "ٹائلڈ' (بند) ہے۔

(اس پر اندرونی گارڈ تین بار دستک دیتا ہے پہلی کے بعد تھوڑا رُک کر اور دوسری دو یکے بعد دیگرے اور اس پر بیرونی محافظ کی طرف سے جواب ملنے پر وہ سینئر وارڈن کے بائیں طرف ایک قدم بڑھا کر پہلی ڈگری کا نشان بناتے ہوئے کہتا ہے: برادر

جونیئر وارڈن' لاج قاعدے کے مطابق مکمل طور پر بند ہے۔
جونیئر وارڈن مذکورہ طرز پر دستک دینے کے بعد ایک قدم آگے بڑھ کر پہلی ڈگری کا نشان بناتے ہوئے کہتا ہے ورشپ فل ماسٹر' لاج مکمل طور پر بند ہے۔

ورشپ فل ماسٹر : برادر سینئر وارڈن' دوسری احتیاط کیا ہے؟

سینئر وارڈن : یہ دیکھنا کہ برادران میسن تنظیم کے مطابق کھڑے ہیں۔

ورشپ فل ماسٹر : برادران پہلی ڈگری کے ضابطے کے مطابق کھڑے ہو جائیں' تمام برادران قدم بڑھا کر پینل کے ساتھ پہلی ڈگری کی علامت بناتے ہیں۔

ورشپ فل ماسٹر : برادر جونیئر وارڈن' کیا آپ فیلو کرافٹ (دوسری ڈگری کے) فری میسن ہیں؟

جونیئر وارڈن : ہاں! ورشپ فل ماسٹر!! میں فیلو کرافٹ فری میسن ہوں' میرا امتحان لے کر تسلی کیجئے۔

ورشپ فل ماسٹر : تعمیرات سے متعلقہ کونسے اوزار سے تمہاری آزمائش ہو سکتی ہے۔

جونیئر وارڈن : مربع سے (نصف مربع نما (گنیا) سے جو کونے سیدھے رکھنے کے لئے استعمال ہوتا ہے)

ورشپ فل ماسٹر : مربع کیا ہے؟

جونیئر وارڈن : 90 درجے کا زاویہ یا ایک دائرہ کا چوتھائی۔

ورشپ فل ماسٹر : آپ سب طریقہ کار سے باخبر ہونے کا ثبوت عملاً دیں گے' دوسرے برادران پہلے عملی مظاہرہ کریں گے پھر بعد میں سبھی برادران کی آپ پیروی کریں گے۔

جونیئر وارڈن : برادران ورشپ فل ماسٹر کا حکم ہے کہ آپ عملاً اپنے آپ کو فیلو کرافٹ ثابت کریں۔ (جب وہ سب کو ایسا کرتے دیکھ لیتا ہے تو

کہتا ہے)

جونیئر وارڈن : ورشپ فل ماسٹر' برادران نے اپنے آپ کو فیلو کرافٹ ثابت کر دیا ہے اور آپ کے حکم کی تعمیل میں' میں بھی ان کی نقل کرتا ہوں۔ (وہ نقل کرتا ہے)

ورشپ فل ماسٹر: پیشتر اس کے کہ میں دوسری ڈگری میں لاج کھولوں' آیئے مل کر خالق کائنات سے دعا کریں کہ وہ اپنی رحمت کے سائے میں رکھے' علم و فن میں ترقی دے۔

ماضی قریب کا ماسٹر : آمین (وہی اکیلا کہے گا)

ورشپ فل ماسٹر: برادران! میں کائنات کے عظیم صانع کے نام سے لاج کھلنے کا اعلان کرتا ہوں (سبھی دوسری ڈگری کا نشان بناتے ہیں) جس کی بنیاد مربع ہے جس سے فن کار ہدایت اور بہتری لیتے ہیں۔

(ورشپ فل ماسٹر اس ڈگری کی مخصوص دستک دیتا ہے جس کی تائید میں جونیئر' سینئر وارڈن اور اندرونی' بیرونی محافظ دستک دیتے ہیں) (پاسٹ ماسٹر مقدس ضابطہ حیات کو کھول کر اس پر مربع اور پرکار کو اس طرح رکھ دیتا ہے کہ پرکار کے دونوں نوکدار کونے مربع کے دونوں بازوؤں کے اوپر ہوتے ہیں) جونیئر ڈیکن دوسری ڈگری کا ٹریسنگ بورڈ لٹکا دیتا ہے اور ورشپ فل ماسٹر کے نشست سنبھالتے ہی تمام برادران بھی بیٹھ جاتے ہیں۔

دوسری ڈگری کے 'لاج' کو بند کرنیکی تقریب

(ورشپ فل ماسٹر ایک بار اپنے ہتھوڑے کی ضرب لگاتا ہے جس کے جواب میں یہی کچھ جونیئر اور سینئر وارڈن کرتے ہیں)

ورشپ فل ماسٹر: برادران' دوسری ڈگری میں لاج کو بند کرنے کے لئے میری مدد کریں (سبھی کھڑے ہو جاتے ہیں)

ورشپ فل ماسٹر: برادر جونیئر وارڈن' ہر فری میسن کے لئے مستقلاً کی جانے والی احتیاط کیا ہے؟

جونیئر وارڈن: یہ تسلی کرنا کہ لاج مکمل طور 'ٹائلڈ' (سیل) ہے۔

ورشپ فل ماسٹر: ایسا کیئے جانے کے احکامات جاری کریں۔

جونیئر وارڈن: اندرونی محافظ سے 'برادر انر گارڈ' لاج کو باقاعدہ 'ٹائلڈ' کیئے جانے کی تسلی کیجئے۔

(اندرونی محافظ تین بار دستک دیتا ہے جس کا جواب اسی طرح بیرونی محافظ دیتا ہے۔ پھر وہ سینئر وارڈن کے بائیں طرف ایک قدم بڑھا کر' دوسری ڈگری کا نشان بناتے ہوئے کہتا ہے' برادر جونیئر وارڈن' لاج مکمل طور پر ٹائلڈ (سیل بند) ہے۔

جونیئر وارڈن: دستک دیتے ہوئے ایک قدم بڑھاتے اور دوسری ڈگری کا نشان

بتاتے ہوئے کہتا ہے، ورشپ فل ماسٹر! لاج مکمل طور پر بند ہے۔

ورشپ فل ماسٹر: برادر سینئر وارڈن، دوسری احتیاط کیا ہے؟

سینئر وارڈن: یہ دیکھنا کہ تمام برادران فیلو کرافٹ کے نظم و ضبط کی عین مطابق ہیں۔

ورشپ فل ماسٹر: برادران دوسری ڈگری کے مطابق ہو جایئے۔ (اس پر برادران دوسری ڈگری کے مطابق کھڑے ہو جاتے ہیں)

ورشپ فل ماسٹر: برادر جونیئر وارڈن، موجودہ حالت سے آپ نے کیا حاصل کیا؟

جونیئر وارڈن: ایک مقدس علامت۔

ورشپ فل ماسٹر: یہ مقدس علامت کہاں واقع ہے؟ برادر سینئر وارڈن!

سینئر وارڈن: عمارت کے وسط میں (یہ انگریزی کے لفظ G کی طرف اشارہ ہے جو ورشپ فل ماسٹر کی کرسی کے عین اوپر لٹک رہا ہے)

ورشپ فل ماسٹر: جونیئر وارڈن سے، یہ مقدس علامت کس کی طرف منسوب ہے؟

جونیئر وارڈن: اس کائنات کے عظیم صانع (جیومیٹریکن) سے۔

ورشپ فل ماسٹر: تو پھر آیئے برادران یہ ذہن نشین کر لیں کہ ہم جہاں کہیں بھی ہوں اور جو کچھ بھی ہم کریں وہ ہمارے ساتھ ہے اور وہ ہماری نگرانی کر رہا ہے اور جب بحیثیت فیلو کرافٹ ذمہ داری نبھا رہے ہوں تو اس کی طرف سے عائد فرائض کو پوری تندہی اور اخلاص سے ادا کریں۔

آخری پاسٹ ماسٹر: آمین۔ (صرف وہی کہے گا)

ورشپ فل ماسٹر: برادر سینئر وارڈن، اس درجے کی مشقت ختم ہوئی لہذا میں آپ کو لاج بند کرنے کا حکم دیتا ہوں۔ (اپنے بائیں ہاتھ سے مخصوص

دستک دیتا ہے)

سینئر وارڈن : برادران' اس کائنات کے عظیم صانع (جیومیٹریکن) کے نام اور ورشپ فل ماسٹر کے حکم سے فیلو کرافٹ لاج کو بند (سب علامات بناتے ہیں) کرتا ہوں (فیلو کرافٹ کی دستک ہوتی ہے)

جونیئر وارڈن : خوش و خرم ہم جمع ہوئے اور خوش و خرم ہم الگ ہو رہے ہیں اور اسی طرح خوش و خرم ہم دوبارہ ملیں گے۔ (مخصوص دستک دیتا ہے جس کے جواب میں اندرونی اور بیرونی محافظ بھی یہی دہراتے ہیں۔ پاسٹ ماسٹر پرکار کے دونوں نوکدار سرے مربع کے نیچے رکھتا ہے' جونیئر ڈیکن ٹریسنگ بورڈ کے پاس ہے۔ ورشپ فل ماسٹر کے بیٹھنے کے بعد ممبران اپنی اپنی نشست پر بیٹھتے ہیں)

(دوسری ڈگری کا لاج رسماً بند ہو جانے کے بعد پھر امیدواران' اینٹرڈ اپرنٹس کو اندر بلایا جاتا ہے)

تیسری ڈگری کے 'لاج' کو کھولنے کی تقریب

(ورشپ فل ماسٹر ایک دستک دیتا ہے جس کے جواب میں جونیئر اور سینئر وارڈن یہی کچھ کرتے ہیں۔ پھر ورشپ فل ماسٹر' ماسٹر میسن سے کم عہدے والوں کو واپس جانے کیلئے کہتا ہے)

ورشپ فل ماسٹر : برادران لاج کھولنے میں میری مدد کریں۔ (سب کھڑے ہو جاتے ہیں)

ورشپ فل ماسٹر : برادر جونیئر وارڈن ہر ماسٹر میسن کیلئے پہلی احتیاط کونسی ہے؟

جونیئر وارڈن : یہ تسلی کرنا کہ لاج مکمل طور پر 'ٹائلڈ' (سیل بند) ہے۔

ورشپ فل ماسٹر : یہ کام کئے جانے کے متعلق احکامات جاری کرو۔

جونیئر وارڈن : انر گارڈ (اندرونی محافظ) سے' برادر انر گارڈ دیکھئے کہ لاج مکمل طور پر 'ٹائلڈ' ہے (انر گارڈ دوسری ڈگری کی مخصوص دستک دیتا ہے جس کا جواب بیرونی گارڈ دیتا ہے)

انر گارڈ : ایک قدم آگے بڑھاتے اور علامت بناتے ہوئے کہتا ہے' برادر جونیئر وارڈن' لاج مکمل طور پر ٹائلڈ ہے۔

جونیئر وارڈن : 'مخصوص دستکوں' اور علامات بنا کر' ورشپ فل ماسٹر' لاج مکمل طور پر ٹائلڈ ہے۔

ورشپ فل ماسٹر : برادر سینئر وارڈن دوسری احتیاط کیا ہے؟

سینئر وارڈن : یہ دیکھنا کہ تمام برادران درست طور پر 'کرافٹ میسن' کی حیثیت میں ہیں۔

ورشپ فل ماسٹر : تمام برادران دوسری ڈگری کی ترتیب اختیار کر لیں (سبھی لوگ مناسب اقدامات کے بعد دوسری ڈگری کے فیلو کرافٹ کی ترتیب میں ہو جاتے ہیں)

ورشپ فل ماسٹر : برادر جونیئر وارڈن' کیا آپ ماسٹر میسن ہیں؟

جونیئر وارڈن : ورشپ فل ماسٹر میں ماسٹر میسن ہوں' میرا امتحان لیجئے۔

ورشپ فل ماسٹر : فن تعمیر کے کس اوزار سے آپ کی شناخت ہوتی ہے؟

جونیئر وارڈن : مربع اور پرکاروں سے۔

ورشپ فل ماسٹر : جیسا کہ آپ درست طور پر سمجھتے ہیں آپ تمام کرافٹ میسن ماسٹر میسن حضرات سے بھی ثابت کرنے کو کہیں گے اور ان کے بعد ان کی نقل کر کے مجھے دکھائیں گے۔

جونیئر وارڈن : برادران یہ ورشپ فل ماسٹر کا حکم ہے کہ آپ اپنے آپ کو ماسٹر میسن ثابت کریں (جس پر وہ ماسٹر میسن کے پینل کی علامت کے ساتھ مطابقت کرتے ہیں۔ سب کچھ درست ہونے پر)

جونیئر وارڈن : ورشپ فل ماسٹر! 'کرافٹ مینوں' نے خود کو ماسٹر میسن ثابت کر دیا ہے اور آپ کے حکم سے اب میں ان کی نقل کرتا ہوں۔ وہ ٹھیک ٹھیک ماسٹر میسن کے پینل پر عمل کرتا ہے۔

ورشپ فل ماسٹر : برادر جونیئر وارڈن' میں آپ کے عمل کی تصدیق کرتا ہوں (خود بھی کرتا ہے)

ورشپ فل ماسٹر : برادر جونیئر وارڈن' تم کدھر سے آئے ہو؟

جونیئر وارڈن : مشرق سے۔

ورشپ فل ماسٹر : برادر سینئر وارڈن' تمہارا رخ کدھر ہے ؟

سینئر وارڈن : مغرب کو۔

ورشپ فل ماسٹر : (جونیئر وارڈن سے) مشرق کو چھوڑ کر مغرب کی سمت جانے میں آپ کو کونسی کشش ہے ؟

جونیئر وارڈن : گم شدہ کی تلاش میں' جو آپ کی ہدایات اور اپنی محنت سے پانے کی امید ہے۔

ورشپ فل ماسٹر : (سینئر وارڈن سے) وہ کیا۔ہے جو گم ہو گیا تھا؟

سینئر وارڈن : ماسٹر میسن کے حقیقی راز۔

ورشپ فل ماسٹر : (جونیئر وارڈن سے) یہ گم کیسے ہو گئے تھے ؟

جونیئر وارڈن : ہمارے آقا "حرم ابف" (Hiram Abiff) کی بے وقت موت کے سبب۔

ورشپ فل ماسٹر : (سینئر وارڈن سے) تم انہیں کہاں پانے کی امید رکھتے ہو ؟

سینئر وارڈن : مرکز سے۔

ورشپ فل ماسٹر : (جونیئر وارڈن سے) مرکز کیا ہے ؟

جونیئر وارڈن : دائرے کے اندر ایک مقام جہاں سے ہر طرف کا فاصلہ یکساں ہے۔

ورشپ فل ماسٹر : (جونیئر وارڈن سے) آخر مرکز ہی سے کیوں ؟ (گم گشتہ راز مل سکتے ہیں)

جونیئر وارڈن : کیونکہ یہ ایک مقام ہے جہاں ماسٹر میسن غلطی نہیں کر سکتا۔

ورشپ فل ماسٹر : ہم تمہارے نقصان کی تلافی میں تمہاری مدد کریں گے اور خالق سے دعا کرتے ہیں کہ ہماری مشترکہ کوشش کو بار آور فرمائے۔

(پہلا) پاسٹ ماسٹر : آمین

ورشپ فل ماسٹر : برادران میں عظیم ترین (ہستی) کے نام سے 'مرکز' پر لاج کھلنے

کا اعلان کرتا ہوں (پرکار کے دونوں نوکدار سروں کو مربعہ کے بازوؤں کے اوپر پاسٹ ماسٹر رکھتا ہے کہ یہ فری میسن میں تیسری ڈگری کی علامت ہے)

(ورشپ فل ماسٹر تین بار اپنے ہتھوڑے سے ضرب لگاتا (دستک دیتا ہے) ہے' دو یکے بعد دیگرے اور تیسری معمولی وقفے سے جن کا جواب دونوں وارڈن اور اندرونی بیرونی دونوں محافظ دیتے ہیں۔ سب مل کر سب سے بڑی شاہی علامت بناتے ہوئے (تیسری ڈگری کا نشان) کہتے ہیں' عظمت ہے عظیم ترین (اعلیٰ ترین) کیلئے۔ اور جب ورشپ فل ماسٹر بیٹھ جاتا ہے تو سبھی اپنی اپنی نشست سنبھالتے ہیں۔

(اس پر تیسری ڈگری کا لاج کھلنے کی تقریب کا اختتام ہوتا ہے)

تیسری ڈگری کا 'لاج' بند ہونیکی تقریب

(ورشپ فل ماسٹر ایک 'دستک' دیتا ہے جس کا جواب دونوں وارڈن دیتے ہیں)

ورشپ فل ماسٹر : برادران' تیسری ڈگری میں لاج کو بند کرنے کے لئے میری مدد کریں (سب کھڑے ہو جاتے ہیں)

ورشپ فل ماسٹر : برادر جونیئر وارڈن' ہر ماسٹر میسن کیلئے مستقل احتیاط کیا ہے ؟

جونیئر وارڈن : یہ تسلی کرنا کہ لاج مکمل طور پر 'ٹائلڈ' ہے۔

ورشپ فل ماسٹر : ایسا کئے جانے کی ہدایت جاری کریں۔

جونیئر وارڈن : (انر گارڈ سے) تسلی کیجئے کہ لاج مکمل طور پر 'ٹائلڈ' ہے۔

(جیسا کہ لاج کھولنے کی تفصیل میں بیان ہوا ہے۔ انر گارڈ تین بار دستک دے گا جس کا ویسا ہی جواب بیرونی گارڈ دے گا۔ اس کے بعد انر گارڈ ایک قدم آگے بڑھاتے اور تیسری ڈگری کے پینل کا نشان بناتے ہوئے کہتا ہے کہ برادر جونیئر وارڈن لاج مکمل طور پر ٹائلڈ ہے)

جونیئر وارڈن : دستک دیتے اور پینل کی علامت بناتے ہوئے کہتا ہے' ورشپ فل ماسٹر' لاج مکمل طور پر ٹائلڈ ہے۔

ورشپ فل ماسٹر : برادر سینئر وارڈن دوسری احتیاط کیا ہے؟

سینئر وارڈن : یہ تسلی کرنا کہ تمام برادران درست طور پر ماسٹر میسن کی ترتیب میں ہیں۔

ورشپ فل ماسٹر : برادران تیسری ڈگری کی ترتیب اختیار کریں۔ (اس پر تمام برادران پینل پر ترتیب سے کھڑے ہو جاتے ہیں)

ورشپ فل ماسٹر : برادر جونیئر وارڈن! آپ کدھر سے ہیں؟

جونیئر وارڈن : مغرب سے' جدھر ہم ماسٹر میسن کے حقیقی رازوں کی تلاش میں سرگرداں تھے۔

ورشپ فل ماسٹر : برادر سینئر وارڈن' کیا آپ نے (گم شدہ راز) پا لئے ہیں؟

سینئر وارڈن : نہیں ورشپ فل ماسٹر' مگر ہم نے کچھ متبادل راز حاصل کئے ہیں جن پر آپ کی سربراہی میں عمل کرنے کے لئے بے چین ہیں۔

ورشپ فل ماسٹر : مجھے یہ متبادل راز باضابطہ بتائے جائیں۔

(دونوں وارڈن لاج کے وسط میں ایک دوسرے سے ایک گز کے فاصلے پر آمنے سامنے اس طرح کھڑے ہو جاتے ہیں کہ سینئر وارڈن کا رخ جنوب کی سمت اور جونیئر وارڈن کا شمال کی جانب ہوتا ہے۔ جونیئر وارڈن ماسٹر میسن کا نشان بناتا ہے' پھر وہ سینئر وارڈن کے ساتھ 'پاس گرپ' (ہاتھ ملانے کا خصوصی انداز) کے لئے قدم بڑھانے کے ساتھ' ہاتھ اٹھاتے ہوئے اس کے دائیں کان میں سرگوشی کر کے 'پاس ورڈ' (خفیہ نشان) بتاتا ہے۔ (تیسری ڈگری کا یہ 'پاس ورڈ' "ٹوبل کین" (Tubal Cain) ہے) پھر ہاتھ چھوڑ کر وہ ایک قدم بڑھاتے ہوئے اور ماسٹر میسن کا نشان دہراتے ہوئے سینئر وارڈن کے ساتھ فیلو شپ کے پانچ نکات بیان کرتا ہے۔ اس لمحے ماسٹر میسن کی مخصوص سرگوشی

"میکبینک یا مہابون" (Macbenac or Mahabone) بائیں کان میں کہنا نہیں بھولتا۔ پھر وہ اپنی نشست پر واپس آ جاتا ہے' سینئر وارڈن' ورشپ فل ماسٹر کے سامنے تین فٹ کے فاصلے پر کھڑا ہو کر اور پینل کا علامتی نشان دینے کے بعد کہتا ہے)

سینئر وارڈن : ورشپ فل ماسٹر! مجھ سے ماسٹر میسن کے راز اپنی سرپرستی میں لے لیجئے۔

ورشپ فل ماسٹر : برادر سینئر وارڈن' میں خوشی قبول کروں گا اور موقعہ پر آپ دوسرے برادران کی معلومات کیلئے ان الفاظ کو باآواز بلند کہیں۔ (ورشپ فل ماسٹر اپنی کرسی چھوڑ کر بائیں جانب سینئر وارڈن کی جانب ان کو وصول کرنے کے لئے قدم بڑھاتا ہے۔ سینئر وارڈن پینل کی علامت دے کر بیٹھ جاتا ہے)

ورشپ فل ماسٹر : برادران' ماسٹر میسن کے گم شدہ رازوں کے متبادل راز میں نے وصول کئے' میں اس لاج کا ماسٹر اور بادشاہ سلیمان کا نمائندہ ہونے کے ناطے سے ان کی تصدیق کرتا ہوں اور اعلان کرتا ہوں کہ یہ اس وقت تک کے لئے آپ اور دنیا کے ہر ماسٹر میسن کے پاس بطور امانت رہیں گے جب تک کہ حقیقی راز مل نہیں جاتے۔ (اس پر تمام برادران اپنے سر تھوڑے سے جھکاتے ہوئے کہتے ہیں "ہم اپنے آقا کے احسان کے سامنے جھکتے ہیں"۔ اس کے بعد وہ عظیم سلامی دیتے ہیں اور کہتے ہیں "تمام عظمتیں سب سے اعلیٰ کے لئے ہیں"۔)

ورشپ فل ماسٹر : برادر سینئر وارڈن' اس شام کی مشقت کے اختتام پر میں آپ کو لاج بند کرنے کا حکم دیتا ہوں۔ (مخصوص قسم کی دستکیں دیتا ہے)

سینئر وارڈن : برادران' سب سے عظیم کے نام اور ورشپ فل ماسٹر کے حکم پر میں ماسٹر میسن کا لاج بند کرتا ہوں۔ (مخصوص قسم کی دستکیں دہراتا ہوں)

اس موقعہ پر پاسٹ ماسٹر پرکار کا ایک نوکدار بازو مربع کے بازو کے نیچے (پہلی ڈگری کے مطابق) کر دیتا ہے۔

جونیئر وارڈن : اور لیجئے یہ بند ہے۔ (ماسٹر میسن کے درجے کی مخصوص دستکیں دہراتا ہے جس کا جواب اندرونی اور بیرونی دونوں محافظ دیتے ہیں' جونیئر ڈیکن ٹریسنگ بورڈ کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔ پھر ورشپ فل ماسٹر کے بیٹھنے کے ساتھ ہی دوسرے برادران بھی بیٹھ جاتے ہیں)

(تیسری ڈگری میں لاج بند ہونے کی تقریب ختم ہوئی)

فری میسن میں ابتدائی داخلہ (بپتسمہ) دینے کی تقریب

پہلی ڈگری میں لاج کے کھلنے اور امیدوار کے حق میں ووٹ ہو جانے کے بعد 'ٹائلر یا بیرونی محافظ' مندرجہ ذیل طریقے سے اسے تیار کرتا ہے:

اس کے جسم پر دھات کی کوئی چیز مثلاً انگوٹھی' گھڑی اور اگر گلے میں چین وغیرہ ہو تو اتار لی جاتی ہے۔ اس کی بائیں ٹانگ گھٹنے تک' دایاں بازو کہنی تک' بائیں جانب سے سینہ (دل) ننگا کر دیا جاتا ہے۔ ایک مخصوص 'ایڑھی کے بغیر جوتا پہنا کر' اس کی دائیں ایڑھی کو بھی ننگا رکھا جاتا ہے۔ اور پھر سامنے کی شکل کے مطابق پھانسی کے پھندے کی طرح ایک رسی اس کے گلے میں ڈال دی جاتی ہے۔ (ایسی رسی جسے کھینچنے سے گرہ تنگ ہو کر گلا گھونٹنے کا سبب بنے) جب اس حال میں تیاری مکمل ہو چکتی ہے تو بیرونی محافظ دروازے پر مخصوص دستک (ایک بار) دیتا ہے اور اسے سن کر اندرونی محافظ پہلی ڈگری کا نشان بناتے ہوئے جونیئر وارڈن کی طرف بڑھ کر کہتا ہے 'برادر جونیئر واردن ایک رپورٹ ہے' اس پر جونیئر وارڈن اٹھ کر ایک دستک کے ساتھ ورشپ فل ماسٹر سے کہتا ہے 'ورشپ فل ماسٹر! ایک رپورٹ ہے۔

جونیئر وارڈن: بیٹھتے ہوئے' برادر اندرونی محافظ دیکھیے کون اندر آنے کی اجازت کا طلب گار ہے۔ (اندرونی محافظ دروازہ کھول کر ......)

اندرونی محافظ : (بیرونی محافظ سے) تمہارے پاس کون ہے؟

بیرونی محافظ : مسمی (فلاں) ایک تاریکی اور افلاس کا مارا امیدوار' جس کی معقول اور معروف سفارش ہے' جسے باقاعدگی سے تجویز کیا گیا اور کھلے لاج نے جس کو منظور کر لیا ہے اور جو اب اپنی خواہش سے' کھلے دل و دماغ سے' مکمل تیاری کی حالت میں عجز و انکسار کے ساتھ فری میسن کے مفادات اور ناقابل فہم معاملات کے لئے داخلے کی اجازت چاہتا ہے۔

اندرونی محافظ : (بیرونی محافظ سے) یہ فری میسن مفادات کس طرح حاصل کرنا چاہتا ہے؟

امیدوار : (بیرونی محافظ سے پہلے) اللہ کی مدد کے ساتھ' آزاد اور اچھی رپورٹ کی بنیاد پر۔

اندرونی محافظ : (بیرونی محافظ سے) میرے' ورشپ فل ماسٹر کو رپورٹ پہنچانے تک رکیئے۔ (انر گارڈ دروازہ بند کر کے تالہ لگا کر' بائیں گھوم کر سینئر وارڈن کے سامنے کی جانب قدم بڑھاتے ہوئے پہلی ڈگری کا پینل نشان بنائے گا اور کہے گا: ورشپ فل ماسٹر! پھر یہاں مکمل طور پر پہلی بات چیت دہرائے گا۔

ورشپ فل ماسٹر : وہ کس طرح فری میسن کے مفادات حاصل کرنے کی امید رکھتا ہے؟

اندرونی محافظ : خدا کی مدد کے ساتھ اور آزاد اور اچھی رپورٹ کی بنیاد پر۔

ورشپ فل ماسٹر : اچھی رپورٹ کی زبان تو اس کی حمایت میں پیشتر ہی سنی جا چکی ہے۔ برادر انر گارڈ! کیا تم نے تسلی کر لی ہے کہ وہ مناسب انداز میں تیار ہے۔

اندرونی محافظ : (دیکھنے کے بعد) ہاں ورشپ فل ماسٹر' میں نے تسلی کر لی ہے۔

ورشپ فل ماسٹر : (ڈیکن برادران سے) اس کو مناسب حالت میں آنے دیا جائے۔
(سینئر ڈیکن جھکنے والا سٹول ورشپ فل ماسٹر کے سامنے رکھتا ہے پھر دونوں ڈیکن اسے دروازے سے اندر لانے کے لئے بڑھتے ہیں۔ اندرونی محافظ اپنے خنجر کی نوک اس کے دل کے مقام پر رکھتا ہے۔ جونیئر ڈیکن امیدوار سے پوچھتا ہے کہ اس نے کچھ محسوس کیا ہے۔ اور مثبت جواب کی وصولی پر اندرونی محافظ اپنا ہاتھ اپنے سر سے اونچا اٹھاتا ہے تاکہ ورشپ فل ماسٹر دیکھ لے کہ اس نے خنجر کی نوک استعمال کر رکھی ہے۔ جونیئر ڈیکن امیدوار کو دائیں جانب جھکنے والے سٹول کے پاس لے جاتا ہے جو سینئر وارڈن کے بائیں جانب ہے۔ سینئر وارڈن' امیدوار کے بائیں جانب کھڑا ہوتا ہے)

ورشپ فل ماسٹر : مسمی (فلاں) جیسا کہ معروف ہے کوئی شخص جو آزاد نہ ہو اور جس کی عمر کم ہو اسے فری میسن نہیں بنایا جاتا۔ میں پوچھتا ہوں کہ تم اکیس سالہ آزاد آدمی ہو؟

امیدوار : ہاں میں آزاد بھی ہوں اور عمر کی شرط بھی پوری کرتا ہوں۔

ورشپ فل ماسٹر : تمہارے اس طرح یقین دلانے کے بعد' میں ممنون ہوں گا کہ تم اس سٹول پر اس وقت تک جھکے رہو جب تک ہم تمہارے لئے جنت کے انعامات کی کاروائی مکمل نہ کر لیں۔

(ورشپ فل ماسٹر ہتھوڑے سے ایک دستک دیتا ہے اور دونوں ڈیکن جھکے ہوئے امیدوار کے سر پر اپنی چھڑیاں 'X' کراس کی حالت میں تان لیتے ہیں' تمام برادران پہلی ڈگری کے پینل کے ساتھ کھڑے ہو جاتے ہیں) (بموجب پلین نمبر 2 کی شکل نمبر 2)

Plan 2.—E.A. (First Degree).

1.—Received at door of Lodge by I.G. on point of sharp instrument. 2.—Prayer. 3.—Examination in south by J.W. 4.—Examination in west by S.W. 5.—Presentation to W.M. by S.W. 5-6.—Led by J.D. to within a yard of W.M. 6.—Instructed how to approach east 7.—Obligation 8.—Presented to J.W. by J.D. 9.—Presented to S.W. by J.D. 10.—Conducted to left of S.W. and apron presented. 11.—Charge in north-east, left foot across Lodge, right foot down. 12.—Presentation of working tools by W.M. 13.—Salute to W.M. from left of S.W. previous to Candidate retiring.

خاکے کی تشریح: ۱. امیدوار کا استقبال۔ ۲. عبادت۔ ۳. جونیئر وارڈن امتحان لیتا ہے۔ ۴. سینئر وارڈن اس جگہ امتحان لیتا ہے۔ ۵. سینئر وارڈن کا امیدوار کو ورشپ فل ماسٹر کے سامنے پیش کرنا۔ ۶. مشرق کو جانے کی ہدایت۔ ۷. لوائیگی فرض۔ ۸. جونیئر ڈیکن کا امیدوار کو جونیئر وارڈن کے سامنے پیش کرنا۔ ۹. سینئر وارڈن کے سامنے پیشی۔ ۱۰. امیدوار کو ایپرن پیش کرنیکی جگہ۔ ۱۱. شمال مشرق میں جگہ کا تعین۔ ۱۲. ورشپ فل ماسٹر کے اوزار پیش کرنیکی جگہ۔ ۱۳. امیدوار کی واپسی سے پہلے ورشپ فل ماسٹر کو سلامی۔

ورشپ فل ماسٹر: اے ہمارے قوت والے باپ اور اس کائنات کے سب سے بڑے حاکم ہم تیری مدد کے طلبگار ہیں۔ ہمارے اس اجتماع پر برکت نازل کر اور اس امیدوار پر بھی کہ یہ ہمارے درمیان ایک سچے' وفادار اور مخلص فری میسن کی طرح رہے اور فری میسن نصب العین کی خدمت کرے۔ اپنی مقدس حکمت سے اسے بھی نواز دے تاکہ یہ ہمارے جسری فن کے اسرار و رموز جان سکے اور ٹھیک ٹھیک تیرے نام کی عظمت کو بلند کر سکے۔

پاسٹ ماسٹر: آمین۔ (برادران پینل علامات گرادیں)

ورشپ فل ماسٹر: ہتھوڑے سے ایک دستک دے کر' خطرات اور مشکلات کے مواقع پر تم کس پر بھروسہ کرتے ہو۔

امیدوار: خدا پر (جواب امیدوار سے بلا ڈیکن کی مداخلت کے آنا چاہئے)

ورشپ فل ماسٹر: میں آپ کے ایمان کے استحکام کو دیکھ کر خوش ہوا ہوں' اس مستحکم مدد پر اعتماد کرتے ہوئے تم اٹھو اور اپنے راہنما کی پیروی کرو' مضبوط مگر انکسار والے اعتماد کے ساتھ۔ ہمارا ایمان ہے کہ جہاں خدا کا نام لیا جائے وہاں کوئی خطرہ نہیں ہے۔

(سینئر اور جونیئر ڈیکن مل کر امیدوار کو کھڑا کرتے ہیں' ورشپ فل ماسٹر اور تمام برادران اپنی اپنی نشست سنبھالتے ہیں۔

ورشپ فل ماسٹر: (ایک دستک دینے کے بعد) مشرق و مغرب اور شمال و جنوب میں بیٹھے برادران کے سامنے سے مسمی (فلاں) یہ دکھانے اور بتانے کے لئے گذریں گے تاکہ آپ سب آگاہ رہیں کہ مکمل طور پر تیار' فٹ اور فری میسن بننے کے لئے موزوں ترین شخص کیسا ہوتا ہے۔

(سینئر ڈیکن سٹول ہٹا دیتا ہے اور جونیئر ڈیکن امیدوار کو دائیں

بازو سے پکڑ کر شمال کی سمت' ورشپ فل ماسٹر کے سامنے سے گذارتے ہوئے پھر جونیئر وارڈن کے قریب جنوب کی جانب' جہاں امیدوار کا دایاں ہاتھ جونیئر وارڈن کو تین بار چھوئے گا' لے جائے گا۔

جونیئر وارڈن : (جونیئر ڈیکن سے) یہ تمہارے ساتھ کون ہے؟

جونیئر ڈیکن : مسمی (فلاں) (پھر پہلی بار دروازے پر کہی جانے والی کہانی دہرائے گا)

جونیئر وارڈن : یہ کس طرح مفادات حاصل کرنے کی امید رکھتا ہے؟

جونیئر ڈیکن : خدا کی مدد اور اپنی آزاد اور اچھی رپورٹ کی بناء پر۔

جونیئر وارڈن : (دایاں ہاتھ' ہاتھ میں لیتے ہوئے) خوش آمدید' آزاد اور اچھی رپورٹ کے ساتھ۔ پھر جونیئر ڈیکن دائیں طرف سینئر وارڈن کی طرف لے جاتا ہے' جو پہلے والے طریقے سے اس کا امتحان لے کر دوسری طرف رخ کو اس طرح پھیرتا ہے کہ امیدوار کا دایاں ہاتھ سینئر وارڈن کے بائیں طرف ہو جائے۔

سینئر وارڈن : (امیدوار کا علامتی پینل نشان بلند کرتے ہوئے کہتا ہے) ورشپ فل ماسٹر میں مسمی (فلاں) کو جو باقاعدہ طور پر تیار ہے میسن بنانے کے لئے پیش کرتا ہوں۔

ورشپ فل ماسٹر : برادر سینئر وارڈن' آپ کے پیش کئے گئے امیدوار کو قبول کیا جائے گا مگر پہلے میں اس سے چند سوالات پوچھنا چاہوں گا اور میں یقین رکھتا ہوں کہ وہ صاف دلی سے جواب دے گا۔

(سینئر وارڈن بیٹھ جاتے ہیں اور جونیئر ڈیکن امیدوار کے قریب آ جاتے ہیں (چارج سنبھال لیتے ہیں)

ورشپ فل ماسٹر : (امیدوار سے) آپ حلفاً بتائیں کہ فری میسن بننے کے لئے آپ

کو کسی اکساہٹ' ترغیب یا دوستوں کے دباؤں یا پھر بد نیتی اور تخریبی ذہن نے تو مجبور نہیں کیا۔ کیا اس کے برعکس آپ اپنی آزاد مرضی سے خوشی فری میسن بن کر یہاں کے 'نا قابل فہم' رازوں اور مفادات کو پانے آئے ہیں؟

امیدوار: میں اپنی مرضی سے اسی غرض کے لئے آیا ہوں۔

ورشپ فل ماسٹر: کیا آپ یہ بھی حلفاً اقرار کرتے ہیں کہ آپ پورے اخلاص سے اس ادارے کے ذریعے بنی نوع انسان کی خدمت کرتے ہوئے' اس ادارے کے ذریعے مفادات اور اس کے سربستہ رازوں کو جاننے کی آرزو کی تکمیل کے لئے درخواست پیش کرتے ہیں؟

امیدوار: جی ہاں۔

ورشپ فل ماسٹر: کیا آپ سنجیدگی اور شعور کے ساتھ' بلا جبر و اکراہ' یہ بھی اعلان کرتے ہیں کہ آپ کے اس لاج میں قبول کئے جانے کے بعد' ہمیشہ اس لاج کے قدیم ترین مسلمہ قواعد و ضوابط کی پوری پابندی کریں گے؟

امیدوار اور جونیئر ڈیکن: بیک زبان' جی ہاں۔

ورشپ فل ماسٹر: برادر سینئر وارڈن' آپ جونیئر ڈیکن کو ہدایت کریں کہ وہ امیدوار کو 'درست حالت' میں سٹول کی جانب لائیں۔

سینئر وارڈن: برادر جونیئر ڈیکن' ورشپ فل ماسٹر کا حکم ہے کہ آپ امیدوار کو پیڈسٹل (مخصوص سٹول) کی جانب درست حالت میں لائیں۔

(جونیئر ڈیکن امیدوار کو دائیں بازو سے پکڑے ورشپ فل ماسٹر کے سامنے تقریباً ایک گز دور پڑے سٹول کے قریب لا کر' امیدوار کے کان میں سرگوشی کرتا ہے کہ وہ دونوں ایڑھیوں کو اس طرح ملائے کہ قائمہ زاویہ' بن جائے اور دائیں پاؤں

کی انگلیوں کا رخ جنوب کی سمت ہو۔ (بموجب تصویر)۔ پھر امیدوار سے کہتا ہے کہ تھوڑا سا بایاں پاؤں آگے بڑھائے اور بعد میں دائیں ایڑھی کو پہلی حالت میں ہی ساتھ ملائے یعنی قائمہ زاویہ بناتے' اسی طرح دوسری بار تھوڑا سا اور آگے بڑھلیا جاتا ہے اور پھر تیسری بار بھی اسی طرح علی ھذا القیاس تاآنکہ امیدوار پیڈسٹل سے اس قدر قریب ہو جاتا ہے کہ اس پر جھکنا اس کے لئے سہل بن جائے اور مزید قدم نہ اٹھانا پڑے۔ سینئر ڈیکن امیدوار کے بائیں جانب کھڑا ہو جاتا ہے)

ورشپ فل ماسٹر : (امیدوار سے مخاطب ہو کر) آپ کو یہ بتا دینا میرا فرض ہے کہ 'میسن' اور میسنری' آزاد ہے اور اپنے سربستہ رازوں کیلئے ہر امیدوار کو بھی آزادی دیتی ہے۔ یہ پاکیزگی کے انتہاء مقدس اصولوں پر قائم ہے۔ اس میں بلاشبہ بہت بڑے اور قیمتی مفادات ہیں' مگر موزوں لوگوں کے لئے اور ہم موزوں لوگوں پر اعتماد کرتے ہیں۔ میں آپ کو یہ یقین بھی دلانا چاہتا ہوں کہ اس عہدِ وفا کے سبب کسی طرح بھی آپ کی مذہبی' شہری اور اخلاقی ضروریات و اقدار پامال و مجروح نہیں ہوتیں۔ اس بنیاد پر کیا آپ میسنری اصولوں کے مطابق یہ مقدس ذمہ داری قبول کرنے کے لئے تیار ہیں جس کا تعلق 'رازوں' اور 'ناقابل فہم' رموز و اسرار کی حفاظت سے ہے؟

جونیئر ڈیکن : (امیدوار سے) جواب دیجئے۔

امیدوار : جی ہاں۔

ورشپ فل ماسٹر : تو پھر آپ اپنے گھٹنے کے بل جھکیئے جبکہ آپ کا دایاں پاؤں قائمہ زاویہ بنا رہا ہوں (جونیئر ڈیکن' ایسا کرنے میں امیدوار کی مدد کرتا

ہے) مجھے اپنا دایاں ہاتھ پیش کیجئے جسے میں مقدس ضابطے کی کتاب پر رکھتا ہوں جبکہ آپ کا بایاں ہاتھ ان پرکاروں کو تھامے رکھے گا (سینئر ڈیکن امیدوار کی' اس کام میں مدد کرے گا) جن کی ایک نوک آپ کی بائیں ننگی چھاتی (دل) کا رخ کئے رکھے گی۔ (ورشپ فل ماسٹر' اپنے ہتھوڑے سے ایک (ضرب) 'دستک' دے گا' جس کا جواب اسی طرح وارڈن دیں گے' تمام برادران کھڑے ہو کر پینل کا (پہلی ڈگری) مخصوص نشان بنانے کے لئے قدم بڑھائیں گے۔ دونوں ڈیکن اپنے "ڈنڈوں" (چھڑیوں) کو امیدوار کے سر پر یوں جوڑ کر کھڑے ہوں گے۔

ورشپ فل ماسٹر: (امیدوار سے) اپنا مکمل نام دہرانے کے بعد' جو میں کہوں اسے دہرائیے۔

امیدوار کا مقدس حلف

میں مسمی (فلاں بن فلاں) عظیم صانع (خدائے بزرگ و برتر) کو حاضر و ناظر جان کر اور اس معزز و محترم لاج میں' جو آزاد اور مسلمہ فری میسنز کے باقاعدہ جمع ہونے اور وفاداری کے عہد نبھانے کی جگہ ہے' بلاجبر و اکراہ' اپنی آزادانہ رائے اور پورے شعور کے ساتھ حلفاً اعلان اور اقرار کرتا ہوں کہ آج کے بعد میرے علم میں اس لاج اور فری میسن تحریک کے بارے میں جو معلومات' جو راز آئیں گے وہ راز یا ان کا کوئی حصہ کوئی علامت اور اشارہ کسی بھی طریقے سے کسی کو نہ بتاؤں گا بلکہ اپنی جان کی طرح ہر حال میں ان کی حفاظت کروں گا (دوسرے برادران بھی نعرہ بلند کرتے ہیں) اگر یہ راز کسی دوسرے برادر کو بتانے مقصود ہوں گے تو بھی مکمل طور پر اس کا امتحان لے کر اس کی آزاد اور مسلمہ فری میسن ہونے کی تسلی کرنے کے بعد بتاؤں گا۔ میں یہ بھی حلفاً اقرار کرتا ہوں کہ میں ان رازوں کو نہ تو کسی جگہ لکھوں گا' نہ ہی کسی بھی اور انداز میں انہیں محفوظ رکھنے (بجز سینے میں) کی کوشش کروں گا اور اگر کسی دوسرے برادر کی کوتاہی کے سبب ایسی کوئی چیز منظر عام پر آتی ہے تو اس آسمان تلے میری پہلی اور آخری کوشش فری میسنز کو اس کے اثرات سے بچانا ہوگی۔

مذکورہ تمام نقاط ہر لمحہ پیش نظر رکھنے کا میں حلفاً اقرار کرتے ہوئے یہ اضافہ بھی کرتا ہوں کہ خدانخواستہ میں ایسا کرنے میں ناکام رہوں تو میری سزا یہ ہوگی

کہ میرا گلا کاٹ دیا جائے' میری زبان گدی سے کھینچ لی جائے' میرے جسم کو ساحل کی لہروں سے قریب ریت کے نیچے دبا دیا جائے' جہاں ہر لحہ سے دھتکارا ہوا ہوں گا۔

پس اے خدا تو مجھے استقامت دے کہ میں پوری ذمہ داری سے اپنے عہد کو بطور ایک 'اینٹرڈ اپرینٹس' فری میسن نبھاؤں (اس پر تمام برادران 'پینل نشان' سے ہٹ جاتے ہیں اور ورشپ فل ماسٹر پرکاریں ہٹا لیتے ہیں)

Fig. 2.

ورشپ فل ماسٹر: جو کچھ ابھی تمہارے زبان سے ادا ہوا ہے یہ بہت ہی اہم اور نہایت سنجیدہ وعدہ ہے' یہ عہد وفا ہے کہ تم اپنی پوری زندگی فری میسن مقاصد کے لئے وقف کرو گے۔ اس مقدس ضابطہ حیات سے متعلق تمہارے ہونٹ سلے رہیں گے۔ (امیدوار مثبت جواب دیتا ہے)

ورشپ فل ماسٹر: ایک عرصہ تک 'تاریکی' میں رہنے کے سبب' تمہاری خواہش موجودہ صورتِ حال کی روشنی میں کیا ہے؟

امیدوار اور جونیئر ڈیکن: روشنی کی طلب (لاج کے اسرار و رموز میں حصہ دار بننا)

ورشپ فل ماسٹر: برادر جونیئر ڈیکن' امیدوار کی یہ خواہش پوری کی جائے گی۔

(ورشپ فل ماسٹر اپنے ہتھوڑے سے ایک ضرب لگا کر سب کو متوجہ کرے گا جس پر سب تالی بجائیں گے جبکہ جونیئر ڈیکن امیدوار کی آنکھوں سے پٹی اتار دے گا۔ جونیئر ڈیکن اسی لمحے امیدوار کے سر پر ہاتھ رکھے گا کہ وہ مقدس ضابطے کی کتاب ہی پہلی نظر میں دیکھ سکے)

ورشپ فل ماسٹر: اب جب کہ تمہیں روشنی دی جا چکی ہے میں تمہیں حقیقی روشنی کے تین سرچشمے بتاؤں گا۔ ان میں سے پہلا' یہ مقدس ضابطے کی کتاب ہے۔ دوسری چیز مربعہ یا قائمہ زاویہ اور تیسرے یہ

پرکاریں ہیں۔ مقدس ضابطہ حیات ہمارے ایمان کی بنیاد ہے' قائمہ زاویہ ہمارے تمام اعمال میں سیدھائی (درستی) کی علامت ہے جبکہ پرکاریں بنی نوع انسان کے ساتھ بالعموم اور فری میسن برادران کے ساتھ بالخصوص تعلق کی نشانی ہیں۔ (اس تقریب کے دوران کھڑے برادران اب تشریف رکھیں۔ جونیئر ڈیکن امیدوار کو ورشپ فل ماسٹر کے داہنی جانب بیٹھاتا ہے)

ورشپ فل ماسٹر: اب تم تین ثانوی روشنیاں معلوم کرنے کے قابل ہو گئے ہو' یہ مشرق' جنوب اور مغرب میں واقع ہیں اور سورج' چاند اور اس لاج کے ماسٹر کو ظاہر کرتی ہیں' سورج دن کی حکمرانی کرتا ہے جبکہ رات پر چاند کی حکومت رہتی ہے' اسی طرح لاج کو ضوابط و قوانین کے مطابق چلانا ماسٹر کی ذمہ داری ہے۔

برادر فلاں (امیدوار کا نام) آج تم اپنے عاجزانہ اور بے لاگ کردار کے سبب دو خطرات سے بچ گئے ہو مگر تیسرا بڑا اور مستقل خطرہ ہمیشہ (تاحیات) تمہارے سر پر لٹکتی تلوار بنا رہے گا۔ یہ دونوں خطرے چھرا گھونپے جانے اور گلا گھونٹ کر تمہارے ہلاک کئے جانے سے متعلق تھے کیونکہ جونہی تم لاج میں داخل ہوئے تھے ایک خنجر کی نوک مسلسل تمہارے سینے (دل) کا نشانہ لئے تھی اور اگر تم جلدی سے آگے بڑھنے (بری نیت سے حملہ کرنے) کی کوشش کرتے تو خود بخود خنجر دل میں اتر جاتا کیونکہ تمہارے ساتھ سائے کی طرح لگا شخص جس کے ہاتھ میں خنجر تھا اپنی جگہ فرض کی ادائیگی کے لئے مستعد تھا۔ اسی طرح تمہارے گلے میں لٹکتا یہ پھندا (جونیئر ڈیکن اس موقع پر رسی کا سرا ورشپ فل ماسٹر کے ہاتھ میں دیتا ہے) تمہاری واپسی کی نیت اور سعی و جدوجہد کے ساتھ ہی تمہیں ملکِ عدم پہنچا دیتا۔ مگر تیسرا بڑا اور مستقل خطرہ جو ہمیشہ تمہارے سر پر منڈلاتا رہے گا' وہ فری میسن کے سربستہ رازوں کو افشا کرنے کی کوشش کرتے ہی گلا کٹنے کی صورت میں ہے۔

اب جبکہ تم حیثیت میسن بہت اہم اور مقدس ذمہ داری قبول کر چکے ہو' میں تمہیں یہ بتانے میں کوئی حرج محسوس نہیں کرتا کہ فری میسن میں کئی درجے ہیں اور ہر ڈگری یا درجے کی نوعیت کے لحاظ سے راز ہائے دروں خانہ ہیں۔ لہذا متعلقہ درجہ میں ہی وہاں کے راز معلوم ہوتے ہیں' پس اس وقت میں اس درجے (اینٹرڈ اپرینٹس) سے متعلقہ راز آپ کو بتاؤں گا یا پھر وہ مخصوص علامتیں جن کا ہر میسن کو علم ہے۔ آپ یہ حقیقت بہر حال ذہن نشین رکھیں کہ یہاں کے (معماروں والے اوزار) لیول' عمود' قائمہ زاویے وغیرہ میسن کی شناخت کے لئے اصلی علامات ہیں۔ اس لئے آپ سے یہ توقع رکھی جائے کہ آپ ہمیشہ بالکل سیدھے کھڑے ہوں گے۔ (امیدوار ایسا کرتا ہے) آپ کے دونوں پاؤں ہمیشہ قائمہ زاویہ بنایا کریں گے اس طرح آپ کا جسم آپ کے ذہن کے بالکل سیدھا ہونے کی عکاسی کرے گا اور پاؤں تمام اعمال میں راستی کی علامت ہوا کریں گے۔

اب آپ میری طرف ایک چھوٹا سا قدم اس طرح بڑھائیں گے کہ آپ کی بائیں ایڑھی دائیں ایڑھی کے ساتھ والی گہری جگہ پر فٹ ہو کر (تصویر 2 مذکورہ کی طرح) قائمہ زاویہ بنائے۔ یہ فری میسن کی پہچان کیلئے پہلا قدم ہے کہ اسی سے دوسرے میسن بھائی کو باخبر کیا جاتا ہے اور راز بتائے جاتے ہیں الفاظ یا اشارات کی صورت میں (ورشپ فل ماسٹر اٹھتا ہے اور قدم بڑھاتا ہے) اپنا ہاتھ اس طرح سینے کے متوازی اٹھایئے کہ ہاتھ کا انگوٹھا گلے کی سمت 90 درجے کا زاویہ بنائے۔ یہ اس بات کی نشاندہی ہے کہ اگر تم نے رازوں کی حفاظت نہ کی تو گلا کٹ سکتا ہے۔ علاوہ ازیں دوسرے میسن بھائی سے ہاتھ ملاتے وقت دائیں ہاتھ کے انگوٹھے سے' اس کے بائیں ہاتھ کی پہلی پور کے اوپر جوڑ سے ذرا نیچے مخصوص دباؤ دیں (ورشپ فل ماسٹر امیدوار کے ساتھ ایسا کرتا ہے) اس سے آپ' دن ہو یا رات' کسی بھی وقت اپنے مخاطب کو بطور میسن شناخت کر سکتے ہیں۔ ایسا ہاتھ زیادہ عرصہ تک نہیں ملانا چاہئے بلکہ اس کے ساتھ ہی پاس ورڈ کہنا ہوگا تاکہ شناخت پکی طرح ہو مثلاً پہلی ڈگری میں

بوآز (B.O.A.Z) ہے (جونیئر ڈیکن لفظ کے ہجے امیدوار کو بتاتا ہے) تقریب کے دوران تمہیں اس طرح مخاطب کیا جائے گا۔ (جونیئر ڈیکن مناسب جوابات کیلئے آپ کی مدد کرے گا)

ورشپ فل ماسٹر : (امیدوار سے ہاتھ ملاتے ہوئے) یہ کیا ہے؟

امیدوار : (جونیئر ڈیکن کی مدد سے) یہ گرفت' علامت ہے اینٹرڈ اپرنٹس فری میسن کے لئے۔

ورشپ فل ماسٹر : اس کا مطالبہ کیا ہے۔ (امیدوار اور جونیئر ڈیکن بیک زبان) ایک لفظ۔

ورشپ فل ماسٹر : مجھے وہ لفظ دیجئے۔

امیدوار : (جونیئر ڈیکن کی مدد سے) میری تعارفی تقریب میں مجھے احتیاط کرنے کی تاکید کی گئی تھی لہذا میں اس لفظ کو آپ کے ساتھ نصف کرتا ہوں۔

ورشپ فل ماسٹر : ایسا کیجئے۔

امیدوار : B یا ب

ورشپ فل ماسٹر : O یا و

امیدوار : A یا آ

ورشپ فل ماسٹر : Z یا ز

ورشپ فل ماسٹر : یہ لفظ' سلیمان بادشاہ کے معبد میں داخلے کے پورچ کے بائیں ہاتھ والے ستون سے لیا گیا ہے' جس کے معنی "قوت میں" متعین کئے گئے ہیں۔

ورشپ فل ماسٹر : دوبارہ ہاتھ ملاتے ہوئے' پاس ورڈ "بوآز"۔

جونیئر ڈیکن : امیدوار کو بائیں بازو سے پکڑ کر جونیئر وارڈن کے سامنے بموجب

نقشہ سابقہ 8 نمبر پر' سینئر وارڈن کے سامنے بموجب نقشہ نمبر 9 پر' پھر اسی طرح 10' 11 اور 12 پر لے کر جاتا ہے جہاں مذکورہ طریقے پر (ورشپ فل ماسٹر کے ساتھ مکالمہ) پاس ورڈ 'بوآز' سے تعارف ہوتا ہے۔ چاروں طرف تعارف کے بعد' سینئر وارڈن 'پینل علامت' کے ساتھ' ورشپ فل ماسٹر! میں اس تعارف کے وقت برادر فلاں (امیدوار کا نام) کو آپ کے روبرو پیش کرتا ہوں تاکہ آپ اسے میسن کی علامتی نشانی سے نوازیں۔

ورشپ فل ماسٹر: برادر سینئر وارڈن! میں آپ کو اختیار دیتا ہوں کہ آپ اسے میسن کا قابلِ قدر نشان مرحمت فرمائیں۔

سینئر وارڈن: (امیدوار سے) برادر ...... میں' ورشپ فل ماسٹر کے حکم سے فری میسن کا انتہائی قابلِ قدر نشان عطا کرتا ہوں جو قدیم ترین سنہری پشم یارومن عقاب سے بھی پرانا' اور کسی بھی مقدس ترین اعزاز سے زیادہ مقدس ہے کیونکہ یہ بیج معصومیت اور بھائی چارے کی علامت ہے اور میں تمہیں پہنے رکھنے کی تلقین کرتا ہوں اور اس کے وقار کی پاسدار کی بھی اور تم پر یہ بھی واضح کرتا ہوں کہ اگر تم نے کبھی اسے رسوانہ کیا تو یہ تمہیں کبھی رسوانہ ہونے دے گا (اپنے ہتھوڑے سے دستک دیتا ہے' دوسرے براوران بھی دہراتے ہیں) اس کے بعد سینئر وارڈن بیٹھ جاتا ہے اور جونیئر ڈیکن امیدوار کا رخ ورشپ فل ماسٹر کی طرف پھیر دیتا ہے۔

ورشپ فل ماسٹر: سینئر وارڈن کے بعد مجھے اس پر یہ اضافی بات کہنے کی اجازت دیجئے کہ جب آپ لاج میں شریک ہونے والے ہوں' تو یہ بیج استعمال نہ کریں' اگر اسی لاج میں کوئی دوسرا برادر شریک ہو رہا

ہو' جس سے آپ کے اختلافات ہوں' پسندیدہ ترین عمل یہ ہوگا کہ سب کچھ لاج کے باہر طے کر کے صاف دلی سے آپ لباس تبدیل کر کے لاج میں داخل ہوں اور پھر یہاں فری میسن کے روایتی خوش و خرم ماحول میں باہم محبت و اخوت سے کام کریں۔ بد قسمتی سے اگر آپ دونوں اپنے اختلاف کو باہر طرے کرنے میں ناکام رہیں تو اس صورت میں کوئی ایک بلکہ دونوں ہی لاج سے باہر رہیں تاکہ یہاں کا ماحول کشیدہ نہ ہو۔

ورشپ فل ماسٹر: برادر جونیئر ڈیکن' اب آپ ہمارے نئے بھائی کو لاج کے شمال مشرقی حصے میں متعین کر دیجئے (جونیئر ڈیکن ورشپ فل ماسٹر سے تقریباً دو فٹ کے فاصلے پر ایسا کرتا ہے' وہ امیدوار کو بتاتا ہے کہ لاج میں اپنی دونوں سیڑھیوں کو ملا کر رکھنا ہے' اور اس حال میں کہ دایاں پاؤں لاج کی اندرونی سمت ہو' نقشہ نمبر 11 میں)

ورشپ فل ماسٹر: چونکہ یہ رسم ہے کہ شمال مشرق میں تعمیر کی بنیاد رکھی جاتی ہے اس لئے تمہیں شمال مشرق میں تعینات کیا گیا ہے جو تمہارے سنگ بنیاد رکھے جانے کی علامت ہے اور تم سے توقع کی جاتی ہے کہ تم فری میسن کے قابل فخر عمارت میں بہتر مقام پیدا کرو گے۔ خارجی معاملات میں تم ایک صاف سیدھے وفادار فری میسن کا کردار نہ بھولو گے۔ اس کے بعد میں فری میسن کی انسان دوستی کے معروف طریقے کو ذہن نشین کرانے کے لئے آپ کا ایک اور امتحان لوں گا اور یہ ہے کہ آپ کے جذبہ سخاوت کی تصدیق! فری میسن تحریک سے منسلک برادران کرہ ارض پر ہر جگہ موجود ہیں اور سب کی حیثیت ایک جیسی نہیں ہے لہذا ہم ہر

نئے آنے والے کو یہ ترغیب دیا کرتے ہیں کہ وہ اپنے نادار بھائیوں کی مدد کیلئے وسائل لاج کے سپرد کرے جو ہم شکریے سے وصول کرتے ہیں اور پوری وفاداری سے متعلقہ جگہ خرچ کرتے ہیں۔ بلاشبہ یہ خیر کا عمل ہے اور خدا کی رحمت حاصل کرنے کا ذریعہ بھی (جونیئر ڈیکن آپ سے خیرات وصول کر لیں گے)

جونیئر ڈیکن : (امیدوار کے سامنے صندوقچی پیش کرتے ہوئے) کیا آپ کے پاس کچھ خیرات کرنے کے لئے موجود ہے؟

امیدوار : مجھ سے بن پایا تو میں ضرور دوں گا۔

جونیئر ڈیکن : کیا لاج میں داخلے کے وقت آپ سے تمام قیمتی اشیاء لے لی گئی تھیں؟

امیدوار : جی ہاں۔

جونیئر ڈیکن : اگر آپ سے سب کچھ نہ لے لیا جاتا تو کیا آپ خیرات کرتے؟

امیدوار : جی ہاں۔

جونیئر وارڈن : (پینل بناتے ہوئے ورشپ فل ماسٹر سے) ورشپ فل ماسٹر! نئے برادر سے لاج میں داخلے کے وقت سب کچھ لے لیا گیا تھا ورنہ یہ ابھی خیرات کرتے۔

ورشپ فل ماسٹر : آپ کے جذبے کی قدر کرتے ہوئے آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ ہم یقیناً اس کے محتاج نہیں ہیں مگر یہ امتحان تین اسباب سے لیا گیا' جس میں سے پہلا سبب آپ کے اصولوں کی آزمائش تھی'دوسرا سبب برادران کو یہ بتانا تھا کہ آپ کے پاس کوئی سکہ یا قیمتی چیز نہیں تھی (بلکہ لاج کے دروازے پر سب لے لیا گیا تھا) اور تیسرے آپ کو یہ احساس دلانا تھا کہ کارگہ حیات (عملی

زندگی) میں آپ کے سامنے کبھی کوئی محتاج برادر آئے تو اپنے اس وقت کو یاد کر کے آپ اس کی مناسب مدد کرنا نہ بھولئے گا۔

(جونیئر ڈیکن' امیدوار کو (نقشے میں نشان 12 پر) ورشپ فل ماسٹر کے سامنے کھڑا کر دیتا ہے)

ورشپ فل ماسٹر: میں آپ کو اب اینٹرڈ اپرنٹس فری میسن کے اوزار پیش کرتا ہوں' ان میں پہلی چیز 24 انچ کا فٹ رول ہے' دوسری اور تیسری چیز ہتھوڑا اور چھینی ہے (ورشپ فل ماسٹر اس لمحے ہر چیز اپنے دائیں سے اٹھا اٹھا کر پیش کرتا ہے) 24 انچ کی گیج (فٹ رول) ہمارے کام کو ناپنے کے لئے ہے۔ اور عام طرز کا یہ لکڑی کا ہتھوڑا ناپسندیدہ اور مداخلت کار چیزوں کو دبانے کی علامت ہے جبکہ چھینی (چیزل) راستے کے پتھروں کو مزید ملائم اور کارآمد بنا کر فری میسن کے کام کو سہل بنانے کی علامت ہے۔ چونکہ ہم اصلی معمار نہیں ہیں بلکہ آزاد اور مسلمہ معمار ہیں ہم ان اوزاروں کو صرف بطور مذکورہ علامات لیتے ہیں جن کی مزید تشریح یوں ہے کہ 24 انچ کی گیج دن رات کے 24 گھنٹے ہیں جن کا ایک حصہ اللہ کی عبادت میں صرف کرنے کے لئے' ایک حصہ کام کے لئے' ایک تفریح کی خاطر جبکہ ایک چوتھائی برادران اور گرد و پیش بسنے والے انسانوں کی خدمت کے لئے ہتھوڑا ضمیر کی قوت کا نام ہے جو ذہن میں ابھرنے والے غلط خیالات کو دبانے اور عملی زندگی کی رکاوٹوں کو ہٹانے کے لئے استعمال ہوگی۔ جبکہ چھینی ہمیں تعلیم اور علم کے فائدوں سے آگاہ کرتی ہے جس کے سبب ہم فری میسن بن کر مہذب سوسائٹی کا قابل توجہ حصہ بنتے ہیں۔

جیسا کہ ابھی آپ سے تعارفی فیس کا مطالبہ کیا جائے گا' مناسب
ہے کہ میں آپ کو یہ بتا دوں کہ ہم کس ضابطے کے تحت کام
کرتے ہیں۔ (اس موقعہ پر چارٹر یا وارنٹ کھول کر امیدوار کو
دکھاتا ہے) یہ انگلستان کے گرینڈ لاج کا جاری کردہ ضابطہ ہے
جسے آپ کسی بھی وقت یہاں دیکھ سکتے ہیں (امیدوار کو ایک نقل
بھی دی جاتی ہے)۔ یہی ہمارا قانون اور دستور العمل ہے۔ میں
چاہوں گا کہ آپ مکمل غور اور سنجیدگی سے مطالعہ کریں کیونکہ
اسی کے مطابق آپ سے بطور کرافٹ میسن فرائض کی ادائیگی کیلئے
کہا جائے گا۔ اس کے بعد اب آپ آزاد ہیں اور پر سکون بنیئے مگر
لاج سے واپسی کے وقت آپ کو ایک چیز سنبھالنا ہے' جو لاج
کے ہر معزز ممبر سے سنبھالنے کو کہا جاتا ہے۔

(جونیئر ڈیکن امیدوار کو نقشہ مذکورہ میں حالت 13 پر' سینئر
واردن کے بائیں لے جاتا ہے جہاں اسے ورشپ فل ماسٹر کو
پہلی ڈگری کی علامت کے ساتھ سلام کرنے کو کہا جاتا ہے۔ اس
کے بعد امیدوار واپس ہو جاتا ہے) اس پر تعارفی تقریب کا
اختتام ہوتا ہے۔

(لاج میں امیدوار کی واپسی کے بعد اسے ورشپ فل ماسٹر کو
سلام کرنے کو کہا جاتا ہے پھر اسے جونیئر ڈیکن سینئر وارڈن کے
بائیں بٹھاتا ہے)

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

امیدوار کی تعارفی تقریب کے بعد ذمہ داری

ورشپ فل ماسٹر: (امیدوار سے) برادر (فلاں) اب چونکہ آپ تعارفی تقریب کے تمام مراحل بخیر و خوبی طے کر چکے' میں آپ کو ایک بار پھر مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ آپ قدیم ترین اور معزز لاج کے ممبر تسلیم کئے جا چکے ہیں۔ بلاشبہ فری میسن قدیم اور متبرک ترین ادارہ ہے کہ بادشاہ اور شہزادے یا دوسرے اہم افراد اس کا ممبر ہونے پر فخر کرتے رہے۔ یہ ایک اعزاز ہے مگر ان کے لئے جو وفادار ہوں' جو اس میں شمولیت کو اپنے مرتبے سے فروتر نہ سمجھیں۔

میں بطور فری میسن' پرزور انداز میں آپ کو "کتاب مقدس" جو ہمارا ضابطہ حیات ہے' کو سنبھالے رکھنے کی تاکید کرتا ہوں اور اس یقین و ایمان کے ساتھ کہ اس میں کوئی غلطی نہیں ہے' یہ اعتماد اور انصاف کے تقاضوں پر پوری اترتی ہے' اس میں آپ کے اعمال کو راستی پر رکھنے' خدا کی طرف سے عائد فرائض اور ہمسائیوں کے حقوق کی ادائیگی سے متعلق راہنمائی ہے۔ ہر مشکل مرحلے میں' اپنی زندگی کے ہر جائز کام میں' دکھ اور سکھ

میں' ہر مقام پر' آپ کو اللہ کی مدد درکار ہوگی' جو اس مقدس ضابطے سے ملے گی۔ ہمسائیوں کی جائز حد تک ہر مدد اور ان کے ساتھ رحم و انصاف کے تقاضوں کو آپ زاویہ قائمہ 'ٹن کر' کے اصول پر پورا کریں گے اور ایسا کرتے وقت ان سے یہی توقع کریں گے۔ یوں آپ خالق کی طرف سے دی گئی تمام صلاحیتیں' تمام وسائل' اس کے بندوں کی خدمت کے لئے وقف کریں گے۔

اس دنیا میں شہری ہونے کے ناطے سے میں آپ کو ٹھیک ٹھیک حقوق شہریت ادا کرنے کی تاکید کرتا ہوں' کوئی ایسا عمل آپ سے سرزد نہ ہو جو دوسروں کے امن و سکون کو غارت کرنے کا سبب بنے' جس ملک میں آپ ہوں وہاں کے قوانین کا احترام آپ پر لازم ہے مگر اپنے آبائی وطن کے تقاضوں کو کبھی فراموش نہ کریں جس کی محبت آپ کے رگ و ریشے میں قدرت کی طرف سے ودیعت کی گئی ہے۔

بحیثیت ایک فرد کے' افراد اور معاشرے سے متعلقہ ذمہ داری کی طرف متوجہ کرتا ہوں کہ ہر جگہ کے مفادات کی حفاظت کریں' عملی زندگی کے ہر معاملے میں' ہر قدم پر آپ کو ہوشمند راہنمائی' ہمہ وقت سدھار کے لئے اعتدال' تحمل و بردباری اور حق انصاف کی نعمت نصیب رہے۔ آپ خصوصیت کے ساتھ فری میسن کی امتیازی شان' سخاوت و شفقت کو ہر لحہ بلند رکھیں۔ کردار کے بنانے میں کچھ دوسری صفات بھی ہر فری میسن سے مطلوب ہیں اور انہیں مختصراً یوں کہا جا سکتا ہے' راز داری' وفاداری اور فرمانبرداری۔

جو فرض آپ نے اپنے کندھوں پر لیا ہے رازداری اس کی اولین شرط ہے' جو راز آج آپ کے علم میں آئے ہیں یا جو بعد میں بھی آئیں گے ان کی جان سے زیادہ حفاظت آپ کا فرض ہے۔ آپ کی وفاداری یہ ہے کہ غلط طریقے سے راز حاصل کرنے کی کوشش نہ کریں خصوصاً اپنے سے اعلیٰ لاج سے متعلقہ اور نہ ہی کسی ایسے آدمی کو راز بتائیں یا اس کو لاج میں لانے کی سفارش کریں جب تک یہ یقین نہ ہو جائے کہ وہ مکمل طور پر بھروسے کا آدمی ہے۔ اور فرمانبرداری یہ ہے کہ آپ لاج کے قواعد و ضوابط اور نظم و نسق کی مکمل پابندی کریں اور لاج میں مذہب اور سیاست پر قطعاً گفتگو نہ کریں۔ کثرت رائے سے برادران جو فیصلہ بھی کریں اس پر عمل درآمد ہو۔ وارڈن حضرات اور ورشپ فل ماسٹر کی مکمل اطاعت ہو۔

اور آخری بات یہ کہ آپ آج سے باوقار' باعزت زندگی گذارنے' بني نوع انسان کے لئے نفع بخش اور معاشرے میں ہیرا بن کر رہنے کا تہیہ کر لیں جس کے لئے آج آپ ممبر بنے ہیں۔ آج سے آپ زیادہ بہتر طریقے سے میسن سے متعلقہ 'فنون' جو کمپاس (پرکاروں) کی حدود کے اندر (یعنی متعلقہ ڈگری کے دائرہ کار میں ہوں) ہوں سیکھ کر اپنے علم میں اضافہ کریں۔ آپ کو سب کچھ دیا جا چکا ہے اور یہ یقین کرنے میں اب کوئی مانع نہیں ہے کہ آپ کو فری میسن کی حقیقی قدر و قیمت سے آگاہی حاصل ہو چکی ہوگی اور آپ کے سینے میں مقدس حقیقت' وقار اور فائدے کندہ ہو چکے ہوں گے۔

(جونیئر ڈیکن امیدوار کو ایک کرسی پیش کرتا ہے)

پہلی ڈگری کا ٹریسنگ بورڈ

فری میسن کی رسومات نے دراصل قدیم ترین مصری تہذیب کے ساتھ ہی جنم لیا تھا۔ اس کے بانی فلاسفروں نے میسنری سے متعلقہ اسرار و رموز کو 'کم نظروں' اور بازاری قسم کے لوگوں کی آنکھوں سے او جھل رکھنے کے لئے مختلف' علامات' نقوش اور ہندسوں وغیرہ کا سہارا لیا' چونکہ وہ خود بھی اس اخفا کیلئے قسم سلیمانی کے سبب پابند تھے۔ مسئلہ فیثا غورث ہو یا اسی نوع کی کوئی جدید کوشش' ہر شے مذکورہ حقیقت کے ساتھ وابستہ ہے۔

فری میسن صرف قدیم ترین ہی نہیں بلکہ معزز ترین بھی ہے اور معاشرتی زندگی میں کوئی دوسرا اس کی ہمسری نہیں کر سکتا کیونکہ بظاہر کوئی علامت نہ رکھتے ہوئے بھی' اس کی بنیاد پارسائی پر ہے' مگر صرف ان کے لئے' جنہوں نے شمولیت کی۔

سب سے پہلے' لاج کا تعارف یوں کرا دینا زیادہ بہتر ہے کہ اس کے چاروں اضلاع لمبائی' چوڑائی اور گہرائی تک (سطح زمین تک) ہمہ پہلو برابر ہیں۔ اور یہ بہت ہی اونچا ہے۔ جو اس بات کی علامت ہے کہ جنت کے سائے میں میسن کی رحم دلی' سخاوت اور پارسائی کے علاوہ سائنس سے لگاؤ میں بے مثال بھی ہے۔

لاج مقدس زمین پر تعمیر ہوتا ہے' جس کے لئے تین آفاقی پیشکشیں اور مقدس منظوری عطا ہوئی تھی۔ پہلی یہ کہ ابراہیم نے اپنے بیٹے اسحاق کی سوختی قربانی پیش کی تھی۔ جس کو خدا نے قبول کرتے ہوئے دوسری جنس میں تبدیل کر دیا (اور اسحاق کی جان بچائی تھی) تھا۔ دوسری داؤد بادشاہ کی دعاؤں کی قبولیت سے بني نوع انسان کا مہلک وبا سے بچنا اور تیسری یہ کہ اسرائیل کے بادشاہ سلیمان نے سوختنی قربانی اور شکر و امتنان کے بے شمار جذبات سے یروشلم کی (ہیکل) عبادت گاہ' تعمیر اور سجاوٹ کے بعد خدا کی بندگی کیلئے وقف کی تھی۔ اس وقت کے یہ اعمال' آج اور تاقیامت زمین کو پاک رکھیں گے۔

دوسری بہت سی عبادت گاہوں کی طرح ہمارے لاج مشرق اور مغرب کی مناسبت کو سامنے رکھتے ہوئے تعمیر ہوتے ہیں۔ میسن کے تمام لاج اسی رخ ہونے لازم ہیں کیونکہ اولاً طلوع سورج جو خالق کی عظمت کا پیغام لے کر آتا ہے' مشرق سے ابھر کر مغرب میں غروب ہو جاتا ہے' ثانیاً علوم کا آغاز مشرق سے ہو کر مغرب میں پھیلا' رہ گیا آخری اور بڑا سبب یہ ہر میسن کو لاج کے لیکچر میں ذہن نشین کرلیا جاتا ہے۔

لاج تین ستونوں کے سہارے پر ہوتا ہے' یہ ہیں دانش' قوت اور حسن' دانش کی ضرورت' موقع کی مناسبت سے نئی راہیں متعین کرنے کے لئے ہے' قوت ہر طرح کے حالات میں سینہ سپر رہنے کی خاطر اور خوبصورتی (حسن) لاج کو آراستہ رکھنے کے لئے' دانش قدم قدم پر راہنمائی حاصل کرنے کے لئے ہے تو حسن ہر میسن کی اندرونی کیفیات میں نکھار پیدا کرنے کا نام بھی ہے۔ ساری دنیا خالق کی عبادت گاہ ہے' جس کی ہم خدمت بجا لاتے ہیں' دانش' قوت اور حسن اس کی اس وسیع مملکت کے بھی ستون ہیں۔ اس کی قوت ہر جگہ ہر کام میں عیاں' اور اس کا حسن ہمارے چاروں طرف جلوہ گر۔ زمین کو اس نے قیام کی جگہ بنایا تو آسمانوں کی چھت بنادی' اپنی

لاج مقدس زمین پر تعمیر ہوتا ہے' جس کے لئے تین آفاقی پیشکشیں اور مقدس منظوری عطا ہوئی تھی۔ پہلی یہ کہ ابراہیم نے اپنے بیٹے اسحاق کی سوختی قربانی پیش کی تھی۔ جس کو خدا نے قبول کرتے ہوئے دوسری جنس میں تبدیل کر دیا(اور اسحاق کی جان بچائی تھی) تھا۔ دوسری داؤد بادشاہ کی دعاؤں کی قبولیت سے بنی نوع انسان کا مہلک وبا سے بچنا اور تیسری یہ کہ اسرائیل کے بادشاہ سلیمان نے سوختنی قربانی اور شکر و امتنان کے بے شمار جذبات سے یروشلم کی (ہیکل) عبادت گاہ' تعمیر اور سجاوٹ کے بعد خدا کی بندگی کیلئے وقف کی تھی۔ اس وقت کے یہ اعمال' آج اور تاقیامت زمین کو پاک رکھیں گے۔

دوسری بہت سی عبادت گاہوں کی طرح ہمارے لاج مشرق اور مغرب کی مناسبت کو سامنے رکھتے ہوئے تعمیر ہوتے ہیں۔ میسن کے تمام لاج اسی رخ ہونے لازم ہیں کیونکہ اولاً طلوع سورج جو خالق کی عظمت کا پیغام لے کر آتا ہے' مشرق سے ابھر کر مغرب میں غروب ہو جاتا ہے' ثانیاً علوم کا آغاز مشرق سے ہو کر مغرب میں پھیلا' رہ گیا آخری اور بڑا سبب یہ ہر میسن کو لاج کے لیکچر میں ذہن نشین کرلیا جاتا ہے۔

لاج تین ستونوں کے سہارے پر ہوتا ہے' یہ ہیں دانش' قوت اور حسن' دانش کی ضرورت' موقع کی مناسبت سے نئی راہیں متعین کرنے کے لئے ہے' قوت ہر طرح کے حالات میں سینہ سپر رہنے کی خاطر اور خوبصورتی (حسن) لاج کو آراستہ رکھنے کے لئے' دانش قدم قدم پر راہنمائی حاصل کرنے کے لئے ہے تو حسن ہر میسن کی اندرونی کیفیات میں نکھار پیدا کرنے کا نام بھی ہے۔ ساری دنیا خالق کی عبادت گاہ ہے' جس کی ہم خدمت بجا لاتے ہیں' دانش' قوت اور حسن اس کی اس وسیع مملکت کے بھی ستون ہیں۔ اس کی قوت ہر جگہ ہر کام میں عیاں' اور اس کا حسن ہمارے چاروں طرف جلوہ گر۔ زمین کو اس نے قیام کی جگہ بنایا تو آسمانوں کی چھت بنا دی' اپنی

وسیع عبادت گاہ (دنیا) کو اس نے ستاروں کے جواہرات سے مزین کیا۔ اپنے تاج میں ہیرا (چاند) جڑا' اپنے ہاتھوں اس نے حضرت انسان کو قوت اور کامرانی سے نوازا' سورج اور چاند اس کے (احکامات کے) پیامبر ہیں اور اس وسیع کائنات میں اس کا قانون قطیعت کے ساتھ مربوط نظر آتا ہے۔ فری میسن لاج کے تینوں ستون اس کے ساتھ منسوب ہونے کے ساتھ ساتھ اس بات کی طرف بھی اشارہ کرتے ہیں کہ اسرائیل کے بادشاہ سلیمان نے یروشلم کی مقدس عبادت گاہ (ہیکل) بنائی۔ اور ٹائر (صور) کے شاہ' حرام نے اس کی مدد کے لئے مزدور اور مصالحہ فراہم کیا اور حرام ابیف نے بڑی محنت اور مہارت سے اس عبادت گاہ کو آراستہ پیراستہ کیا۔ ہم فری میسن' عملی تعمیر میں دسترس نہ رکھتے ہوئے ہمیشہ اسے تین بلند تر ناموں سے یاد رکھتے ہیں: ڈورک' آئیونگ اور کورتھین۔ (قدیم یونانی تعمیر کیلئے مستعمل نام)

فری میسن لاج کی چھت بہشتی رنگ کی ہوتی ہے جہاں تک ہر میسن' پیغمبر یعقوب کی سیڑھی کے ذریعے پہنچنے کی امید رکھتے ہیں' اس میں کئی گول اور چپٹے ٹکڑے استعمال ہوئے ہیں جو مختلف اخلاقی اقدار کی علامت ہیں مگر تین یقیناً بنیادی ہیں' یقین' امید اور سخاوت' یقین محکم خدا کی ذات میں' امید نجات کیلئے اور سخاوت بنی نوع انسان کی خدمت کے لئے۔ کتابِ مقدس یہ یقین دلاتی ہے کہ یہی سیڑھی (راستہ) ہمیں جنت کے (ضامن) مقدس ضابطہ حیات تک لے جائے گی۔ پھر اسی اعتماد کے ساتھ سیڑھی پر پہلا قدم رکھتے ہیں' اسی سے ہماری امید بندھتی ہے اور اس 'ضابطہ حیات' میں کئے گئے وعدوں کے سبب ہم سیڑھی پر دوسرا قدم بڑھاتے ہیں۔ تیسرا اور آخری قدم سخاوت ہے اور جس میسن برادر میں یہ صفت جس قدر زیادہ ہے' اسی قدر وہ لاج میں مقبول ہے' آسمان پر دکھتے دب اکبر کی طرح' جو میسن' لاج کو زیادہ سے زیادہ قابل اعتماد امیدواروں سے متعارف کرائے وہی بلند ترین مقام پر فائز ہوتا ہے اور اس کی مثال ایسے ہے جیسے انسانی آنکھ سے اوجھل جنت کے اندر بہترین مکان حاصل کرنے والا یا آسمان پر سات ستاروں کا تابندہ جھمکتا۔

فری میسن لاج کے اندر' اس کی تزئین فرنیچر اور دوسرے آرائشی سامان کی مرہون منت ہے' آرائش میں لاج کے اندر پختہ پچی کاری ہوتی ہے' فرش کے درمیان ایک چمکدار ستارہ اور سفید و سیاہ مثلثوں والا خوبصورت حاشیہ لگانے کے ساتھ ساتھ اندر کی جانب سیاہ و سفید مربعہ جات سے اسے مزین کیا جاتا ہے۔ درمیانی چمکدار ستارہ نصرت و کامرانی کی علامت ہے اور متنوع فرش اور حاشیہ میسن برادران کے مخصوص فن تعمیر اور تزئین کو ظاہر کرتا ہے۔ درمیانی ستارہ سورج کو بھی ظاہر کرتا ہے جس سے دھرتی منور ہوتی ہے اور انسان برکات سے متمتع ہوتا ہے۔ مثلثوں والا حاشیہ دوسرے سیاروں کی علامت بھی ہے جو سورج کے گرد گردش کر کے کائنات کے حسن کو چار چاند لگاتے ہیں یا اسی طرح میسن برادران ہیں جو لاج کی مرکزیت کے گرد جمع ہیں۔

فری میسن لاج کے فرنیچر (سامان) میں پہلی چیز' مقدس ضابطہ حیات ہے' دوسری مربعہ یا قائمہ زاویہ اور تیسری پرکاریں ہیں۔ ضابطہ حیات کی مقدس کتاب' ایمان و یقین میں راہنما ہے اور پرکاروں کا مربعہ کے ساتھ اشتراک ہماری روزمرہ زندگی کی راہیں متعین کرنے میں راہنمائی دیتا ہے۔ مقدس کتاب خدا کی طرف سے ہے' پرکاریں گرینڈ ماسٹر سے متعلق ہیں اور مربعہ ہر کرافٹ میسن سے۔ لاج کے جواہرات میں سے تین ایسے ہیں جو منقولہ ہیں (ہلائے جلائے جا سکتے ہیں) اور تین غیر منقولہ (جس کو اپنی جگہ سے ہٹایا نہیں جا سکتا)۔ منقولہ میں مربعہ' لیول اور پلمب رول (گرمالا) ہے (تعمیر میں استعمال ہونے والے اوزاروں کے نام) معماروں کے پاس مربعہ کونے سیدھے رکھنے کے لئے استعمال ہوتا ہے اور لیول' سطح کو ہموار دیکھنے یا ہموار بنانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے جبکہ پلمب رول (گرمالا) اٹھائی جانے والی دیوار میں سیدھائی رکھنے کے لئے اہم ہے۔ انہیں اخلاقی سبق ہے مثلاً مربع فری میسن کے اخلاق' لیول برابری اور پلمب رول انصاف اور راستی کی علامت ہے جو ہر فری میسن میں نمایاں نظر آنے چاہئیں' یہ قابلِ انتقال اس لئے ہیں کہ یہ ماسٹر میسن اور وارڈن

حضرات کے عہدوں کے نشان ہیں اور ایک کے بعد دوسرے کو منتقل ہوتے رہتے ہیں۔ ماسٹر کی معروف علامت قائمہ زاویہ ہے' سینئر وارڈن کیلئے لیول اور جونیئر وارڈن کا نشان پلمب رول (گرمالا) ہے۔

لاج کے غیر منقولہ (نہ منتقل کئے جا سکنے والے) جواہر' ٹریسنگ بورڈ' مکمل اور کھردرے سے (اشلر) مربعہ نما بلاک' ٹریسنگ بورڈ ماسٹر میسن کے لئے ہے کہ وہ اس پر ڈیزائن بنائے' اور کھردرا بلاک نئے داخل ہونے والے "اینٹرڈ اپرنٹس" کیلئے کہ وہ کام کا آغاز یہاں سے کرے اور مکمل بلاک دوسرے میسن برادران کے لئے کہ وہ اس کی بنیاد پر اپنے مقام و مرتبے کا تعین کرتے رہیں۔

جس طرح لاج کے اندر ماسٹر کے لئے ٹریسنگ بورڈ' جس پر خاکے بنا کر لاج کے ممبران کی راہنمائی کا فریضہ ادا کرتا ہے' بعینہ اس کائنات کے خالق کا یہ دنیا ٹریسنگ بورڈ ہے اور کتاب مقدس اس بورڈ پر راہنمائی کرنے کی کتاب جس پر عمل سے جنت کے انعام کو حاصل کیا جا سکتا ہے۔ کھردرا مکعب جو صرف ایک پتھر ہے' پہاڑ سے لانے کے بعد اس کو معیار پر لا کر قابل استعمال بنایا جاتا ہے' یہ ہمیں اس سبق کی یاد دہانی کراتا ہے کہ انسان پر پیدائش کے بعد مختلف ادوار گذرتے ہیں۔ والدین کی شفقت بھری پرورش اس کے کردار میں نرمی اور ملائمت کے ساتھ سدھار پیدا کر کے اسے معاشرے کی عمارت کا عمدہ پتھر بنا دیتی ہے اور مکمل تراشیدہ پتھر جو قائمہ زاویہ اور پرکار کی کسوٹی پر ہر طرح درست ہے اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ برس ہا برس کی تربیت اور دیکھ بھال کے بعد انسان پارسائی کے نقطہ نظر سے خالق کائنات کے معیار پر پورا اترتا ہے۔

تمام مسلمہ اصولوں اور قاعدے کے مطابق تعمیر شدہ لاجوں میں دائرے کے درمیان مخصوص نشان اس بات کی علامت ہے کہ یہاں بیٹھ کر برادران غلطی نہیں کرتے۔ یہ دائرہ شمالاً جنوباً دو متوازی لائنوں کے درمیان ہے جن میں ایک لائن

موسیٰ اور دوسری سلیمان بادشاہ سے تعلق کو ظاہر کرتی ہے' دائرے کے اوپر کی جانب کتاب مقدس ہے جس کے ساتھ یعقوب بادشاہ کی سیڑھی ہے جس کا اوپر کا سرا بہشت کو جاتا ہے۔ دائرے میں کھڑے ہوتے وقت ان متوازی لائنوں اور مقدس قانون کی کتاب کو چھونا لازم ہے اور جب میسن ایسا کرتا ہے تو وہ کبھی غلطی نہیں کر سکتا۔ 'لیوس' کا لفظ (Lewis) طاقت کا مظہر ہے اور لاج میں اسے پتھر میں لوہے کے ٹکڑے گاڑھ کر کلپ کی شکل میں کرین کے ساتھ ظاہر کیا گیا ہے جس کی معنی یہ ہیں کہ میسن بوجھ اٹھا کر متعین مقام پر' اسے کرین کی طرز پر رکھتا ہے' والدین کے لئے اسے دن بھر مشقت کا بوجھ اٹھاتا ہے' ان کی مدد کرتا ہے' میسن اور لیوس ایک ہی چیز کے دو نام ہیں۔ لاج کے کونے میں لٹکتے 'لاکٹ' چار باتوں یعنی رحم دلی' صبر' پرہیز اور انصاف کی علامت ہیں۔ اچھے فری میسن سے توقع کی جاتی ہے کہ اس کے سینے میں وفاداری' رحم اور عزت کا جذبہ بدرجہ اتم ہوگا۔

PLATE 3.—TRACING BOARD, FIRST DEGREE.

دوسرے درجہ (فیلو کرافٹ) میں قبول کئے جانیوالے امیدوار سے پوچھے جانیوالے سوالات

(دوسری ڈگری کے امیدوار کو لازماً یہ سوالات اور جوابات زبانی یاد ہونے چاہئیں' امیدوار کی سفارش کے بعد لاج میں حاضری کے لئے کم از کم ایک ماہ کا وقفہ ضرور ہو) لاج کو پہلی ڈگری میں کھولنے کے بعد' جونیئر ڈیکن امیدوار کو سینئر وارڈن کے بائیں جانب اور ورشپ فل ماسٹر کے سامنے لاتا ہے۔ امیدوار نہ تو قدم ملاتا ہے اور نہ ہی مخصوص نشانی بناتا ہے)

ورشپ فل ماسٹر: برادران' آج شام برادر (فلاں) دوسرے درجے میں لئے جانے کے لئے بطور امیدوار پیش ہے۔ مگر قبل اسکے کہ ایسا کیا جائے اسے پہلے درجہ میں اپنی صلاحیت کا ثبوت فراہم کرنا ہوگا۔ میں اس مقصد کے لئے چند سوالات امیدوار سے پوچھنا چاہوں گا۔

ورشپ فل ماسٹر: (امیدوار سے) میسن بنائے جانے سے پہلے آپ کی تربیت کہاں ہوئی تھی؟

امیدوار: میرے دل کے اندر۔

ورشپ فل ماسٹر: اس کے بعد کہاں؟

امیدوار : لاج سے ملحقہ ایک مخصوص اور مناسب کمرے میں۔

ورشپ فل ماسٹر : اپنی تیاری کے مراحل کی تفصیل بیان کریں۔

امیدوار : ہر قسم کی دھات میرے جسم سے الگ کر کے' میرا دلیاں بازو کہنی سے اوپر تک' بائیں طرف سے سینہ اور ایک گھٹنہ ننگا کر دینے کے ساتھ میری دائیں ایڑھی ایک مخصوص جوتے سے ننگی رکھی گئی تھی جبکہ ایک رسی میری گردن کے گرد حمائل تھی۔

ورشپ فل ماسٹر : آپ کو کس جگہ میسن بنایا گیا تھا؟

امیدوار : ایک مکمل اور بااختیار لاج کے باضابطہ اجلاس میں۔

ورشپ فل ماسٹر : اور کب بنایا گیا تھا؟

امیدوار : جب سورج اپنے نصف النہار پر تھا۔

ورشپ فل ماسٹر : اس ملک کے اندر بالعموم فری میسن لاج رات میں کام کرتے ہیں' آپ اپنے بیان کی کیا تشریح کرتے ہیں جبکہ بادیٔ النظر میں غلط معلوم ہوتا ہے۔

امیدوار : سورج کے گرد' اپنے محود میں' زمین ایک تسلسل کے ساتھ گھوم رہی ہے' فری میسن کرہ ارض پر ہر جگہ ہے لہذا فری میسنز کیلئے تو ہمیشہ سورج نصف النہار پر ہے۔

ورشپ فل ماسٹر : فری میسن تحریک کیا ہے؟

امیدوار : <u>اخلاقیات کا انوکھا نظام جو پنہاں ہے اور اشارات سے بیان کیا جاتا ہے۔</u>

ورشپ فل ماسٹر : ان بڑے اصولوں کا نام لیجئے جو فری میسن کی بنیاد ہیں۔

امیدوار : برادرانہ محبت و اخوت' سکون و اطمینان اور سچائی۔

ورشپ فل ماسٹر : میسن بنائے جانے والے افراد میں کونسی صفات مطلوب ہیں جو

موزونیت کا سبب بنتی ہیں۔

امیدوار : پختہ اخلاق اور بالغ عمر کے منصف مزاج افراد جن میں خودداری' انصاف پسندی اور آزادی کی روح موجود ہو۔

ورشپ فل ماسٹر : آپ اپنے میسن ہونے کے بارے میں کس بات کے سبب پر یقین ہیں؟

امیدوار : ضابطے کے مطابق اپنے تعارف' بار بار کے امتحانات میں سے کامیاب گذرنے اور آئندہ کیلئے ہر امتحان کا مقابلہ کرنے کی امنگ کے سبب جو جب بھی ہو۔

ورشپ فل ماسٹر : آپ' دوسروں کو' اپنے فری میسن ہونے کا ثبوت کیسے دیتے ہیں؟

امیدوار : مخصوص حرکات اور اشارت سے جن کی مجھے پہلے سے تربیت دی جا چکی ہے۔

(ورشپ فل ماسٹر' اس پر اپنے سوالات ختم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے برادران سے کہتا ہے کہ اگر کوئی سوال پوچھا جانا ضروری ہے تو......)

جونیئر ڈیکن : امیدوار کو ورشپ فل ماسٹر کے دائیں جانب کھڑا کر دیتا ہے۔ (یہ پہلی ڈگری کی حالت ہی میں ہوگا)

ورشپ فل ماسٹر : (امیدوار سے) کیا آپ انسانیت کے نام پر حلفاً یہ استدعا کرتے ہیں کہ بطور میسن آپ کی وفاداری پر اعتماد کرتے ہوئے آپ کو دوسری ڈگری میں فیلو کرافٹ بنایا جائے؟

امیدوار : (جونیئر ڈیکن کے لقمہ دینے سے) جی ہاں۔

ورشپ فل ماسٹر : کیا آپ یہ بھی حلفاً اقرار کرتے ہیں کہ جو کچھ آپ پر اب ظاہر کیا جانے والا ہے اسے بھی فری میسن کے دوسرے رازوں کی

طرح اپنے سینے میں دفن رکھیں گے

امیدوار : (جونیئر ڈیکن کی تعاون سے) جی ہاں

ورشپ فل ماسٹر : اب میں آپ کا امتحان لوں گا۔ یہ امتحان فری میسن برادران کا باہم سلام (ہاتھ ملانا) اور پاس ورڈ (خفیہ علامتی حروف) ہے، جن کا تعلق دوسرے درجہ (فیلو کرافٹ) سے ہے۔ 'پاس گرپ' (دست پنجہ یا ہاتھ ملانا) میں مقابل میسن برادر کے ہاتھ کی پشت پر پہلی اور دوسری انگلی کے بنیادی جوڑ کے درمیان نیچی جگہ پر انگوٹھے سے دباؤ ڈالا جاتا ہے (ورشپ فل ماسٹر' امیدوار کے ساتھ عملاً ایسا کرتا ہے) اس 'پاس گرپ' (Passgrip) کی ضرورت (جس کے بغیر پاس گرپ بے فائدہ ہے) ایک 'پاس ورڈ' (خفیہ علامتی لفظ) ہے جو فیلو کرافٹ کے لئے "شبولیتھ" (Shiboleth) ہے۔

امیدوار : "شبولیتھ" (دہراتا ہے)

ورشپ فل، ماسٹر : شبولیتھ سے ہماری مراد 'کثرت' ہے۔ دوسری ڈگری کے ٹریسنگ بورڈ میں اسے پانی کی آبشار کے قریب مکئی کی ایک گری ہوئی بالی سے ظاہر کیا گیا ہے۔ آپ اس لفظ کو اچھی طرح ذہن نشین کر لیجئے کہ اس کے بغیر دوسری ڈگری کے لاج میں داخلہ ممکن نہیں۔ پاس ورڈ "شبولیتھ"۔ (جونیئر ڈیکن امیدوار کو دائیں ہاتھ سے پکڑے سینئر وارڈن کے بائیں جانب لے جاتا ہے اور اسے (امیدوار کو) پہلی ڈگری کے میسن کے طور پر ورشپ فل ماسٹر کو سلامی دینے کو کہتا ہے۔ سلامی سے فارغ ہونے کے بعد امیدوار کو تیاری کے کمرے میں لے جایا جاتا ہے۔ جبکہ اسی دوران لاج دوسری ڈگری میں کھول لیا جاتا ہے)

دوسری ڈگری میں امیدوار کی تعارفی (بپتسمہ دینے کی) تقریب

(امیدوار کے تیار ہوتے ہی ٹائلر یا بیرونی محافظ' تین بار رک رک کر مخصوص دستک دیتا ہے' جس پر اندرونی محافظ مخصوص قدم اور نشان کے ساتھ جونیئر وارڈن سے مخاطب ہوتا ہے۔)

اندرونی محافظ : برادر جونیئر وارڈن' ایک رپورٹ ہے۔ (جونیئر وارڈن بھی مخصوص قدم اور دوسری ڈگری کے علامتی نشان کے ساتھ اٹھ کر ورشپ فل ماسٹر سے وہی کچھ دہراتا ہے)

ورشپ فل ماسٹر : برادر جونیئر وارڈن' دیکھئے کون اندر آنے کی اجازت کا طلبگار ہے۔

جونیئر وارڈن : اپنی نشست پر بیٹھے ہوئے۔ برادر انر گارڈ' دیکھئے کون اجازت چاہتا ہے؟ (اندرونی محافظ دروازہ کھول کر دیکھتا ہے)

اندرونی محافظ : (بیرونی محافظ سے) تمہارے پاس کون ہے؟

بیرونی محافظ : برادر (فلاں) جس کو فری میسن تحریک میں باقاعدہ متعارف کرالیا گیا ہے' جس نے مناسب ترقی بھی کی ہے اور اب یہ امید رکھتا ہے کہ دوسرے درجہ میں قبول ہو جائے گا۔ یہ ٹھیک

طریقے سے تیار بھی ہے۔ (بموجب تصویر)

اندرونی محافظ : یہ کیسے سمجھتا ہے کہ اسے دوسری ڈگری کا اعزاز حاصل ہو جائے گا؟

بیرونی محافظ : خدا کی تائید و نصرت' زاویہ قائمہ (سکیر) کی مدد اور مناسب 'پاس ورڈ' رکھنے کے سبب۔

اندرونی محافظ : کیا اس کے پاس 'پاس ورڈ' (خفیہ علامتی لفظ) ہے؟

بیرونی محافظ : (امیدوار سے مخاطب ہو کر) کیا آپ یہ ثابت کر سکیں گے؟ (انر گارڈ امیدوار سے پاس ورڈ سننے کے بعد کہتا ہے' جب تک میں ورشپ فل ماسٹر تک یہ رپورٹ پہنچاؤں تم یہیں رکے رہو' اندرونی محافظ دروازے کو تالا لگانے کے بعد' سینئر وارڈن کی بائیں جانب سے بڑھتے اور دوسرے درجے کے علامتی نشان بناتے ہوئے کہتا ہے۔ ورشپ فل ماسٹر! برادر فلاں جس کا تعارف باقاعدگی سے ہو چکا ہے اور (اس پر 'پاس ورڈ' والی مذکورہ گفتگو دہراتا ہے)

ورشپ فل ماسٹر : ہم امیدوار کے ان حقوق کی تائید کرتے ہیں جن کی بنیاد پر وہ یہاں داخلے کی اجازت چاہتا ہے' برادر اندرونی محافظ! کیا تم نے پاس ورڈ کی تسلی کر لی ہے؟

اندرونی محافظ : جی ہاں! ورشپ فل ماسٹر!!

ورشپ فل ماسٹر : (جونیئر اور سینئر ڈیکن سے) تو پھر امیدوار کو مکمل تیاری کی حالت میں اندر لے آیئے۔ (جونیئر ڈیکن' امیدوار کے جھکنے کے لئے ورشپ فل ماسٹر کے سامنے ایک سٹول رکھتا ہے' اندرونی محافظ اسی دوران امیدوار کو دروازے سے اندر بلاتا ہے اور ساتھ ہی زاویہ قائمہ کو امیدوار کے دائیں ننگے سینے کے سامنے کرتا

ہے (خاکے میں نمبر 4 پر) امیدوار مذکورہ تصویر 5 کی طرح بایاں بازو کہنی سے اوپر تک' دائیں ٹانگ گھٹنے تک اور دائیں طرف سے سینہ ننگا کئے' بائیں ایڑھی مخصوص جوتے سے ننگی کئے ہوتا ہے' یہاں اس کے گلے میں رسی نہیں ڈالی جاتی۔ سینئر ڈیکن امیدوار کو دائیں بازو سے پکڑے سینئر وارڈن کے بائیں جانب اس طرح کھڑا کرتا ہے کہ امیدوار کا دلیاں ہاتھ' سینئر وارڈن کے بائیں طرف رہتا ہے' جونیئر ڈیکن امیدوار کے بائیں جانب کھڑا ہوتا ہے۔ سینئر وارڈن امیدوار کو میسن کے مخصوص قدموں کے ساتھ (چھوٹے چھوٹے تین قدم زاویہ قائمہ بناتے ہوئے) آگے بڑھنے کو کہتا ہے۔

ورشپ فل ماسٹر: امیدوار کو جھکنے کے لئے کہا جائے تاکہ جنت کے انعامات کی اس پر بارش ہو' جس کے لئے ہم اب کاروائی کا آغاز کرنے والے ہیں (نقشہ کے مطابق نمبر 2 پر یہ کاروائی ہوتی ہے) ہتھوڑے سے ایک 'دستک' دیتا ہے۔ (دونوں ڈیکن امیدوار کے سر کے عین اوپر اپنی چھڑیاں کراس کر لیتے ہیں' تمام برادران دوسرے درجے کا مخصوص نشان بناتے ہوئے کھڑے ہو جاتے ہیں۔

ورشپ فل ماسٹر: اے خدا! ہم تیرے فضل و احسان میں استمرار کی دعا کرتے ہیں۔ اور جو تیرے سامنے جھکا ہوا ہے اس کے لئے بھی دعا کرتے ہیں کہ وہ تیری خوشنودی کے لئے جس کام کا آغاز کر رہا ہے اسے ہمارے ساتھ مل کر اسے پایہ تکمیل تک پہنچانے کی توفیق دے۔

پاسٹ ماسٹر: آمین۔ (سب برادران مخصوص نشان ختم کر کے بیٹھ جاتے ہیں)

ورشپ فل ماسٹر: امیدوار کو سیدھا کھڑا کیا جائے (جونیئر ڈیکن امیدوار کے کھڑا ہونے کے بعد سٹول کو مخصوص جگہ پر رکھ کر بیٹھ جاتا ہے'

سینئر ڈیکن امیدوار کو دائیں بازو سے پکڑ کر سارے لاج کا چکر لگوانے کے بعد ورشپ فل ماسٹر کے سامنے لاتے ہوئے اسے سلامی دینے کو کہتا ہے جو پہلی ڈگری کے علامتی نشان کے ساتھ ہوگی' نقشہ پر نمبر 3' پھر جونیئر وارڈن کے سامنے اسی پہلی ڈگری کے نشان کے ساتھ لاتا ہے (بموجب نمبر 4 مذکور) مگر مخصوص طریقے سے ہاتھ ملاتے ہوئے اور پاس ورڈ کے ساتھ۔

جونیئر وارڈن : کیا آپ کو کچھ کہنا ہے؟

امیدوار : جی ہاں۔ (جونیئر وارڈن کھڑا ہوتا ہے اور امیدوار سے ہاتھ ملاتا ہے)

جونیئر وارڈن : یہ کیا ہے؟

امیدوار : (سینئر وارڈن کے ساتھ بیک زبان) یہ اینٹرڈ اپرنٹس میسن کے ہاتھ ملانے کا مخصوص انداز ہے۔

جونیئر وارڈن : اس کا تقاضا؟ (اس کی ثانوی شناخت کیا ہے)

امیدوار : ایک لفظ۔

جونیئر وارڈن : مجھے' پوری آزادی اور تفصیل سے وہ لفظ بتائیے۔

امیدوار : (سینئر ڈیکن کے ساتھ آواز ملاتے) بوآز (BOAZ)

جونیئر وارڈن : پاس' بوآز۔

سینئر ڈیکن : (امیدوار سے) سینئر وارڈن کو ایک میسن کے سے انداز میں سلام کیجئے (امیدوار ایسا کرتا ہے) (نقشہ پر بموجب نمبر 5)

ورشپ فل ماسٹر : (ہتھوڑے سے ایک دستک دیتے ہوئی جس کی تائید دونوں وارڈن کرتے ہیں) برادران اس بات کی طرف متوجہ ہوں کہ برادر فلاں' جو آج کی تقریب میں امیدوار ہے' سب کے سامنے یہ بتانے کے لئے گذرنے والا ہے کہ فیلو کرافٹ کے درجہ میں

لیا جانے والا امیدوار کس طرح درست تیاری کی حالت میں ہوتا ہے۔ (امیدوار کو لاج کا چکر لگوایا جاتا ہے)

سینئر ڈیکن : (مقام نمبر 6 پر امیدوار سے) بطور میسن ورشپ فل ماسٹر کو سلام کریں' (نمبر 7 پر) جونیئر وارڈن کو سلام کریں۔

لاج سے جانے سے قبل' ورشپ فل ماسٹر سے حاصل کئے گئے پاس گرپ اور پاس ورڈ کے ساتھ مخصوص علامت بناتے ہوئے سینئر وارڈن سے ملیئے (نمبر 8)

سینئر وارڈن : آپ کو مجھ سے کچھ کہنا ہے۔

امیدوار : (سینئر ڈیکن کے ساتھ آواز ملاتے) جی ہاں۔ (اس پر سینئر وارڈن اٹھتا ہے اور امیدوار سے مخصوص انداز میں ہاتھ ملاتا ہے)

سینئر وارڈن : یہ کیا ہے؟

امیدوار : یہ فری میسن کے پہلے درجے سے دوسرے درجے میں آنے کی علامت ہے۔ (سینئر ڈیکن سے ہم آواز ہو کر)

سینئر وارڈن : اس کے ساتھ دوسری مطلوب چیز کیا ہے؟

امیدوار : (ایک) پاس ورڈ (مخصوص علامتی لفظ) (سینئر ڈیکن بھی ہاں میں ہاں ملاتا ہے)

سینئر وارڈن : مجھے یہ پاس ورڈ بتایئے۔

امیدوار : (سینئر ڈیکن کے ساتھ بیک آواز) "شبولیتھ" **(Shiboleth)**

سینئر وارڈن : یہ کس بات کی علامت ہے؟

امیدوار : (سینئر ڈیکن کے ساتھ ہم آواز) 'کثرت' کی۔

سینئر وارڈن : ہمارے لاج میں یہ کس علامت سے ظاہر کی جاتی ہے؟

امیدوار : (سینئر ڈیکن کی معاونت سے) 'پانی کی آبشار کے قریب پڑی مکئی کی ایک بالی سے'

سینئر وارڈن : پاس ورڈ "شبولیتھ" (سینئر وارڈن کھڑا رہتا ہے' سینئر ڈیکن امیدوار کو اس کے بائیں اور ورشپ فل ماسٹر کے دائیں لے جاتا ہے)

سینئر وارڈن : (دوسری ڈگری کا پینل نشان بناتے ہوئے) ورشپ فل ماسٹر! میں آپ کے سامنے برادر فلاں کو مکمل تیاری کی حالت کے ساتھ دوسری ڈگری میں لئے جانے کے لئے پیش کرتا ہوں۔

ورشپ فل ماسٹر : برادر سینئر وارڈن' آپ سینئر ڈیکن کو ہدایت کریں کہ وہ درست حالت میں امیدوار کو مشرق کی سمت بڑھائے۔

سینئر وارڈن : برادر سینئر ڈیکن! ورشپ فل ماسٹر کا حکم ہے کہ آپ امیدوار کو درست حالت میں مشرق کی جانب لے جائیں۔ (سینئر ڈیکن امیدوار کو شمال میں لے جا کر کھڑا کر دیتا ہے)

سینئر ڈیکن : (امیدوار سے) دوسری ڈگری کے لاج میں مغرب کی جانب سے مشرق کو جانے کے لئے گھومتی سیڑھی کی طرح پانچ قدم اٹھانا ہے' آپ کی راہنمائی کے لئے پہلے میں یہ قدم اٹھاؤں گا پھر آپ میری نقل کریں گے۔ (سینئر ڈیکن اپنا بایاں قدم جنوب کی سمت اور دایاں قدم مغرب کی سمت رکھتا ہے' پھر وہ بایاں قدم دائیں ایڑی کے ساتھ ملاتا ہے (جس سے زاویہ قائمہ بنتا ہے) نقشے میں نمبر 9 پر' اسی طرح پانچ بار قدم اٹھایا جاتا ہے)

ورشپ فل ماسٹر : (امیدوار سے) فری میسن کے ہر درجے کی علامت (اگرچہ پہلی سے ملتی جلتی ہیں مگر ان) میں اختلاف ہے اور یہ درجہ کی شناخت کیلئے ضروری ہے۔ دوسری ڈگری کے لاج کے لئے مقررہ' دوسری علامات سے متعارف ہونے کے لئے آپ تیار ہیں؟

امیدوار : جی ہاں!

ورشپ فل ماسٹر : تو پھر آپ بائیں قدم کا زاویہ قائمہ بناتے دائیں گھٹنے پر جھکئے' اپنا دایاں ہاتھ کتابِ مقدس پر اس طرح رکھیں کہ بایاں بازو زاویہ قائمہ بنائے۔ (جونیئر ڈیکن امیدوار کی کہنی کو قائمہ زاویہ تھامنے کے لئے سہارا دیتا ہے' ورشپ فل ماسٹر اور دونوں وارڈن مخصوص دستک دیتے ہیں' تمام برادران کھڑے ہو جاتے ہیں اور دوسری ڈگری کی پینل علامت بناتے ہیں' دونوں ڈیکن امیدوار کے سر پر 'کراس' چھڑیاں تان لیتے ہیں)

ورشپ فل ماسٹر : آپ اپنا نام پوری تفصیل سے دہرانے کے بعد' جو میں کہوں اسے دہرائیے (نقشہ میں نمبر 10 کی جگہ) :-

میں مسمی فلاں' اس کائنات کے عظیم صانع کے نام سے (عظیم جیومیٹری دان) اور فیلو کرافٹ فری میسن کے اس معزز لاج میں جہاں پورے اخلاص کے ساتھ باقاعدہ طور پر فری میسن برادران جمع ہوئے ہیں' بلاجبر و اکراہ اپنی آزاد مرضی کے ساتھ حلفاً یہ عہد کرتا ہوں کہ میں دوسری ڈگری کے لاج سے متعلقہ رازوں کی حفاظت کروں گا اور یہ راز کسی کو بھی' حتیٰ کہ پہلی ڈگری کے میسن برادران پر بھی ظاہر نہ کروں گا۔ میں یہ بھی حلفاً اقرار کرتا ہوں کہ میں ہمیشہ سچا اور کھرا فری میسن ثابت ہونے کی کوشش کروں گا۔ لاج کے تمام قواعد و ضوابط کی پابندی کروں گا۔ میں یہ بھی حلفاً اقرار کرتا ہوں کہ اگر میرے اندر بدنیتی اور اشتباہ جنم لے یا میں کسی بھی انداز میں اپنے عہد سے پھر جانے کی کوشش کروں تو میرا سینہ چیر کر' دل نکالنے کے بعد اس کے ٹکڑے ہوا کے پرندوں کی خوراک بنا دیئے جائیں یا مجھے جنگل کے درندوں

کی خوراک بنا دیا جائے۔ پس اے خدا' تو میری مدد فرما کہ میں ثابت قدم رہوں اور اخلاص سے فیلو کرافٹ کے درجے کی ذمہ داری کو بطریقِ احسن نبھاتا رہوں۔

(سب برادران پینل علامات چھوڑ کر بکھر جاتے ہیں' ڈیکن اپنی چھڑیاں امیدوار کے سر سے ہٹا لیتے ہیں' جونیئر ڈیکن زاویہ قائمہ امیدوار سے لے کر سینئر ڈیکن کو دیتا ہے' جو اسے ماضی قریب کے ماسٹر (ورشپ فل ماسٹر) کو دے دیتا ہے)

ورشپ فل ماسٹر : آپ اپنے اس مخلصانہ عہد اور دوسرے درجے کے لاج کی ذمہ داری کو محفوظ رکھنے کے لئے اپنے لب (ہونٹ) سیئے رکھیں گے' جن کے لئے آپ نے کتاب مقدس پر حلف اٹھایا ہے۔ لاج میں آپ کی ترقی کی علامت زاویہ قائمہ (مربعہ) اور پرکار ہے۔ جب آپ پہلے درجے میں انٹرڈ اپرنٹس بنائے گئے تھے تو دونوں کونے چھپے ہوئے تھے' اس (دوسری) ڈگری میں پرکار کا ایک سرا ظاہر کر دیا گیا ہے' جو اس بات کی علامت ہے کہ اب آپ فری میسن تحریک کی درمیانی کڑی ہیں (یا یہ کہ آپ نے آدھا سفر طے کر لیا ہے) آپ پہلے درجے سے آگے ہیں مگر آخری سے پیچھے اور مجھے یقین ہے کہ آپ وہ بھی پالیں گے۔ ہمارے نئے فیلو کرافٹ میسن برادر! اٹھیئے!! (دائیں بازو سے پکڑ کر اسے اٹھاتا ہے۔ جونیئر ڈیکن بیٹھ جاتا ہے جبکہ سینئر ڈیکن امیدوار کو ورشپ فل ماسٹر کے دائیں لے جاتا ہے)

ورشپ فل ماسٹر : دوسری ڈگری میں فیلو کرافٹ فری میسن کا حلف ہو جانے کے بعد اب میں آپ کو اس درجہ کے بعض اسرار و رموز بتاؤں گا۔ آپ میری طرف' اپنے تعارف کی تقریب میں بڑھنے کے انداز

میں' قدم بڑھایئے' (ایک چھوٹا قدم بڑھاتے ہوئے)۔ اب آپ دوبارہ پھر چھوٹا قدم بڑھائیں گے اور اس بات کا خیال رکھیں گے کہ بایاں پاؤں دائیں ایڑھی کے ساتھ دلی ہوئی جگہ میں فٹ ہو کر زاویہ قائمہ بنائے' فری میسن کے دوسرے درجہ کا یہ ٹھیک 'دوسرا قدم' ہے اور اس علامت کو پانے کے بعد اس درجہ کے اسرار و رموز ایک دوسرے کو بتائے جاتے ہیں۔ یہ ایک علامت' ایک نشانی اور ایک لفظ ہے۔ اس ڈگری میں یہ علامت سہ پہلو ہے (ورشپ فل ماسٹر اٹھ کر (نقشہ میں نمبر 11 کے مقام پر) قدم بڑھاتا ہے)' سہ پہلو علامت میں پہلی چیز کا نام وفاداری ہے' جو دائیں ہاتھ کو سینے کے بائیں جانب (دل پر) رکھنے سے ظاہر ہوتی ہے مگر اس حال میں کہ ہتھیلی کا رخ زمین کی طرف اور انگوٹھا دل کی جانب مربعہ بناتا ہو۔ دوسری چیز خوش آمدید کہنے کی علامت ہے' جو بائیں بازوؤں کو کندھے کے متوازی قائمہ زاویہ بناتے ہوئے کان کے برابر تک اس طرح لاتا ہے کہ ہتھیلی کا رخ سامنے کی جانب ہو' انگوٹھا اور انگلیاں باہم ملی حالت میں (بموجب تصویر) یہ اس دور کو یاد دلاتی ہے جب 'جوشوا' نے خدا کے لئے جنگ لڑی تھی اور اس انداز میں وہ اللہ سے دعا کر رہا تھا کہ دن کی روشنی میں وسعت ہو (دن بڑا ہو جائے) تاکہ وہ دشمنوں کا صفایا کر سکے۔ تیسری علامت پینل کا نشان ہے' جو اس ڈگری میں دائیں ہاتھ کو چھاتی کے ساتھ متوازی رکھنے سے ظاہر ہوتا ہے (بایاں ہاتھ نیچے ہی رہتا ہے) جو اس بات کی یاد دلاتا ہے کہ اگر آپ نے اپنے مقدس عہد کی پاسداری

نہ کی تو آپ کا سینہ چیر کر، دل نکال کر، اسے ہوا میں اڑنے والے پرندوں کی خوراک بنا دیا جائے۔ آخری چیز مخصوص انداز میں ہاتھ ملانا ہے جس میں دوسرے برادر کے ہاتھ کی پشت پر، بڑی انگلی کے ابھار پر، اپنے انگوٹھے سے معمولی دباؤ ڈالنا ہے۔

(بموجب تصویر ورشپ فل ماسٹر امیدوار کے ساتھ ہاتھ ملا کر عملی مظاہرہ کرتا ہے) یہ مصافحہ ایک لفظ کا مطالبہ کرتا ہے اور یہ لفظ سخت احتیاط کے بعد ظاہر کیا جاتا ہے نہ ہی یہ ایک بار بولا جاتا ہے بلکہ توڑ توڑ کر 'حرف حرف' تاہم میں آپ کو حرف بتاتا ہوں۔ یہ "جے چن" ہے (JACHIN)۔ امیدوار دہراتا ہے۔ اس تقریب میں، چونکہ اسے دہرانے کو کہا جائے گا لہذا سینئر ڈیکن آپ کو اس کی تربیت دے گا۔

ورشپ فل ماسٹر: یہ کیا ہے؟

امیدوار: (سینئر ڈیکن کے ساتھ آواز ملا کر) یہ ایک 'مصافحہ' ہے یا علامت جس سے فیلو کرافٹ کی شناخت ہوتی ہے۔

ورشپ فل ماسٹر: اس کا دوسرا مطالبہ کیا ہے؟

امیدوار: (سینئر ڈیکن کے ساتھ بیک آواز) ایک لفظ۔

ورشپ فل ماسٹر: مجھے وہ لفظ (دیجئے) بتائیے۔

امیدوار: مجھے یہ سکھایا گیا ہے کہ میں اس ڈگری میں بھی محتاط رہوں جیسا کہ پہلی میں تھا۔ میں اس لفظ کے سلسلے میں اشتراک کر سکتا ہوں۔

ورشپ فل ماسٹر: درست ہے۔ شروع کیجئے۔

امیدوار: (سینئر ڈیکن کے ساتھ) جے 'J'

ورشپ فل ماسٹر : اے 'A'

امیدوار : (سینئر ڈیکن کے ساتھ) سی 'C'

ورشپ فل ماسٹر : ایچ 'H'

امیدوار : (سینئر ڈیکن کے ساتھ) آئی 'I'

ورشپ فل ماسٹر : این 'N'

ورشپ فل ماسٹر : یہ لفظ اسرائیل کے بادشاہ کے معبد (ہیکل) میں راہداری کے دائیں ستون سے لیا گیا ہے 'اس 'جاچن' کے ایک معنی بنیاد رکھنا یا بنانا بھی ہے اور یہ معبد کے مہاگرو کا نام بھی ہے۔ اگر پہلی (شبولیتھ) ڈگری سے اسے ملایا جائے تو اس کے معنے استحکام کے بنتے ہیں' کیونکہ خدا نے فرمایا کہ قوت کے اندر میں اپنا گھر تعمیر کروں گا جو ہمیشہ مضبوط و مستحکم رہے گا۔ پاس "جاچن"۔ (اس کے بعد امیدوار کو نقشہ پر بموجب نمبر 12' جونیئر وارڈن کے پاس لے جاتا ہے)

سینئر ڈیکن : برادر جونیئر وارڈن! میں' مسی فلاں کو' دوسرے درجے میں قبول کئے جانے کے بعد' آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔ (سینئر ڈیکن پینل علامت کے ساتھ دو قدم بڑھاتا ہے)

جونیئر وارڈن : کیا آپ کے پاس میرے لئے کچھ ہے؟

امیدوار : (سینئر ڈیکن کے ساتھ ہم آواز) جی ہاں۔ (جونیئر وارڈن اٹھتا ہے اور امیدوار مخصوص مصافحہ کرتا ہے)

جونیئر وارڈن : یہ کیا ہے؟

امیدوار : (سینئر ڈیکن کے ساتھ ہم آواز)' دوسرے درجے میں فیلو کرافٹ میسن کی شناخت۔

جونیئر وارڈن : اس کا دوسرا مطالبہ کیا ہے؟

امیدوار : (سینئر ڈیکن کے ساتھ) ایک لفظ۔

جونیئر وارڈن : مجھے وہ لفظ دیجئے۔

امیدوار : (سینئر وارڈن کے ساتھ بیک آواز) مجھے اس ڈگری کے اسرار و رموز کی حفاظت کی ذمہ داری دی گئی ہے' لہذا میں پوری تسلی سے یہ آدھا لفظ آپ کو دوں گا۔

جونیئر وارڈن : (درست ہے' مہربانی فرما کر' اب آپ لفظ مجھے دیجئے۔ (اسے اوپر والی تمام گفتگو دہرانے کے بعد سینئر وارڈن کے روبرو' بموجب نمبر 13 پیش کیا جاتا ہے)

سینئر وارڈن : میں برادر فلاں کو حکم دیتا ہوں کہ وہ بطور فیلو کرافٹ مین' میری طرف قدم بڑھائے' مگر پہلے اینٹرڈ اپرنٹس کے طور پر۔ (امیدوار پہلے درجے کے مطابق ایک قدم اٹھانے کے بعد پینل سائن بناتا ہے' پھر اسی طرح دوسرا قدم بغیر پینل علامت کے اٹھاتا ہے)

سینئر وارڈن : یہ کیا ہے؟

امیدوار : (سینئر ڈیکن کے ہمراہ) یہ درست انداز کا' فری میسن میں' دوسرا قدم ہے۔

سینئر وارڈن : کیا آپ کے پاس اس کے علاوہ کچھ اور بھی ہے؟

امیدوار : (سینئر ڈیکن کے ساتھ بیک آواز) جی ہاں۔ (وفاداری کا مخصوص نشان بناتا ہے)

سینئر وارڈن : یہ کیا ہے؟

امیدوار : وفاداری کا مخصوص نشان' جو درونِ خانہ کے سربستہ رازوں کی حفاظت اور اندرونی کشمکش سے بچاؤ کی علامت ہے۔

سینئر وارڈن : اس کے علاوہ آپ کے پاس کچھ اور بھی ہے؟

امیدوار : (سینئر ڈیکن کے ساتھ) خوش آمدید کہنے کا نشان۔ (نشان بنا کر

دکھاتا ہے)

سینئر وارڈن : یہ کیا ہے؟

امیدوار : (سینئر ڈیکن کے ساتھ بیک آواز) خوش آمدید کا مخصوص نشان۔

سینئر وارڈن : یہ کب بلند ہوا تھا؟

امیدوار : (سینئر ڈیکن کے ساتھ بیک آواز) خدا کے دشمن کے ساتھ' بادشاہ جوشوا کی لڑائی کے دوران' جس میں اس نے (جوشوا نے) ایسا کرتے ہوئے دن لمبا کرنے کی دعا کی تھی کہ دشمن کا صفایا کر سکے۔

سینئر وارڈن : کیا آپ کے پاس کچھ اور بھی ہے؟

امیدوار : (سینئر ڈیکن کی ساتھ بیک آواز) جی ہاں ہے۔ (پینل علامت بناتے ہوئے)

سینئر وارڈن : وہ کیا ہے؟

امیدوار : (سینئر ڈیکن کے ساتھ بیک آواز) پینل علامت۔

سینئر وارڈن : یہ کس بات کی علامت ہے۔

امیدوار : (سینئر ڈیکن کے ساتھ بیک آواز) یہ اس سزا کی طرف اشارہ ہے جس کا میں راز فاش کرنے کی صورت میں مستحق ہوں گا' کہ میرا سینہ چاک کر کے دل پرندوں کی خوراک بنا دیا جائے۔

سینئر وارڈن : کیا آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں؟

امیدوار : (سینئر ڈیکن کے ساتھ بیک زبان) جی ہاں۔ (سینئر وارڈن اٹھ کر امیدوار سے مخصوص مصافحہ کرتا ہے)

سینئر وارڈن : یہ کیا ہے؟

امیدوار : یہ فیلو کرافٹ فری میسن کا علامتی مصافحہ ہے۔ (سینئر ڈیکن آواز ساتھ ملاتا ہے)

سینئر وارڈن : اس کا مطالبہ کیا ہے؟

امیدوار : (سینئر ڈیکن کے ساتھ بیک آواز) ایک لفظ۔

سینئر وارڈن : مجھے وہ 'لفظ' دیجئے۔

امیدوار : (سینئر ڈیکن سے مل کر) مجھے اس بات کی تاکید کی گئی ہے کہ میں تحقیق کے بغیر اور مکمل طور پر یہ لفظ کسی کو نہ دوں' لہذا میں نصف لفظ دوں گا۔

سینئر وارڈن : اچھا تو شروع کیجئے۔ (دونوں باری باری ایک ایک حرف دہرا کر اسے مکمل کرتے ہیں)

سینئر وارڈن : یہ لفظ کہاں سے لیا گیا؟

امیدوار : (سینئر ڈیکن کی معاونت سے) سلیمان بادشاہ کے ہیکل کی راہداری کے دائیں ستون سے' جسے بعد میں 'جاچن' کا نام دیا گیا اور جو وہاں مہاگرو تھا۔

سینئر وارڈن : یہ لفظ کس بات کی علامت ہے؟

امیدوار : (سینئر ڈیکن کی معاونت سے) بنیاد رکھنا۔

سینئر وارڈن : پہلی ڈگری کے ساتھ اسے ملانے سے یہ کس بات کی نشاندہی کرتا ہے؟

امیدوار : (سینئر ڈیکن کی معاونت سے) استحکام' کیونکہ خدا نے فرمایا کہ میں "قوت" میں اپنا گھر بناؤں گا جو ہمیشہ مستحکم رہے گا۔

سینئر وارڈن : پاس۔ 'جاچن'۔ (سینئر وارڈن کھڑا رہتا ہے' اس کے بائیں جانب سے امیدوار کو لے جا کر ورشپ فل ماسٹر کے دائیں جانب پیش کیا جاتا ہے جبکہ وہ دوسری ڈگری کا نشان بناتا ہے)

سینئر وارڈن : ورشپ فل ماسٹر! میں برادر فلاں کو' دوسری ڈگری میں پاس کئے جانے کے بعد' فیلو کرافٹ کا بیج عطا کئے جانے کے لئے پیش کرتا

ہوں۔

ورشپ فل ماسٹر : برادر سینئر وارڈن! میں آپ کو اختیار دیتا ہوں کہ آپ برادر فلاں کو فیلو کرافٹ فری میسن کا معزز و معروف نشان عطا کریں۔

سینئر وارڈن : (امیدوار سے) برادر فلاں! میں ورشپ فل ماسٹر کے حکم سے آپ کو فیلو کرافٹ فری میسن کا مخصوص نشان عطا کرتا ہوں جو سائنس میں حاصل کی گئی ترقی کی علامت ہے۔ (امیدوار کو فیلو کرافٹ فری میسن کا ایپرن پہنا کر امیدوار کو سینئر ڈیکن کے سپرد کر دیتا ہے جو نقشے میں نمبر 14 کے مقام پر' ورشپ فل ماسٹر کے سامنے لا کھڑا کرتا ہے)

ورشپ فل ماسٹر : (امیدوار سے) سینئر وارڈن نے ابھی جو کچھ کہا ہے مجھے اس پر صرف یہ اضافہ کرنا ہے کہ آپ کائنات کے خلاف کے کاموں کا ٹھیک ٹھیک اندازہ کرتے ہوئے' ہمیشہ بطور فیلو کرافٹ فری میسن' اپنے متعلقہ فرائض کو پوری ذمہ داری سے نبھاتے رہیں گے جس پر آپ کے مستقبل کی ترقی کا انحصار ہے۔

ورشپ فل ماسٹر : برادر سینئر ڈیکن! آپ برادر فلاں (امیدوار) کو لاج کے جنوب مشرقی حصے میں متعین کر دیں۔ (امیدوار کو وہاں لے جایا جاتا ہے) نمبر 15 پر۔

ورشپ فل ماسٹر : (امیدوار سے) جب آپ اینٹرڈ اپرنٹس بنائے گئے تھے تو آپ کو لاج کے شمال مشرق میں تعین کیا گیا تھا جو آپ کے نئے ہونے کی علامت تھا اور اب جب کہ آپ ترقی کر کے فیلو کرافٹ فری میسن بن چکے ہیں آپ کا جنوب مشرق میں تعینات ہونا اس بات کی علامت ہے کہ فن تعمیر سے متعلقہ سائنس میں آپ نے ترقی کی ہے اور اب دوسرے درجے کے اسرار و رموز آپ پر واضح

کرنے میں کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔ مجھے یقین ہے کہ جس طرح پہلے درجے میں آپ نے اخلاص، لگن اور وفاداری سے محنت کی ہے اسی طرح فیلو کرافٹ فری میسن کے اس درجے میں آپ اپنا مقام پیدا کریں گے۔ یہاں آپ کو سائنس اور قدرت کے سربستہ رازوں کو جاننے کی پوری آزادی ہے۔ (اس کے بعد سینئر ڈیکن امیدوار کو ورشپ فل ماسٹر کے سامنے (نقشہ پر نمبر 16 کے مقام پر) لا کر کھڑا کر دیتا ہے)

ورشپ فل ماسٹر: (امیدوار سے) اب میں آپ کی خدمت میں فیلو کرافٹ فری میسن کے اوزار پیش کرتا ہوں۔ یہ مربعہ یا زاویہ قائمہ لیول اور پلمب رولر یا "گرمالا" ہیں۔ زاویہ قائمہ تو عمارتوں کے کونے سیدھے رکھنے کے کام آتا ہے یا غیر مناسب چیزوں کو قابو رکھنے کے لئے۔ لیول ہر چیز کو ہموار رکھنے کے لئے اور پلمب رول یا "گرمالا" تعمیر میں سدھائی اور اعتدال قائم رکھنے کی خاطر استعمال ہوتا ہے مگر چونکہ ہم عملاً معمار نہیں ہیں لہذا ان اوزاروں کو بطور علامت استعمال کیا جاتا ہے۔ بطور آزاد اور مسلمہ فری میسن ہم ان کو اپنے اخلاقی نقطہ ہائے نظر سے سمجھتے ہیں مثلاً قائمہ زاویہ یا مربع اخلاقی قوت کا مظہر ہے، لیول مساوات کی علامت ہے تو پلمب رول یا "گرمالا" انصاف کے تقاضوں کی سربلندی کا نام ہے۔ اس طرح ان تینوں اوزاروں کی مدد سے ہم لافانی حقیقتوں کو پانے کے آرزو مند ہیں۔

ورشپ فل ماسٹر: اب آپ کو لاج سے جانے کی آزادی ہے تاکہ آپ سکون و آرام حاصل کریں اور لاج میں آپ کی واپسی پر آپ کے سامنے دوسرے درجے کے فیلو کرافٹ فری میسن کے ٹریسنگ بورڈ کی

وضاحت کروں گا۔ (سینئر ڈیکن امیدوار کو سینئر وارڈن کے بائیں کھڑا کر کے ورشپ فل ماسٹر کو بطور فیلو کرافٹ سلام کرنے کو کہتا ہے مگر پہلی بار اینٹرڈ اپرنٹس کے طور پر۔ (نقشہ میں یہ مقام نمبر 17 پر ہے)

(دوسرے درجے میں پاسنگ کی تقریب ختم ہوئی)

دوسری ڈگری (فیلو کرافٹ فری میسن) کا ٹریسنگ بورڈ

(امیدوار کے لاج میں' فیلو کرافٹ فری میسن کا ایپرن پہنے' واپس پلٹنے پر' سینئر ڈیکن اسے ورشپ فل ماسٹر کو سلام کرنے کی ہدایت کرتا ہے۔ یہ سلام ایک بار پہلی ڈگری کے 'اینٹرڈ اپرنٹس' کے طور پر اور دوسری بار بطور فیلو کرافٹ ہے۔ بعد ازاں ورشپ فل ماسٹر ٹریسنگ بورڈ کے قریب جا کر' جبکہ ماسوائے ماضی قریب کے ورشپ فل ماسٹر اور جونیئر' سینئر وارڈن حضرات کے' تمام دوسرے برادران بھی امیدوار سمیت اس کے گرد جمع ہو جاتے ہیں۔ یہاں جونیئر اور سینئر دونوں ڈیکن ٹریسنگ بورڈ کے نیچے امیدوار کے دائیں بائیں رہتے ہیں)

PLAN 5.—TRACING BOARD, SECOND DEGREE.

ورشپ فل ماسٹر کی طرف سے بورڈ کی تشریح:

اسرائیل کے بادشاہ سلیمان نے جب یروشلم میں 'ہیکل' مکمل کر لیا تو اس کی تعمیر کے حسن اور فن کی بلندی کے چرچے روئے زمین پر قریہ قریہ پہنچ گئے۔ فی الواقعہ اس پوری عمارت کی تعمیر میں قابل تعریف صرف ہیکل میں داخلے کی راہداری

کی دائیں بائیں دو عظیم ترین ستون تھے۔ دائیں ستون کا نام "بوآز" (BOAZ) تھا جو قوت کی علامت تھا اور بائیں جانب کا ستون "جاچن" (JACHIN) کے نام سے معروف ہونے کے ساتھ استحکام کا مظہر خیال کیا جاتا تھا۔ کیونکہ خدا کا فرمان ہے کہ "میں 'قوت میں' اپنے اس گھر کی تعمیر کروں گا جو ہمیشہ کے لئے مستحکم رہے گا"۔ ان ستونوں کی بلندی ساڑھے سترہ (17.5) ہاتھ (کہنی سے بڑی انگلی کی پور تک کا فاصلہ۔ پرانا طریقہ)' محیط بارہ ہاتھ اور قطر چار ہاتھ تھا۔ یہ اندر سے کھوکھلے رکھے گئے تھے کہ ان کے اندر فن تعمیر کے سربستہ راز محفوظ کئے جائیں گے۔ لہٰذا باہر کی دیوار صرف چار انچ موٹی تھی۔ یہ تانبا ڈھال کر بنائے گئے تھے' اور ڈھلائی کا یہ کام اردن کے میدانوں میں ہوا تھا۔ ڈھلائی کے اس کام کا نگراں 'حرام ابف' تھا۔ ہر ستون دو الگ الگ حصوں کو جوڑ کر بنایا گیا تھا جو اتحاد کا درس ہے اور ستونوں پر گلکاری میں کنول کا پھول امن و آشتی کا مظہر ہے جبکہ انار اپنے بے بہا بیج رکھنے کے سبب کثرت کی علامت ہے' ہر ستون کے ہر حصے پر اناروں کی ایک سو قطاریں ہیں۔ مزید یہ کہ ہر ستون کے اوپر ایک گول نٹ بال نما پتھر ٹکا دیا گیا ہے جس پر اس وقت کی معلوم دنیا کا نقشہ بنایا گیا تھا۔ یہ ہمارے لئے اس بات کی علامت ٹھہرا کہ فری میسن دنیا کے ہر کونے میں ہے اور یہ مسلمہ حقیقت ہے۔ ان کی تکمیل اس وقت ہوئی جب میزین چھت نے ان کو ڈھانپ لیا۔ یہ دونوں ستون بنی اسرائیل کو اس وقت کی یاد دلاتے ہیں جب وہ مصر سے بھاگ کر آئے اور فرعون کی فوج نے پیچھا کیا تو گھرے سیاہ بادلوں نے ان مظلوموں کو ڈھانپ لیا اور یوں وہ فرعونی لشکر سے محفوظ رہے اور دھوئیں کے سیاہ بادلوں کے ساتھ بنی اسرائیل کے لئے اہم چیز آگ ہے' جس سے انہیں راستی ملی تھی۔ اس اہمیت کے پیش نظر اور ان دو واقعات کی یاد تازہ رکھنے کے لئے سلیمان بادشاہ نے ان دونوں عظیم الشان ستونوں کو یروشلم کے ہیکل میں داخلے کی راہداری میں نصب کروایا کہ یہی مناسب ترین مقام تھا جہاں پر معبد میں داخلے اور عبادت سے فارغ ہو کر جاتے وقت بنی اسرائیل اپنی آنکھیں' ان کی دید سے 'ٹھنڈی کرتے۔

ان ستونوں سے گذرنے کے بعد گولائی میں تعمیر سیڑھی ہے جو درمیانی کمرے تک جاتی ہے' جہاں جانے کی جونیئر وارڈن کے ممانعت کی تھی۔ اور جہاں داخلے کے لئے مخصوص مصافحہ اور مخصوص لفظ "پاس ورڈ" کی ضرورت ہوتی ہے۔ پاس ورڈ' آپ کو یاد ہوگا کہ "شبولیتھ" ہے جس کے معنی کثرت کے ہیں اور جو ٹریسنگ بورڈ میں پانی کی آبشار کے نزدیک مکئی کی بالی سے ظاہر کیا گیا ہے۔ بعد ازاں یہ سیڑھیاں طے کی جاتی ہیں۔ ان میں سے تین سیڑھیاں لاج کے نظام کو چلانے کے لئے' پانچ لاج قائم رکھنے کے لئے اور سات یا اس سے زیادہ لاج کو ہمہ وقت درست رکھنے کے لئے بطور علامت استعمال ہوتی ہیں۔ لاج کو چلانے والی تین' ورشپ فل ماسٹر' جونیئر اور سینئر وارڈن ہیں جبکہ لاج کو قائم رکھنے کے لئے' ورشپ فل ماسٹر' دو وارڈن اور دو فیلو کرافٹ فری میسن برادران ہیں۔ رہیں باقی سات یا اس سے زائد تو یہ لاج کے پہلے ممبران ہیں' اینٹرڈ اپرنٹس برادران کے سبب اضافے کی نشاندہی کرتی ہیں۔

فری میسن لاج پر تین کا کنٹرول اس بات کی یاد دہانی ہے کہ سلیمان بادشاہ کے معبد میں بھی بنیادی طور پر تین ہی ہستیاں ملوث تھیں' خود سلیمان بادشاہ' ٹائرے کا بادشاہ حرام اور حرام ابِف نگران تعمیر' اسی طرح پانچ اس کی علامت ہیں کہ معبد میں پانچ تعمیری صفات نمایاں تھیں' اور سات یا زائد کا عدد اس بات کو یاد دلاتا ہے کہ اسرائیل کے بادشاہ سلیمان نے سات سے زیادہ سال اس معبد کی تعمیر و تزئین میں صرف کئے تھے۔ ہم ان کو اپنے ہاں سات علوم سے تشبیہہ دیتے ہیں' جو یوں بیان کئے جاتے ہیں۔ گرامر' منطق' ریاضی' جیومیٹری' موسیقی' فلکیات اور فنِ تحریر و تقریر۔

ہمارے پیشرو برادران نے جب ان گھومتی سیڑھیوں پر قدم مکمل کر لئے تو وہ درمیانی چیمبر کے دروازے تک پہنچ گئے جسے انہوں نے کھلا ہوا پایا' مگر قدیم ترین سینئر وارڈن نے اس کو مکمل 'ٹائلڈ' (سیل بند) کرنے کا اہتمام کر رکھا تھا اور جو آنے والوں سے علامت (پینل) نشانی (پاس گرپ) اور لفظ (پاس ورڈ) لے کر یہ تسلی کرتا

تھا کہ یہ فیلو کرافٹ فری میسن ہیں۔ یہ ثبوت حاصل کرنے کے بعد وہ کہتا تھا پاس جے چن (JACHIN)۔ پھر وہ معبد کے بڑے ہال میں داخل ہوتے تھے جہاں وہ اپنے اپنے کام کا معاوضہ پاتے تھے جو فی الواقعہ آقا سے وفاداری نبھانے کا صلہ ہوتا تھا۔ جب وہ درمیانی ہال کمرے میں ہوتے تو ان کی نظر عبرانی انداز میں بنائے گئے تعمیری نقش و نگار پر ٹکی رہتی جن کو یہاں لفظ 'G' سے ظاہر کیا گیا ہے' (ماضی قریب کا ورشپ فل ماسٹر' اپنے ہتھوڑے سے اس لمحے دستک دیتا ہے' جسے دونوں وارڈن دہراتے ہیں) جو ہمارے ہاں یہ معنی رکھتا ہے کہ خدا ہے' (سب برادران دوسری ڈگری کا پینل نشان بناتے کھڑے ہوتے ہیں) جو اس کائنات کا عظیم صانع (جیو میٹرین) ہے جس کے سامنے ہم سب جولبدہ ہیں' اور جس کے حضور ہم عاجزی کا اظہار کرتے ہیں۔
(سب برادران اپنی نشستوں پر واپس بیٹھ جاتے ہیں)

(دوسری ڈگری کے بورڈ کی تشریح ختم ہوئی)

تیسری ڈگری میں لئے جانیوالے امیدوار سے پوچھے جانیوالے لازمی سوالات

(مندرجہ ذیل سوالات' تیسرے درجے کے خواہشمند امیدوار کو زبانی یاد ہونے چاہئیں۔ لاج کے دوسری ڈگری میں کھلنے کے بعد' امیدوار کو سینئر وارڈن کے بائیں جانب سے' ورشپ فل ماسٹر کے سامنے کھڑا کر دیا جاتا ہے اور یہاں کوئی بھی پینل علامت وغیرہ نہیں بنائی جاتی)

ورشپ فل ماسٹر: برادران' آج شام ہمارے سامنے' تیسرے درجے میں ترقی پانے کا طلبگار' ایک برادر موجود ہے۔ مگر تیسرے درجے میں جانے کا استحقاق حاصل کرنے کے لئے اسے دوسرے درجہ میں حاصل کی گئی صلاحیت کا امتحان دینا ہوگا۔ لہذا میں امیدوار سے چند سوال پوچھوں گا۔

ورشپ فل ماسٹر: دوسرے درجے کے لاج میں' آپ کو داخل کئے جانے کے وقت' کس طرح کی تیاری عمل میں آئی تھی؟

امیدوار: پہلے درجے کی تیاری سے یہ کسی طرح مختلف نہ تھی ماسوائے اس کے کہ میرے گلے میں رسی نہیں ڈالی گئی تھی۔ میرا بایاں بازو'

دائیں جانب سے سینہ اور دائیں ٹانگ گھٹنے تک ننگی رکھنے کے ساتھ ساتھ ایک مخصوص بلا ایڑھی کے جوتے سے میری بائیں ایڑھی کو ننگا رکھنے کا اہتمام کیا گیا تھا۔

ورشپ فل ماسٹر: آپ کا داخلہ کس چیز پر ہوا تھا؟

امیدوار: مربعہ پر۔

ورشپ فل ماسٹر: مربعہ کیا ہے؟

امیدوار: زاویہ قائمہ یا ایک دائرے کا چوتھا حصہ۔

ورشپ فل ماسٹر: اس درجے میں تحقیق کا مخصوص دائرہ کیا ہے؟

امیدوار: سائنس اور قدرت کے سربستہ راز۔

ورشپ فل ماسٹر: جیسا کہ کام میں دلچسپی کا ایک سبب اس کا معاوضہ ہے' ہمارے قدیم ترین پیشرو اپنا یہ معاوضہ کہاں وصول کیا کرتے تھے؟

امیدوار: سلیمان بادشاہ کے تعمیر کردہ معبد کے درمیانے چیمبر میں۔

ورشپ فل ماسٹر: وہ اپنا معاوضہ کیسے وصول کیا کرتے تھے؟

امیدوار: بلا کسی جھجک اور ضمیر کی خلش کے (وہ محنتانہ وصول کیا کرتے تھے)

ورشپ فل ماسٹر: اس مخصوص انداز اور کیفیت میں کیوں؟

امیدوار: ضمیر کی خلش سے پاک کیونکہ وہ جانتے تھے کہ وہ اس کے مستحق ہیں اور بلا جھجک یا شرم و حیا اس لئے کہ ان دنوں انہیں اپنے آقا پر بے پناہ اعتماد تھا۔

ورشپ فل ماسٹر: سلیمان بادشاہ کے معبد میں داخلے کی راہداری کے آغاز میں نصب دو ستون کن ناموں سے پکارے جاتے ہیں؟

امیدوار: بایاں ستون "بوآز" ہے اور دایاں ستون "جاچن" ہے۔

ورشپ فل ماسٹر: الگ الگ اور مشترکہ طور پر ان سے کونسی صفات منسوب ہیں؟

امیدوار : پہلے بائیں ستون بوآز سے مراد "قوت میں" ہے جبکہ دائیں جاچن سے مراد "بحال رکھنا یا قائم کرنا ہے" دونوں کا مشترکہ مطلب استحکام ہے۔ کیونکہ خدا کا فرمان ہے : "میں اپنے اس گھر کو 'قوت میں' تعمیر کروں گا جو ہمیشہ مستحکم رہے گا"۔

ورشپ فل ماسٹر : یہ تو عمومی سوالات تھے۔ اب اگر کوئی برادر مزید پوچھنے کی ضرورت محسوس کرتا ہے تو میں پوچھونگا۔ (سینئر ڈیکن امیدوار کو ورشپ فل ماسٹر کے دائیں لاتا ہے)

ورشپ فل ماسٹر : کیا آپ بحیثیت انسان اور فیلو کرافٹ فری میسن اس بات کا حلف اٹھاتے ہیں کہ آپ برتر درجے میں ترقی کے مراحل کو صیغہ راز میں رکھیں گے۔

امیدوار : (سینئر ڈیکن کے ایما پر) جی ہاں۔

ورشپ فل ماسٹر : کیا آپ اس بات کا بھی حلفاً اقرار کرتے ہیں کہ اب جو کچھ آپ کو بتایا جانے والا ہے اسے بھی صیغہ راز میں رکھیں گے' کیا افشائے راز کی سزا آپ کو معلوم ہے؟

امیدوار : (سینئر ڈیکن کے ایما پر) جی ہاں۔

ورشپ فل ماسٹر : اس اقرار کے بعد اب میں آپ کو اس درجے میں شناخت کا علامتی مصافحہ اور علامتی لفظ (پاس گرپ اور پاس ورڈ) بتاؤں گا۔ مصافحہ کے دوران دوسرے برادر کے ہاتھ کی بڑی انگلی اور تیسری انگلی کے درمیان نیچی جگہ پر اپنے انگوٹھے سے دباؤ دیا جاتا ہے (عملاً امیدوار سے کرتا ہے) جبکہ پاس ورڈ ٹوبل کین ہے۔

امیدوار : (سینئر ڈیکن کے ساتھ مل کر دہراتا ہے) "ٹوبل کین" (Tubal Cain)

ورشپ فل ماسٹر : ٹوبل کین دھاتوں کے سلسلے میں پہلا ہنر مند شخص تھا' میسن اس

کے معنی "دنیا کی تسخیر" لیتے ہیں' آپ کو پاس ورڈ کبھی نہ بھولنا چاہئے کہ اس کے بغیر یہاں داخلہ ممکن نہیں ہے۔ پاس ٹوبل کین'۔ (امیدوار کو تیاری کے کمرے میں لے جایا جاتا ہے)

تیسری ڈگری میں ترقی دیئے جانیکی تعارفی تقریب

(ابتدائی سوالات کے بعد' امیدوار کے تیاری کے لئے جانے پر' لاج کو تیسرے درجے میں کھول لیا جاتا ہے' اس دوران

امیدوار کو بیرونی محافظ تیار کر دیتا ہے' امیدوار کو تیسرے درجے کی ضرورت کے مطابق تیاری کرنے کے بعد' بیرونی محافظ دروازے پر مخصوص دستک دیتا ہے (جو فیلو کرافٹ یعنی دوسرے درجہ کے مطابق ہوتی ہے) اس پر اندرونی محافظ ماسٹر میسن کا علامتی نشان بناتے ہوئے جونیئر وارڈن سے مخاطب ہوتا ہے)

اندرونی محافظ : برادر جونیئر وارڈن! ایک رپورٹ ہے۔ (جونیئر وارڈن یہی الفاظ ورشپ فل ماسٹر کو دہراتا ہے۔

ورشپ فل ماسٹر : برادر جونیئر وارڈن! معلوم کیجئے کہ داخلے کا خواہشمند کون ہے؟

جونیئر وارڈن : (کرسی پر بیٹھے ہوئے) برادر اندرونی محافظ! دیکھئے داخلے کا خواہشمند کون ہے! (بیرونی محافظ دروازہ کھولتا ہے)

اندرونی محافظ : آپ کے پاس کون ہے؟

بیرونی محافظ : برادر فلاں' جو فری میسن میں باقاعدہ متعارف ہے اور فیلو کرافٹ میں کامیاب قرار پا چکا' اب اپنی اس ترقی کے بل بوتے پر اعلیٰ درجے میں داخلے کا متمنی ہے کہ وہ ماسٹر میسن بن جائے۔ اس

Plan 6.—M.M. (Third Degree).

1.—Met at door by I.G. who applies compasses. 2.—Prayer. 3.—Salute to W.M. as a Mason. 4.—Salute to J.W. as a Mason. 5.—Salute to S.W. as a Mason. 6.—Salute to W.M. as a F.C. 7.—Salute to J.W. as a F.C. 8.—Salute to S.W. as a F.C. 9.—Salute to W.M. as a F.C. 10.—Salute to J.W. as a F.C. 11.—Advance to S.W. as a F.C. 12.—Presented by S.W. to W.M. 13.—Advancing to east in due form. 14.—Obligation. 15.—Exhortation at edge of grave. 16.—Candidate facing W.M. and south after exhortation, and secrets of M.M. given. 17.—Saluting W.M. previous to retiring to dress. 18.—Saluting W.M. in all degrees on returning to Lodge. 19.—Invested by S.W. with apron, placed about four feet from W.M. and Third Degree Tracing Board explained.

مقصد کے لئے اسے مناسب انداز میں تیار کیا گیا ہے (مذکورہ تصویر کی طرح)

اندرونی محافظ : کس بنیاد پر وہ تیسرے درجہ میں ماسٹر میسن کے اعزاز کا خواہاں ہے؟

بیرونی محافظ : خدا کی تائید و نصرت اور مربعہ و کمپاس کی بنیاد پر۔

اندرونی محافظ : کیا اس کے پاس 'پاس ورڈ' (مخصوص لفظ) ہے؟

(اندرونی محافظ امیدوار سے پاس ورڈ پوچھتا ہے جس پر امیدوار اسے پائن گرپ اور پاس ورڈ ''ٹوبل کین'' بتاتا ہے۔ یہ سن کر وہ امیدوار سے رکنے کو کہتا ہے تاآنکہ وہ یہ رپورٹ ورشپ فل ماسٹر کو پہنچادے۔ وہ ماسٹر میسن کا علامتی نشان بنا کر ورشپ فل ماسٹر کی طرف بڑھ کر کہتا ہے)

اندرونی محافظ : برادر ورشپ فل ماسٹر! برادر فلاں جو فری میسن میں متعارف اور مسلمہ فیلو کرافٹ ہے اور جو ماسٹر میسن کا اعزاز حاصل کرنے کا خواہاں ہے اس تعارفی تقریب کے لئے اندر آنے کا خواہاں ہے۔

ورشپ فل ماسٹر: ہم' اس کے پاس ''اعلیٰ تائید'' کو تسلیم کرتے ہیں جس کی بنیاد پر وہ داخلے کا خواہشمند ہے۔ برادر اندرونی محافظ! کیا اس کے پاس ''پاس ورڈ'' کی آپ تسلی کر چکے ہیں؟

اندرونی محافظ : جی ہاں' ورشپ فل ماسٹر۔

ورشپ فل ماسٹر: تو پھر اسے مناسب تیاری کی حالت میں اندر آنے دیجئے' دروازے پر امیدوار کا استقبال اندرونی محافظ کرتا ہے اور پرکار کے دونوں نوکیلے سرے اس کے سینہ کی جانب کر دیتا ہے' پھر ورشپ فل ماسٹر کو یہ دکھانے کے لئے کہ اس نے امیدوار کے

ساتھ ایسا کیا ہے' لحہ بھر کو پرکار سر سے اوپر اٹھاتا ہے (نقشہ میں نمبر 1 جگہ پر) دونوں ڈیکن امیدوار کو سینئر وارڈن کے بائیں جانب لے جاتے ہیں جہاں امیدوار سے فیلو کرافٹ فری میسن کے طور پر آگے بڑھنے کو کہا جاتا ہے مگر پہلے' پہلی ڈگری کے اینٹرڈ اپرنٹس کی طرح۔

ورشپ فل ماسٹر: امیدوار سے اس وقت تک جھکے رہنے کے لئے کہا جائے جب تک کہ ہم اس کے لئے خیر و برکت طلب کرنے کی دعا مکمل نہ کر لیں۔ (دستک دیتا ہے' تمام برادران علامتی نشان کے ساتھ کھڑے ہوتے ہیں۔ دونوں ڈیکن (نقشہ میں نمبر 2 پر) اس کے سر پر چھڑیاں کراس طرز پر (X) تان لیتے ہیں۔

ورشپ فل ماسٹر: اے خالق و مالکِ کائنات تو ہی ہمیشہ رہنے والا ہے' آج کی اس تقریب میں' تیرے حقیر بندے تجھ سے' تیرے فضل و کرم کے طلبگار ہیں۔ تیرے اس بندے کے لئے ہم تیری ہی ذات سے دعا کرتے ہیں کہ اسے ماسٹر میسن کے اعزاز کے ساتھ ساتھ اس کے سربستہ اسرار و رموز سے آگاہی ہو۔ تیری حفاظت میں' یہ مصائب و مشکلات سے ہر طرح محفوظ رہے اور ہمارے درمیان درخشندہ بن کر رہے۔

پاسٹ ماسٹر: آمین۔ (سب برادران بکھر جاتے ہیں)

(مصنف کا نوٹ: لاج کی' اس درجے میں تمام تر کاروائی اندھیرے میں ہوتی ہے' صرف ورشپ فل ماسٹر کے سامنے ٹمٹماتی موم بتی رکھی جاتی ہے)

ورشپ فل ماسٹر: امیدوار کو کھڑا کیجئے۔ (سینئر ڈیکن امیدوار کو اٹھا کر' لاج کا ایک چکر لگوانے کے بعد' ورشپ فل ماسٹر کے سامنے لا کر اسے بطور

میسن سلام کرنے کو کہتا ہے (نقشہ میں نمبر 3 پر) پھر جونیئر وارڈن کی طرف قدم بڑھاتے اور پینل علامت بموجب' پہلی ڈگری بناتے ہوئے وہ علامتی مصافحہ اور پاس ورڈ دیتا ہے' نمبر 4 پر)

جونیئر وارڈن : یہ کیا ہے؟

امیدوار : اینٹرڈ اپرنٹس فری میسن کا علامتی نشان۔

جونیئر وارڈن : اس علامتی نشان کا مطالبہ کیا ہے؟

امیدوار : ایک لفظ۔

جونیئر وارڈن : آزادی سے' مجھے یہ مکمل لفظ دیجئے۔

امیدوار : بو آز۔

جونیئر وارڈن : پاس بو آز۔

سینئر ڈیکن : (امیدوار سے) سینئر وارڈن کو سلام کیجئے مگر صرف بطور عام فری میسن۔ (نقشہ میں نمبر 5 پر) امیدوار سلام کرتا ہے پھر دوسری بار جونیئر اور سینئر ڈیکن امیدوار کو لاج کا چکر لگاتے ہیں آخر میں امیدوار سے ورشپ فل ماسٹر کو سلام کرنے کو کہا جاتا ہے (نمبر 6 پر) پھر بطور فیلو کرافٹ قدم اٹھاتے' جونیئر وارڈن کے سامنے جانے کی ہدایت کی جاتی ہے۔ (نمبر 7 پر) اسی طرح سینئر وارڈن کے سامنے (نمبر 8 پر) بھی' جس کے ساتھ فیلو کرافٹ کی پاس گرپ اور پاس ورڈ ضروری ہے۔

سینئر وارڈن : کیا آپ کو مجھ سے کچھ کہنا ہے؟

امیدوار : (سینئر ڈیکن کی راہنمائی میں) جی ہاں۔ (سینئر وارڈن اٹھ کر امیدوار سے بطور فیلو کرافٹ ہاتھ ملاتا ہے)

سینئر وارڈن : یہ کیا ہے؟

امیدوار : (سینئر ڈیکن کی راہنمائی میں) فیلو کرافٹ فری میسن کا علامتی مصافحہ۔

سینئر وارڈن : اس کا مطالبہ کیا ہے؟

امیدوار : (سینئر ڈیکن کی راہنمائی میں) ایک لفظ۔

سینئر وارڈن : پوری آزادی کے ساتھ مکمل طور پر یہ لفظ مجھے دیجئے۔

امیدوار : (سینئر ڈیکن کی راہنمائی میں) 'جاچن' (JACHIN)

سینئر وارڈن : پاس جا چن۔ (اس کے بعد امیدوار کو سینئر وارڈن کے بائیں جانب کھڑا کر دیا جاتا ہے)

ورشپ فل ماسٹر : (ایک مخصوص دستک دیتا ہے جس کی تائید دونوں وارڈن کرتے ہیں) برادران اس بات پر متوجہ ہوں کہ اب برادر فلاں' جسے باقاعدگی سے فری میسن میں متعارف کرایا گیا تھا' جس نے فیلو کرافٹ فری میسن کے درجے میں نمایاں کامیابی حاصل کی ہے اور جسے تیسرے درجے (ماسٹر میسن) کے اعزاز سے نوازا گیا ہے' سب کے سامنے سے گذرے گا تاکہ آپ سب دیکھ لیں کہ ماسٹر میسن تیاری کی حالت میں کیسا ہوتا ہے۔ (پھر نقشہ میں نمبر 9 پر اسے ورشپ فل ماسٹر کو بطور فیلو کرافٹ سلام کرنے کو کہا جاتا ہے' یہاں سے جونیئر ڈیکن اسے جونیئر وارڈن کے سامنے لے جائے گا (بموجب نمبر 10) جہاں وہ اسے سلام کرے گا' یہاں سے نمبر 11 پر سینئر وارڈن کے سامنے لے جا کر اس سے فیلو کرافٹ میسن کی طرح دو قدم بڑھا کر پینل علامت بنانے' پاس گرپ دینے اور پاس ورڈ دہرانے کے لئے کہا جائے گا)

سینئر وارڈن : کیا آپ مجھے کچھ کہنا چاہتے ہیں؟

امیدوار : (سینئر ڈیکن کی رفاقت میں) جی ہاں۔ (سینئر وارڈن اٹھ کر

امیدوار سے مخصوص مصافحہ کرتا ہے)

سینئر وارڈن : یہ کیا ہے؟

امیدوار : (سینئر ڈیکن کی رفاقت میں) دوسری ڈگری سے تیسری ڈگری میں لے جانے والا علامتی مصافحہ۔

سینئر وارڈن : اس مصافے کا مطالبہ کیا ہے؟

امیدوار : (سینئر ڈیکن کی رفاقت میں) ایک پاس ورڈ۔

سینئر وارڈن : مجھے وہ پاس ورڈ بتایئے۔

امیدوار : (سینئر ڈیکن کی رفاقت میں) 'ٹوبل کین' (Tubal Cain)

سینئر وارڈن : ٹوبل کین کون تھا؟

امیدوار : (سینئر ڈیکن کی رفاقت میں) دھاتوں کا اولین ماہر۔

سینئر وارڈن : فری میسن کے ہاں اس سے کیا مطلب لیا جاتا ہے؟

امیدوار : (سینئر ڈیکن کی رفاقت میں) تسخیر دنیا (دنیا کی ہر چیز پر قبضہ)

سینئر وارڈن : پاس' ٹوبل کین (سینئر وارڈن کھڑا رہتا ہے اور امیدوار کو اس کے بائیں کھڑا کیا جاتا ہے۔ پھر (نمبر 12 پر) اسے سینئر ڈیکن ماسٹر میسن کے علامتی نشان کے ساتھ ورشپ فل ماسٹر کے سامنے پیش کرتا ہے۔

سینئر وارڈن : ورشپ فل ماسٹر! میں برادر فلاں کو' جو مکمل طور پر تیار ہے' تیسرے درجہ میں ترقی کے لئے پیش کرتا ہوں۔

ورشپ فل ماسٹر : برادر سینئر وارڈن! آپ دونوں ڈیکن برادران کو ہدایت کریں کہ وہ امیدوار کو درست قدموں کے ساتھ مشرق میں لے جائیں۔
(نقشہ میں نمبر 13 پر) سینئر ڈیکن امیدوار کے پاس جاتا ہے (چارج سنبھال لیتا ہے)' سینئر وارڈن بیٹھ جاتا ہے۔

سینئر وارڈن : برادر سینئر اور جونیئر ڈیکن' ورشپ فل ماسٹر کا حکم ہے کہ آپ

دونوں، امیدوار کو درست قدموں کے ساتھ مشرق میں لے جائیں۔ (سینئر ڈیکن امیدوار کو شمال میں لے جاتا ہے اور اس کے بالمقابل کھڑا ہو جاتا ہے جبکہ جونیئر ڈیکن امیدوار کے بائیں جانب کھڑا رہتا ہے)۔ (مقام 13 پر)

سینئر ڈیکن: (امیدوار سے) اس تیسری ڈگری میں مغرب سے مشرق کی جانب سات قدموں سے بڑھا جاتا ہے، پہلا، دوسرا، تیسرا، اس انداز میں اٹھتے ہیں جیسے کوئی کھلی قبر پھلانگ رہا ہو۔ آپ کو دکھانے کے لئے میں عملی مظاہرہ کرتا ہوں (ایسے قدم اٹھاتا ہے) پھر آپ میری نقل کریں گے۔

ورشپ فل ماسٹر: (امیدوار سے) میں آپ کو اس بات سے آگاہ کرنا چاہتا ہوں کہ ایک بہت بڑا امتحان آپ کا منتظر ہے جس میں آپ کی حلفِ وفاداری سے آزمائش ہوگی۔ کیا آپ اس کے لئے تیار ہیں؟

امیدوار: جی ہاں۔

ورشپ فل ماسٹر: تو آیئے پھر دونوں گھٹنوں کے بل جھک جایئے اور اپنے دونوں ہاتھ قانون کی مقدس کتاب پر رکھیئے (ورشپ فل ماسٹر ایک دستک دیتا ہے، جس کو دونوں وارڈن دہراتے ہیں، تمام برادران کھڑے ہو کر ماسٹر میسن کا پینل نشان بناتے ہیں، دونوں ڈیکن اپنی اپنی چھڑی اس کے سر پر تان لیتے ہیں)

ورشپ فل ماسٹر: (امیدوار سے، نقشہ میں نمبر 14 پر) اپنا پورا نام دہرانے کے بعد، جو میں کہوں اسے دہرایئے۔

میں مسمی (فلاں) خدا کو حاضر و ناظر جان کر، ماسٹر میسنز کے باقاعدہ اجلاس میں، جو مقدس عبادت کی جگہ ہے، بلا جبر و اکراہ اپنی آزاد مرضی سے حلفاً اقرار کرتا ہوں کہ میں اپنی اس قسم کی

پاسداری کرتے ہوئے ہمیشہ یہاں کے سربستہ رازوں کی حفاظت کروں گا اور اگر یہ کسی کو بتائے جانے مقصود ہوں گے تو اپنی امکانی تسلی کرنے بعد کہ دوسرا فریق بھی میسن برادر ہے' اس پر ظاہر کروں گا یا پھر ماسٹر میسنز کے باضابطہ کھلے لاج میں انہیں زبان پر لاؤں گا۔ میں یہ بھی حلفاً اقرار کرتا ہوں کہ ماسٹر میسن لاج کی طرف سے عائد کردہ تمام فرائض بسر و چشم نبھاؤں گا' ان احکامات کی بجا آوری میں بیماری یا کسی دوسری مسلمہ مجبوری کے علاوہ کوئی بہانہ سازی نہ ہوگی' میں اس بات کا بھی حلفاً اقرار کرتا ہوں کہ ہمیشہ فیلو کرافٹ کے پانچ اہم نکات عملاً میری زندگی کا حصہ ہوں گے' ماسٹر میسن کے ہاتھ میں دیا گیا ہاتھ بھائی چارے کی پختگی کی علامت ہوگا۔ دوسرے میسن برادران کے ساتھ اشتراک عمل کے لئے میرے قدم کبھی خطرات کی پرواہ نہ کریں گے' میری روزمرہ کی دعائیں اس بات کا اعادہ کرتی رہیں گی کہ میرا سینہ رازوں کا امانتدار ہے اور یہ کہ ان کے تقاضے کیا ہیں۔ میں ماسٹر میسن کے وقار کو کسی حال میں بھی مجروح نہ ہونے دوں گا اور اگر کوئی دوسرا ایسا کرنے کی کوشش کرے گا تو میں اپنی جان کی بازی لگا کر بھی اسے باز رکھنے کی کوشش کروں گا' جہاں میں غداری کرنے والے سے نبٹنے میں سختی کروں گا' وہاں اس کے بیوی بچوں سے حسن سلوک بھی کروں گا۔

میں یہ بھی حلفاً تسلیم کرتا ہوں کہ اگر میں اپنی مذکورہ قسم کی پاسداری نہ کر سکوں تو بطور سزا میرا پیٹ چیر کر' انتڑیاں نکال کر جلانے کے بعد ان کی راکھ چہار سو بکھیر دی جائے تاکہ میرا کوئی

نشان باقی نہ رہے، خصوصاً فری میسن برادری میں۔ پس اے خدا تو میری مدد فرما کہ میں آخری سانس تک اپنے عہد کی پاسداری کرتا رہوں۔ (تمام برادران پینل علامت ختم کر کے اپنی اپنی جگہ پلٹ جاتے ہیں)

ورشپ فل ماسٹر: وفاداری کے اس عہد کے بعد، اور اسے فریضہ سلیمانی جانتے ہوئے، آپ ہمیشہ اپنی زبان بند اور ہونٹ سلے رکھیں گے، اس بات کے ثبوت کے طور پر آپ یہاں عملاً مقدس قانون کی کتاب کو بوسہ دیں گے (امیدوار ایسا کرتا ہے)۔ ایک بار پھر میں آپ کی توجہ مربعہ اور پرکار کی طرف مبذول کراؤں گا۔ جب آپ اینٹرڈ اپرنٹس بنے تھے تو پرکار کے دونوں نوکیلے سرے چھپے ہوئے تھے، پھر جب آپ فیلو کرافٹ بنے تو ایک سرا ظاہر ہو گیا اور اب جب کہ آپ ماسٹر میسن بن چکے ہیں، پرکار کے دونوں سرے نمایاں طور پر سامنے ہیں، جو اس بات کی علامت ہے کہ اب آپ کو ہمہ پہلو آزادی سے کام کی اجازت ہے، نئے ماسٹر میسن اٹھیے! (ورشپ فل ماسٹر ہاتھ سے پکڑ کر امیدوار کو اٹھاتا ہے) دونوں ڈیکن اور امیدوار، لاج میں پڑے کینوس کی جانب بڑھتے ہیں جو کھلی قبر کی علامت ہے۔ (یہ نقشے میں نمبر 15 پر ہے)

ماسٹر میسن کا حلف اٹھانے کے بعد آپ کا یہ حق تسلیم کیا جاتا ہے کہ آپ اس درجہ کے سبھی اسرار و رموز کو جان سکیں جو بلاشبہ بہت بڑا امتحان ہے۔ اس دوران آپ شروع سے آخر تک فری میسن کے تمام درجوں کی خود مختاری اور باہم اشتراک کی حدود کو بھی جان چکے ہوں گے۔ فری میسن تحریک میں داخلے کا مطلب

تاحیات وابستگی ہے' باہمی مساوات اور تعاون اس کا طرہ امتیاز ہے۔ سخاوت کے ساتھ ساتھ بنی نوع انسان کی خدمت سے سکون قلب کا حصول مطلوب چیز ہے' ہر بات سے بلند' یہ عمل بھی کہ آپ عاجزی کے ساتھ اس کائنات کے خلاق و مالک کے سامنے جھکئے' دل کو پاک و صاف رکھیئے تاکہ اس میں ہر لمحہ عقل و دانش کی قبولیت کا داعیہ موجود رہے۔

دوسرے درجے میں بطور فیلو کرافٹ' آپ کو سچائی کے ابدی اصولوں کی روشنی میں' یہ راہنمائی ہمیشہ حاصل رہی ہے کہ آپ اللہ کی وسیع کائنات میں سائنس کے کرشموں سے استفادہ کریں اور انہیں محفوظ رکھیں' قدرت اس انداز میں گویا آپ کو آخری گھڑی کے لئے تیار کر رہی تھی کہ آپ یہ جان لیں کہ آخر کار آپ کو کیسے مرنا ہے۔ میرے میسن برادر! اسی طرح اس تیسرے درجے کے بھی مخصوص تقاضے ہیں جو آپ کو عملی زندگی کا چیلنج دیتے ہوئے اپنے اندر یہ سبق بھی رکھتے ہیں کہ جھوٹی انانیت اور بے عزتی کے مقابلے میں موت کسی طرح بھی خوفناک نہیں ہے۔ اس کی یاد ہمیں ہمارے آقا حرام ابف کی وفادارانہ راز داری کی مثال سے ملتی ہے' جس کے سبب' سلیمان بادشاہ کے معبد کی تکمیل سے تھوڑا عرصہ پہلے' اسے بے دردی سے قتل کر دیا گیا تھا۔ اس کی موت کے واقعہ کی تفصیل یوں ہے: (اس موقعہ پر دونوں وارڈن سینئر اور جونیئر' امیدوار کے بائیں اور دائیں کھڑے ہو جاتے ہیں):

"یہ دیکھتے ہوئے کہ کام ختم ہوا چاہتا ہے اور وہ تیسرے درجے کے رازوں کو حاصل نہیں کر پائے' سازش کے ذریعے پندرہ فیلو

کرافٹ جیسوں کو اس کام پر مامور کیا گیا کہ وہ ہر طریقے سے ان رازوں کو پانے کی کوشش کریں۔ پندرہ میں سے بارہ فیلو کرافٹ تو اس سازش سے تائب ہو گئے مگر تین' اس ناپاک کام کو مکمل کرنے کے لئے اٹل فیصلہ پر قائم رہے' انہوں نے معبد کے شمال' جنوب اور مشرق میں اپنی اپنی جگہ متعین کر لی۔ بارہ بجے' جب ہمارے آقا اپنے معمول کے مطابق عبادت کے لئے آئے' تو خدا کی حاضری سے فارغ ہو کر جنوبی دروازے سے باہر جانے کی نیت سے' دروازے کے قریب پہنچے ہی تھے کہ پہلے باغی نے انہیں روکا' جس کے ہاتھ میں بھاری گرمالا (پلمب رول۔ لمبی چپٹی لکڑی) تھا' انہیں دھمکانے کے انداز میں' تیسرے درجے کے رازوں کا مطالبہ کیا' انکار کی صورت میں قتل کی دھمکی بھی دی' اس پر ہمارے آقا نے' جو حلفِ وفاداری سے پابند تھے' اسے کہا کہ مطلوبہ راز تین افراد کے مشترکہ کنٹرول میں ہیں۔ جب تک تینوں اکٹھے نہ ہوں' ایک کے بتانے سے بات مکمل نہیں ہوتی۔ تاہم اگر وہ جانتا بھی' تو بتانے کے بجائے موت کو ترجیح دیتا۔ اس پر مشتعل ہو کر پہلے سازشی نے پلمب رول سے ان کے سر پر بھرپور حملہ کیا' سر تو بچ گیا مگر دائیں کندھے کو یہ ضرب زخمی کر گئی (جونیئر وارڈن امیدوار کے دائیں کندھے کو پلمب رول سے چھوتا ہے) پھر یہ ضرب اچٹتی ہوئی بائیں گھٹنے کو بھی متاثر کر گئی (امیدوار بھی کرتا ہے)۔ اس حملے سے بچ کر آقا نے شمالی دروازے کا رخ کیا' جہاں اسے دوسرے سازشی سے واسطہ پڑا اور اس کی دھمکی کے جواب میں وہی جواب پورے صبر و استقلال سے دیا گیا۔ جس نے جواب سے مشتعل ہو کر لیول سے

شدید ضرب لگائی (سینئر وارڈن امیدوار کے بائیں کندھے کو لیول سے چھوتا ہے) جس نے آقا کا بایاں کندھا بھی زخمی کر دیا۔ جس کے سبب آقا دائیں گھٹنے کے بل زمین پر جھک گیا' (امیدوار بھی دایاں گھٹنا ٹیکتا ہے)۔ فرار کی یہ دونوں راہیں بند پا کر ہمارے آقا نے مشرق کا رخ کیا جہاں تیسرے سازشی سے واسطہ پڑا' جس کے ہاتھ میں لکڑی کا ہتھوڑا تھا' زخمی حالت میں بھی آقا نے پوری ہمت و جرأت کے ساتھ پہلا جواب ہی دہرایا جس پر اس سازشی نے' آقا کے سر پر ہتھوڑا دے مارا' یہ ضرب اس قدر شدید تھی کہ آقا وہیں ڈھیر ہو گئے۔(ورشپ فل ماسٹر' ہتھوڑے سے' امیدوار کا سر چھوتے ہیں اور امیدوار زمین پر گر کر 'مرا ہوا' بن جاتا ہے)"۔

ورشپ فل ماسٹر: برادران متوجہ ہوں' اس تقریب کے دوران موجودہ حالت میں ہمارے برادر (امیدوار) نے عسری تحریک کے ایک درخشندہ کردار کی یاد تازہ کر دی ہے' یہ امتیازی کردار ہمارے آقا حرام ابف کا ہے جس نے ناقابل فراموش وفاداری کا مظاہرہ کرتے ہوئے' اپنی جان کی بازی لگا کر' بعد میں آنے والوں کے لئے مثال قائم کر دی اور مجھے یقین ہے کہ اگر ایسا کوئی لمحہ آپ کی زندگیوں میں آجائے تو آپ سب ایسے ہی کردار کا مظاہرہ کریں گے۔

ورشپ فل ماسٹر: برادر سینئر وارڈن! آپ ہمارے برادر کو اینٹرڈ اپرنٹس (پہلے درجے) کی پکڑ سے (مصافحے کے انداز سے) اٹھایئے۔ (سینئر وارڈن کوشش کرتا ہے مگر امیدوار بدستور زمین پر پڑا رہتا ہے)

جونیئر وارڈن: (تیسری ڈگری کے پینل نشان کے ساتھ) ورشپ فل ماسٹر یہ

لاحاصل ثابت ہوئی۔

ورشپ فل ماسٹر: برادر سینئر وارڈن! کیا آپ فیلو کراٹ فری میسن کے طریقے پر انہیں اٹھانے کی کوشش کریں گے؟ (سینئر وارڈن کی کوشش کے باوجود امیدوار زمین پر لیٹا رہتا ہے)

جونیئر وارڈن: (تیسری ڈگری کے پینل نشان کے ساتھ) ورشپ فل ماسٹر یہ کوشش بھی لاحاصل ثابت ہوئی۔

ورشپ فل ماسٹر: وارڈن برادران! پہلی دونوں کوششوں میں ناکامی کے بعد اب میں آپ دونوں کے تعاون سے تیسری ڈگری کا طریقہ آزماتے' نئے برادر کو فیلو شپ کے پانچ نقاط پر اٹھاتا ہوں۔ (امیدوار کی دائیں کلائی کو اپنے دائیں ہاتھ سے پکڑ کر اوپر کھینچتا ہے' دونوں وارڈن تعاون کرتے ہیں۔ امیدوار اٹھ کر کھڑا ہو جاتا ہے)

ورشپ فل ماسٹر: (امیدوار سے) اسی طریقے سے نمائشی موت والے ماسٹر میسن برادران کو اٹھایا جاتا ہے تاکہ اس برادری کے دوسرے لوگوں سے گھل مل جائے۔

ورشپ فل ماسٹر: وارڈن برادران اپنی اپنی نشستیں سنبھالیں۔ (ورشپ فل ماسٹر امیدوار کو جنوب کی سمت منہ کر کے کھڑا کرنے کے بعد اس کے بالمقابل کھڑا ہوتا ہے۔ بموجب 16)

ورشپ فل ماسٹر: (امیدوار سے) اب مجھے آپ کو یہ بتانا ہے کہ ماسٹر میسن کی روشنی' صرف تاریکی میں ٹمٹماتی موم بتی ہے جو اس بات کی علامت ہے کہ روشنی وہی ہے جو اوپر سے ملتی ہے تاہم اس مدہم روشنی میں آپ اس قدر تو دیکھ ہی سکتے ہیں کہ آپ قبر کے نزدیک کھڑے ہیں (تابوت رکھا ہوتا ہے) جس میں نمائشی موت کے دوران ابھی آپ تھے' مگر جو فی الواقع زندگی کی مہلت

ختم ہوتے ہی آپ کو اپنی ٹھنڈی آغوش میں سمیٹ لے گی۔ اس موقع پر کیوں نہ آپ کو متوجہ کیا جائے کہ قبر کے اس پس منظر میں' آپ اپنے آپ کو پہچانیں۔

آپ کے سپرد جو کام بھی کیا جائے اس کو پوری توجہ سے مقررہ اوقات میں کرنے کی فکر کریں' قدرت کی پکار کو سننے کے لئے کان کھلے رکھیں اور یہ بات بھی ذہن سے محو نہ ہو کہ خطرات ہمیشہ آپ کے پاؤں کے نیچے موجود ہیں مگر اس کے باوجود ہماری نظریں بلندی پر امن و نجات کا پیغام پڑھتی ہیں جو انسانیت کے لئے وفادار رہنے والوں کا مقدر ہوتا ہے۔ (ورشپ فل ماسٹر امیدوار کو دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر ذرا سا دائیں جانب کرتا ہے' حتیٰ کہ دونوں ایک دوسرے کی جگہ پر کھڑے ہو جاتے ہیں) آپ نے جس صبر و سکون کے ساتھ یہ کاروائی مکمل کی ہے' میں اس کے معاوضے کے طور پر اس ڈگری کے راز آپ کو دوں گا۔

آپ میری جانب سے پہلے اینٹرڈ اپرنٹس اور پھر فیلو کرافٹ کے طور پر قدم بڑھائیں گے (امیدوار ایسا کرتا ہے) اب آپ اپنا بایاں پاؤں ذرا بڑھایئے اور دائیں پاؤں کی ایڑھی کو بائیں پاؤں کی ایڑھی کے ساتھ نیچی جگہ پر اس طرح فٹ کر دیں کہ زاویہ قائمہ بن جائے۔ فری میسن میں یہ تیسرا درست قدم ہے اور اس ڈگری کے تمام راز اس حالت میں منتقل کئے جاتے ہیں' جو علامت' نشان اور لفظ ہیں۔ علامت میں پہلے دو قدم تو عمومی ہیں مگر تیسرا پینل ہے۔ پہلا قدم خوف کی علامت ہے' جو فیلو کرافٹ کو اس طرح دیا جاتا ہے کہ بایاں ہاتھ گراتے اور دائیں ہاتھوں کو ماتھے پر زمین کے متوازی رکھئے' جیسے آنکھوں کو دھوپ

سے چلایا جاتا ہے پھر اس کے ساتھ ہی سر کو دائیں کندھے کی
طرف پھیرتے ہیں' تاکہ آپ کی مکمل شناخت ہو سکے۔ دوسرا
ہنگامی نشان غم اور ہمدردی کا مظہر ہے اور اس کو ظاہر کرنے کے
لئے' سر کو معمولی سا سامنے کی جانب جھکاتے ہوئے ماتھے پر
دایاں ہاتھ مارا جاتا ہے۔ پینل علامت یہ ہے کہ آپ دائیں بازو
کو جسم کے ساتھ' زمین سے غیر متوازی رکھیں۔
(نمبر 10) اور انگوٹھا ناف کی گہرائی سے لگے۔ یہ
دراصل اس سزا کو یاد دلانا ہے جو فری میسن لاج
سے غداری کی صورت میں مل سکتی ہے (پیٹ
پھاڑ کر' انتڑیاں نکال کر جلائی جائیں اور خاک ہر
سمت بکھیر دی جائے)
مصافحہ کا نشان
فیلوشپ کے پانچ نقاط
کا مظہر ہے'
(بموجب نمبر 11)
دونوں کے پنجے ہتھیلی پر اس طرح کہ دونوں کی انگلیوں کی
پوریں' (سرے) فریق ثانی کی کلائی پر اور انگوٹھا دوسرے

انگوٹھے پر۔ فیلوشپ کے پانچ نقاط یوں ہیں
کہ' ہاتھ ہاتھ پر' پاؤں پاؤں کے ساتھ ملا
ہوا' گھٹنا گھٹنے سے ملا ہوا' کلائی کلائی سے ملی
ہوئی' دونوں دائیں پاؤں اندر کی جانب'
دونوں کے سینے کا دایاں حصہ باہم ملا ہوا
جبکہ دونوں کے بائیں ہاتھ ایک دوسرے

کی پشت پر (بموجب نمبر 12) مختصراً ان کی تشریح یوں کی جائے گی:

ہاتھ سے' ہاتھ ملا ہوا: میں بطور برادر آپ کا خیر مقدم کرتا ہوں۔

پاؤں سے' پاؤں ملا ہوا: میں ہر کام میں آپ کی مدد کروں گا۔

گھٹنے سے گھٹنا ملا ہوا: میری دن کی دعاؤں میں' آپ اور آپ کی ضروریات مجھے یاد رہیں گی۔

سینے سے ملا ہوا سینہ: آپ مجھے ہمیشہ اپنے رازوں کی حفاظت کرنے والا پائیں گے۔

پشت پر دونوں کے ہاتھ: میں آپ کی غیر موجودگی میں بھی آپ کی عزت اور حقوق کا تحفظ کروں گا۔

مذکورہ حالت میں معانقہ (گلے ملنے کے وقت ۔ بموجب 12) کے دوران پاس ورڈ (مخصوص لفظ) دوسرے تک سرگوشی کے انداز میں کہا جاتا ہے۔ یہ لفظ ہے "مہاون یا میکبینک" مہاون دراصل قدیم لفظ میکبینک ہی کی جدید شکل ہے۔

ورشپ فل ماسٹر: اب آپ لاج سے باہر تشریف لے جا کر اپنا لباس تبدیل کریں' آرام کرنے کے بعد دوبارہ آئیں' پھر آپ کو علامت' نشان اور پاس ورڈ کی حقیقت سے روشناس کرایا جائے گا۔ (امیدوار باہر تیاری کے کمرے میں جاتا ہے مگر اس سے پہلے سینئر ڈیکن کی ہدایت پر ورشپ فل ماسٹر کو تینوں ڈگریوں کے مجوزہ سلام کرتا ہے۔ (نقشہ میں نمبر 17 پر)۔ امیدوار کی غیر موجودگی میں روشنی بجھی رہے گی۔ امیدوار کی واپسی پر سینئر ڈیکن اسے دوبارہ تینوں ڈگریوں میں ورشپ فل ماسٹر کو سلام کرنے کی ہدایت

کرے گا۔ (نقشہ میں مقام 18 پر) جس کے بعد سینئر وارڈن امیدوار کا چارج سینئر ڈیکن سے لے گا)

سینئر وارڈن: ورشپ فل ماسٹر، میں برادر فلاں کو جسے ماسٹر میسن کے طور پر تیسری ڈگری میں قبول کیا جا چکا ہے مزید ہدایات اور عنایات کے لئے آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

ورشپ فل ماسٹر: برادر سینئر وارڈن میں آپ کو اختیار دیتا ہوں کہ آپ برادر فلاں کو ماسٹر میسن کا معزز بیج عطا کریں۔

سینئر وارڈن: (امیدوار سے) برادر ...... میں ورشپ فل ماسٹر کے حکم سے آپ کو ماسٹر میسن کا اعزاز پیش کرتا ہوں جو آپ کے سائنس میں ترقی کرنے کا ثبوت ہے۔ (ماسٹر میسن کا ایپرن پہنانے کے بعد امیدوار کو سینئر ڈیکن کے سپرد کرتا ہے)

ورشپ فل ماسٹر: (امیدوار سے) ماسٹر میسن کے جس اعزاز سے آپ کو ایپرن پہنا کر نوازا گیا ہے یہ محض ایک اعزاز نہیں بلکہ ایک عظیم ذمہ داری بھی ہے جس کو آپ نے تھوڑی دیر قبل حلف اٹھا کر قبول کیا ہے یہ لاج میں برتری کی علامت ہے اور آپ کم تر درجے کے (پہلی اور دوسری ڈگری) لاجوں کے کام پر نظر رکھتے ہوئے برادران کو مدد اور ہدایات دینے کے بھی اہل بن گئے ہیں۔

(سینئر ڈیکن امیدوار کو (نقشہ میں مقام نمبر 19 پر) ورشپ فل ماسٹر سے چند فٹ کے فاصلے پر کھڑا کر دیتا ہے)

ورشپ فل ماسٹر: "ہم نے اپنا آقا حرام ابف کے قتل کی جس داستان کو ادھورا چھوڑا تھا آیئے اسے مکمل کریں، تعمیر اور فن تعمیر کے لئے آقا کا اچانک غائب ہو جانا ناقابل تلافی نقصان تھا۔ سلیمان بادشاہ نے بہت سے ماہرین اور نگران حضرات کو اس خلا کے پر کرنے پر

متعین کیا اور ساتھ ہی ساتھ تمام عملے کو مزدوروں سمیت ایک جگہ جمع ہونے کا حکم دیا۔ اس موقعہ پر تینوں قاتل غائب پائے گئے اور پھر اسی دن ضمیر کی خلش سے مجروح سازش سے تائب ہونے والے بارہ کاریگروں نے رضاکارانہ طور پر سلیمان بادشاہ کے سامنے شریکِ سازش ہونے کا اقرار کرتے ہوئے' اپنے تائب ہونے تک کے واقعات بیان کر دیئے اور سازشیوں کی تفصیلات بتا دیں۔ اس صورت حال میں سلیمان بادشاہ کو اپنے سب سے بڑے ڈیزائنر کی جان کے خطرے پر چوکنا کر دیا لہٰذا اس نے کاریگروں میں سے پندرہ قابلِ اعتماد افراد کا چناؤ کیا کہ وہ اس بات کی ٹوہ لگائیں کہ حرام اَبِف زندہ ہے یا سازش کرنے والوں کے ہاتھوں ختم ہو چکا ہے اور اس سے متعلقہ رازوں کا کیا بنا۔

پس یروشلم واپسی کے معینہ دن سے پہلے انہوں نے اپنے آپ کو تین مختلف لاجوں میں بانٹ لیا اور معبد کے تینوں دروازوں سے الگ الگ راستے پر ہو لئے۔ کئی روز تک یہ سب بے کار بھٹکتے رہے' پھر ایک گروہ مقصد حاصل کئے بغیر پلٹ آیا۔ دوسرے گروہ نے بہت زیادہ مشقت اٹھائی اور ایک شام ان میں سے ایک شخص کو زمین میں تازہ دبی ہوئی شاخ ملی' اس نے تجسس سے شاخ کو اوپر کھینچتے ہوئے دوسرے ساتھیوں کو بھی بلا لیا۔ سب سے مٹی ادھر ادھر کی تو کیا دیکھتے ہیں کہ آقا کی لاش دبی ہے اور بری طرح مسخ ہے۔ انہوں نے مناسب طریقے سے دوبارہ آقا کو دفن کرنے کے بعد' قبر کی شناخت کے لئے سر کی سمت' اس جگہ کیکر کے درخت کی شاخ گاڑ دی۔ پھر انہوں نے تیزی سے

یروشلم کا رخ کیا تاکہ سلیمان بادشاہ کو اپنی کارکردگی سے آگاہ کریں۔ بادشاہ نے یہ افسوسناک خبر سننے کے بعد' ان کو واپس جا کر' آقا کو بہترین تعظیم دینے کا حکم دیا اور یہ بھی بتایا کہ تعمیر کے سلسلے میں بیش بہا راز ضائع ہو چکے ہیں۔ تاہم یہ بھی تاکید کی کہ وہ موقع پر' مزید علامات اور نشانات کی تلاش پر توجہ دیں۔ واپس جاکر انہوں نے پوری وفاداری سے قبر کو دوبارہ کھولا' جبکہ ایک شخص نے جو چاروں طرف نظر رکھے ہوئے تھا' (ورشپ فل ماسٹر مخصوص قدم بنا کر اٹھاتا ہے) دیکھا کہ اس کے کچھ ساتھی اس حال میں ہیں' (ڈر اور رنج کا نشان' جو فیلو کرافٹ بائیں ہاتھ کو گرائے اور دائیں کو کندھے سے اوپر جسم کے متوازی کھڑا کرنے سے ظاہر کرتے ہیں جس کے ساتھ سر کو دائیں کندھے کی طرف پھیرا جاتا' جیسے سامنے کچھ دیکھنا مقصود نہ ہو) کہ ڈرے سہمے اور چند لاش پر جھکے ماتھے کے بڑے زخم کو دیکھ رہے ہیں (اس موقع پر ہمدردی کا نشان بنا کر دکھایا جاتا ہے جو پہلے بیان ہو چکا ہے) بعد ازاں دو برادران نے آقا کو قبر سے اینٹرڈ اپرنٹس کے مصافحے کے انداز میں اٹھانا چاہا' جو ناکام رہا' پھر انہوں نے فیلو کرافٹ کے مصافحے کا انداز آزمایا جو پہلے کی طرح ناکام رہا' پہلے اور دوسرے طریقے کی ناکامی کے بعد ایک زیادہ سمجھدار برادر نے آقا کی کلائی کو مضبوطی سے پکڑا اور دوسرے برادران کے تعاون سے اسے فیلو کرافٹ کے پانچ نقاط پر اٹھالیا۔ اس وقت سبھی نے 'میکبیناک' یا 'مہابون' کا نعرہ بلند کیا' ان میں سے پہلے لفظ کا مطلب 'معمار کی موت' ہے جبکہ دوسرے کے معنی مضروب برادر کے ہیں۔ سلیمان بادشاہ نے یہ حکم دیا کہ

پوری دنیا میں آئندہ کے لئے یہ دونوں الفاظ' ماسٹر میسن بننے کے لئے مخصوص کر لئے جائیں۔

اب صرف تیسرے گروہ کی بات باقی رہ جاتی ہے جنہوں نے اپنی تحقیق کا رخ 'جوپا' کی طرف رکھا تھا اور جو یروشلم کی سمت بڑھ رہے تھے کہ ایک قافلے میں انہوں نے ایسی آواز سنی جیسے کوئی مجرم' اپنے جرم کے بوجھ تلے دبا' شرمساری سے معذرت کر رہا ہو' وہ غار کی طرف بڑھے تو کیا دیکھتے ہیں کہ غار کے دروازے پر پتھر گرنے کے سبب' اندر گھرے ہوئے تین آدمی اپنے گناہوں کا اعتراف کر کے اپنی نجات کی دعا میں مصروف ہیں۔ انہوں نے ان تینوں کو پکڑ کر یروشلم میں سلیمان بادشاہ کے روبرو لا کھڑا کیا جس نے تینوں کو موت کی سزا کا حکم سنایا جو ان کے گھناؤنے جرم کا بدلہ تھا" (امیدوار کو اس لمحے ورشپ فل ماسٹر کے میز کے سامنے لے جانے کے لئے سینئر وارڈن بڑھتا ہے۔ ورشپ فل ماسٹر تیسرے درجے کا ٹریسنگ بورڈ تھام لیتا ہے اور امیدوار کے سامنے اس کی یوں وضاحت کرتا ہے)

ورشپ فل ماسٹر: (ٹریسنگ بورڈ ہاتھ میں لئے) اسرائیل ضابطہ کے مطابق ہمارے آقا کو مخصوص مقبرے کے اندر نہیں لٹایا گیا جو مشرق و مغرب اور شمال و جنوب سے تین تین فٹ کے یکساں فاصلے پر اور پانچ فٹ عموداً تھا بلکہ اس کے زیادہ سے زیادہ قریب جہاں تک ممکن تھا' رکھا گیا کیونکہ اسرائیلی اعتقادات میں گوشت کو ناپاک سمجھا جاتا ہے اور اس مقبرے کو ہر طرح پاکیزہ رکھنے کا اہتمام کیا جاتا ہے حتیٰ کہ پروہت (پیشوا) بھی سال میں صرف ایک بار اندر داخل ہوتا ہے۔ (یہ اس لئے کہ گناہوں کا حساب دینے کے

بڑے دن تک اسے بار بار دھونے سے صاف رکھنا عقیدے کا
حصہ ہے)۔ آقا کی تدفین کے دوسرے مرحلے میں صرف پندرہ
انتہائی وفادار فیلو کرافٹ میسن، سفید ایپرن اور دستانے پہن کر،
اپنی معصومیت کا ثبوت پیش کرتے، شامل ہوئے تھے۔

PLAN 7.—TRACING BOARD, THIRD DEGREE.

یہ بات پہلے ہی بتائی جا چکی ہے کہ ہمارے آقا کو فنِ تعمیر میں استعمال ہونے والے کن اوزاروں سے ہلاک کیا گیا تھا۔ تاہم یہ 'لیول' 'پلمب رول یا گرمالا' اور بھاری ہتھوڑا تھے۔ ماسٹر میسن لاج کی سجاوٹ کے لئے پورچ' کھلی کھڑکی اور مربعہ ٹائیلوں کا فرش پسند کئے گئے ہیں جو اس بات کی علامت ہیں کہ پورچ مقبرے میں داخلے کا راستہ ہے' 'ڈورمر' یا کھلی کھڑکی مقبرے میں روشنی کے لئے اور فرش' مقدس پیشوا کے قدموں تلے بطور احترام و اعزاز۔ بڑے پروہت کے دفتر میں' خدائے بزرگ و برتر کا نام بلند کرنے' ہر سال یہاں اسرائیلی قوم کے لئے خیر و برکت اور بے پناہ فہم و فراست مانگنے اور ان دعاؤں کی قبولیت کی خاطر دھونی رمائی جاتی ہے۔ تابوت' ہڈیاں اور کھوپڑی آقا کی بے وقت موت کو ظاہر کرتی ہیں جو دنیا کی تخلیق کے تین ہزار سال بعد قتل کیا گیا تھا۔ (ورشپ فل ماسٹر ٹریسنگ بورڈ کو رکھ دیتا ہے)

ورشپ فل ماسٹر: دورانِ تقریب آپ کو اس ڈگری کے تین علامتی نشانات سے آگاہ کیا جا چکا ہے' یہ کل پانچ ہیں جو فیلو شپ کے پانچ نقاط سے تطبیق رکھتے ہیں۔ یہ خوف' ہمدردی' پینل علامت' رنج و غم اور موت' اور مسرت و انبساط ہیں ان کو سب سے اعلیٰ اور برتر علامت کہا جاتا ہے۔ (ورشپ فل ماسٹر قدم اٹھاتا ہے' سینئر ڈیکن امیدوار کو بھی ایسا کرنے کی ہدایت کرتا ہے) یہ خوشی کی علامت ہے (دونوں ہاتھوں کو سر سے اوپر بلند کرتا ہے۔ بموجب نمبر 13 ۔ سامنے کی تصویر) جس کا اظہار معبد کی تکمیل پر کیا گیا تھا' جب سلیمان

بادشاہ اپنے تمام اہل خانہ کے ساتھ معبد میں تشریف لائے تھے۔ اس موقعہ پر وہ اس قدر متاثر ہوئے کہ بے ساختہ خوشی کی اس علامت کے ساتھ وہ پکار اٹھے "اے عجیب معمارو!"

(یورپ کے خطہ میں رنج و غم کا اظہار ہاتھ کے مخصوص اشارے سے دیا جاتا ہے مثلاً دونوں ہاتھ جوڑتے ہوئے ان کی پشت ماتھے کی جانب رکھتے اور یہ کہتے ہوئے کہ "بیوہ کے بچو میری مدد کے لئے آؤ" یہ سمجھتے ہوئے کہ تمام میسن حرام ابیف کے بھائی ہیں جو بیوہ کا بیٹا تھا۔ اسی طرح امریکہ اور آئرلینڈ میں اس سے مختلف انداز میں اس بات کا اظہار کیا جاتا ہے)

(ورشپ فل ماسٹر اپنی کرسی پر بیٹھتا ہے)

ورشپ فل ماسٹر: اب میں آپ کی خدمت میں ماسٹر میسن کے اوزار پیش کرتا ہوں۔ جن میں پرکار، پنسل اور متوازی لائن لگانے کا فریم ہے۔ متوازی لائن لگانے کا یہ فریم ایک مرکز پر گھومتا ہے اور تعمیر کے لئے بنیادی لائن لگانے کی خاطر استعمال ہوتا ہے، پنسل سے فنکار، ماہر تعمیر لکیریں لگاتا ہے جس کی بنیاد پر دوسرے کاریگر عمارت کی بنیادیں ٹھیک رکھتے ہیں جبکہ پرکار تعمیر کے سارے خدوخال کو مناسب رکھنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ مگر چونکہ ہم سب عملاً معمار نہیں ہیں بلکہ صرف مسلمہ طور پر آزاد میسن برادران ہیں، ہم ان اوزاروں کو اپنے مخصوص معنوں میں لیتے ہیں مثلاً متوازی لائیں لگانے کا فریم اس بات کی یاد دہانی ہے کہ کتاب مقدس کے قوانین کی روشنی میں ہم نے اپنی راہ عمل کو ہمیشہ سیدھا رکھنا ہے کہ ہمارا طرز عمل کتاب مقدس کے ضوابط سے ہمیشہ متوازی رہے، ہم اپنے حلف سے کبھی غافل نہ ہوں،

پنسل اس بات کا درس ہے کہ ہم نے اپنی زندگی کے اعمال کے لئے اس کائنات کے عظیم صانع کے روبرو ہو کر حساب دینا ہے لور پرکار اس خالق کے بے خطا لور بلا تعصب' غیر جانبدار انصاف کو یاد دلاتی ہے' جس نے ہماری راہنمائی کے لئے اچھے لور برے کی تمیز کو صاف لور واضح طور پر ہمارے سامنے رکھ دیا ہے لور اسی کے ساتھ دونوں طرح کے طرزِ عمل کی جزا و سزا کو بھی تاکہ اگر ہم پسندیدہ کام کریں تو انعامات کے مستحق ہوں لور اگر خطاکار بن کر اس کے سامنے گئے تو سزا ہماری منتظر ہو گی۔

ماسٹر میسن کے لوزار' اس انداز میں' ہمیں خدائی احکامات بجا لانے کی ترغیب کا ایک مستقل ذریعہ ہیں' یہ ایک مسلسل یاد دہانی ہے کہ اس لاج کے لوپر ایک گرینڈ لاج کا کنٹرول ہے لور پھر ہم سب پر دنیا کے خالق کا کنٹرول بھی ہے جو سدا رہنے والا ہے۔

فری میسن کے شکار

☆ اگر کہیں کوئی منصوبہ سازی ہو رہی ہے تو اس منصوبہ میں اہم کردار ادا کرنے والا کوئی ہمارا مخصوص اور قابل اعتماد بندہ ہونا چاہیے۔ فطری بات ہے کہ فری میسن کے علاوہ اور کون حق رکھتا ہے کہ وہ اہم معاملات کو اپنے ہاتھ میں رکھے کیونکہ صرف ہم جانتے ہیں کہ معاملات کو کیا شکل دینی ہے اور کس انجام تک لے جانا ہے' جسکا غیر یہود کو قطعاً شعور نہیں ہے۔ ☆ (وثائق یہودیت (Protocols 5:15)

☆ فری میسن لاجوں میں داخل ہونیوالے غیر یہود بڑے تجسس کے ساتھ اندر قدم رکھتے ہیں اس آرزو کے ساتھ کہ بعض مفادات ان کا مقدر بنیں گے یا عوام میں وہ بڑے سمجھے جائیں گے۔ ان میں سے بیشتر اپنے اوٹ پٹانگ خیالات کے اظہار کیلئے پلیٹ فارم کی تلاش میں یہاں آنکلتے ہیں یا وہ دنیوی معیار کے سراب کے پیچھے بھاگنے والے ہوتے ہیں اور یہ جنس ہمارے ہاں وافر ملتی ہے۔ ان خواہشات کے حوالے سے ہم انہیں خود فریبی میں مبتلا رکھتے ہیں اور بتدریج وہ ہمارے پیدا کردہ ماحول میں رچ بس جاتے ہیں مگر بدستور اس خوش فہمی میں مبتلا رہتے ہیں کہ انکی سوچیں' ان کی اپنی ہیں جو عملاً ان کی نہیں ہوتیں۔ معمولی سی عدم توجگی کو ناکامی سمجھ کر وہ بہت جلد دل برداشتہ بھی ہو جاتے ہیں اور توجہ حاصل کرنیکی خاطر جسے وہ کامیابی سمجھتے ہیں' ہمارے غیر مشروط غلام بن جاتے ہیں اور ایسے حالات میں ان سے جو قربانی طلب کی جائے' بے چوں وچراں اس کیلئے تیار پائے جاتے ہیں اور اپنے اہم منصوبوں تک کو ترک کرنے پر ہمہ وقت مستعد دیکھے جاتے ہیں جو ہماری خواہشات کی تکمیل کا دوسرا نام ہے کہ ہم ان سے جو کام چاہیں کروالیں۔ ☆ (وثائق یہودیت (Protocols 6:15)

فری میسن کون ہیں؟

روئے زمین کی حکومتوں میں ہم اپنی فری میسن تحریک کی شاخیں پھیلائیں گے اور ان تنظیموں میں عوام کے اندر مقبولیت رکھنے والے یا مقبولیت پا لینے کے اہل افراد کو شامل کریں گے کیونکہ ہماری یہ فری میسن اجتماع گاہیں (لاجز) فی الواقعہ جاسوسی کے اڈے اور معاشرے میں اثر و نفوذ کے حصول کے ذرائع ہوں گے۔ ان تمام فری میسن اجتماع گاہوں کو ہم ایک مرکزی نظم کے تحت کنٹرول کرینگے جسکی صرف ہمیں خبر ہو گی یعنی ہمارے بڑے دانشوروں کو اور ہر دوسرا اس سے بے خبر ہو گا۔ ان فری میسن لاجز میں ہمارے خصوصی نمائندے شامل رہیں گے جو انتظامیہ اور لاج کے درمیان پردہ کا کردار نبھائیں گے اور جو ہر لاج کو راہنما اصول اور ضروری کاروائی کی ہدایات جاری کریں گے۔ ان فری میسن لاجز کو ایک 'ڈوری کے ذریعے' مربوط باندھ دیا جائے گا اس حلقہ میں معاشرہ کے انقلابی اور حریت پسند عناصر کھچے چلے آئیں گے۔ انتہائی خفیہ سیاسی منصوبے اسی روز ہمارے ہاتھوں میں ہونگے جس روز وہ اذہان اور قلم و قرطاس میں جگہ پائیں گے۔ ہمارے ان فری میسن لاجز میں کم و بیش سبھی قومی اور بین الاقوامی موثر پولیس افسران شامل ہوں گے کہ یہ ہمارے بہترین معاون و مددگار بن کر ہمارے راستے کے کانٹے چنتے ہیں۔☆ (وثائق یہودیت (Protocols) 4:15)

☆ فری میسن سرگرمیوں کو ہمارے بغیر کوئی نہیں جان سکتا' یہاں تک کہ وہ بھی جنہیں ہم موت کی وادی تک راہنمائی دیتے ہیں یعنی جنکی زندگیوں کا ہم خاتمہ کرتے ہیں۔ آخر وقت تک وہ یہی سمجھتے ہیں کہ انکی موت طبعی ہے۔ یعنی موت کا سبب بیماری ہے۔ اس حقیقت سے آگاہ ہونے والے فری میسن ممبران بھی احتجاج کی ہمت نہیں رکھتے۔ اس طریقہ کار اور ننگی جارحیت کے سبب ہم نے اپنی صفوں میں شامل ممبران کے متوقع احتجاج کی کمر توڑ دی ہے۔☆ (وثائق یہودیت (Protocols) 9:15)